www.dailybolan.com
MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203 | Mobile: 0336-6113760
صفحات 8 | قیمت 20 روپے
جلد 37 | جمعہ 16 اکتوبر 2026، بمطابق 3 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ 307

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس، کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی توثیق، اپوزیشن کا احتجاج

غیر مشروط مذاکرات کیلئے تیار ہیں، جن حالات میں ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری اندرونی خامیوں کا نتیجہ ہے، محمود اچکزئی

لانگ مارچ سے کون ڈرتا ہے کتنے آئے اور گئے، دوسرے ملک سے ڈکٹیشن آ رہی تھی، ایک صوبے کی اپنی خارجہ پالیسی نہیں ہوسکتی، سینیٹر شیری رحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور کرلی۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، حکومتی واپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق کاغذات مشترکہ اجلاس کے سامنے پیش کیے گئے، صدر مملکت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق کاغذات آرٹیکل 232 (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا واحد اسمبلی تھی جو آئینی تھی مگر ان کو بھاتی نہیں تھی، محمود اچکزئی

12 اکتوبر کو دو تہائی اکثریت رکھنے والی جماعت کو گھر بھیجا گیا

11 اکتوبر بھی ان ہی لوگوں نے کیا جو 12 اکتوبر کو رو رہے تھے، علامہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف محمود اچکزئی نے کہا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس (آج) سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہو (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

رواں مالی سال تقریباً 4 فیصد معاشی ترقی حاصل کرنے کی پوزیشن میں ہیں، وزیر خزانہ

پاکستان کی آئی ٹی خدمات کی برآمدات 5.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے

بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری اور ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ پر کام جاری ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ رواں (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پشاور اسکول کی چھت گر گئی، 34 بچوں سمیت 35 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار، رپورٹ طلب کرلی۔ زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، مشیر اطلاعات کی انتظامیہ کو ہدایت، انکوائری کمیٹی قائم

اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، چھت پر 110 سے 115 تک بچے موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کرسکی، پولیس تفتیشی افسر، صدر زرداری، وزیراعظم کی متعلقہ حکام کو زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد پہنچانے کی ہدایت

پشاور / اسلام آباد (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کے علاقے دیر کالونی میں 3 منزلہ نجی اسکول کی چھت گرنے سے 34 بچے اور ایک خاتون ٹیچر جاں بحق ہوگئیں، جاں بحق بچوں میں 6 بچیاں بھی شامل ہیں۔ جمعرات کو ریسکیو حکام کے مطابق اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ پشاور کے علاقے دیر کالونی میں پیش آیا ہے، صبح 8 بج کر 48 منٹ پر اسکول کی چھت گرنے کی اطلاع ملی تھی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں 33 اور نصیر اللہ بابر میموریل ہسپتال میں 2 افراد کی لاشیں لائی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

ملکی معیشت کا حجم پہلی دفعہ 400 ارب ڈالر کی حد عبور کر گیا، وزیر خزانہ

معاشی استحکام مشکل فیصلوں کے نتیجے میں حاصل ہوا، اسے مستقل بنانا ہے۔ پاکستان کو دوبارہ عروج و زوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپس کے ذریعے بنیادی ڈھانچے اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں نجی سرمایہ کاری بڑھانا ہوگی، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کا سرمایہ متحرک کرنا ناگزیر ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو دوبارہ عروج و زوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے، نجی شعبے کے سرمایے کو متحرک کرنا معاشی ترقی کے لیے اہم ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور نجکاری کے ذریعے سرمایہ کاری کا فروغ ممکن ہے، پائیدار (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

پینٹاگون نے ایران پر دوبارہ حملے کے منصوبوں پر کام شروع کردیا

صدر ٹرمپ نے محکمہ دفاع کو یہ منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت کی تھی، امریکی حکام

صدر ٹرمپ چند ماہ میں ایران اور حوثیوں کے خلاف بڑے فوجی آپریشنز کی 5 تجاویز بھی مسترد کرچکے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ پینٹاگون نے ایران کے خلاف 3 روزہ فضائی حملوں کا منصوبہ تیار کیا ہے جس میں ایران کے میزائل اور ڈرون ذخائر، توانائی کی تنصیبات اور فوجی کمانڈ مراکز کو نشانہ بنانے کے امکانات شامل ہیں۔ امریکی اخبار کی رپورٹ میں نام (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری، خصوصی اقتصادی زونز میں 76 ارب کی سرمایہ کاری

ستمبر میں پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری دی گئی

خصوصی اقتصادی زونز میں نئی سرمایہ کاری اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ سے ملک میں معاشی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملنے کی توقع ہے۔

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری کے نتیجے میں خصوصی اقتصادی زونز میں 76 ارب کی سرمایہ کاری کا راستہ بن گیا۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی مسلسل کوششوں اور سہولت کاری کے نتیجے میں پاکستان کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جبکہ پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں زیرالتوا کاروباری درخواستوں کی منظوری کا عمل بھی تیز ہوگیا ہے۔ ایس آ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)


پشاور، اسکول کی چھت گرنے کے بعد امدادی کارروائیاں کی جارہی ہیں

خواتین کا ہر شعبہ میں مثبت و اہم کردار رہا ہے، سرفراز بگٹی

خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانا اور انہیں ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت بلوچستان کے عزم کا حصہ ہے

حکومت خواتین کی ہنرمندی، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور معاشی خودمختاری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دیہی خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیہی خواتین بلوچستان کی معیشت، زراعت اور معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں اور ان کی محنت صوبے کی سماجی و اقتصادی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانا اور انہیں ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت بلوچستان کے عزم کا حصہ ہے۔ حکومت خواتین کی ہنرمندی، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور معاشی خودمختاری کے لیے عملی اقدامات کر ر (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)


وزیراعظم شہباز شریف چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے مصافحہ کررہے ہیں

توانائی کے نقصانات میں 140 ارب روپے کی کمی ہوئی، اویس لغاری

پاور ڈویژن کا بجلی کے صارفین کو غیر ضروری مشکلات اور اضافی مالی بوجھ سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے ڈیٹیکشن بلنگ کے نظام میں بنیادی اصلاحات کا فیصلہ

ڈیٹیکشن بلنگ کے نظام میں اصلاحات کے ذریعے صارفین کے حقوق کا تحفظ، بلنگ کے عمل میں شفافیت اور بجلی کے نظام میں عوام کا اعتماد مزید مستحکم کیا جائیگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاور ڈویژن نے بجلی کے صارفین کو غیر ضروری مشکلات اور اضافی مالی بوجھ سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے ڈیٹیکشن بلنگ کے نظام میں بنیادی اصلاحات کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق یہ اقدام وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا میں آئین کے مطابق گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی، اسحاق ڈار

جو لوگ کہہ رہے غیر آئینی کام ہوا عرض ہے کہ یہ بالکل آئین کے مطابق اقدام اٹھایا گیا

دہشتگردی کے خلاف پاکستان نے بڑی بھاری قیمت ادا کی، ابھی تک ادا کر رہے ہیں

کابینہ میں کہا ہمیں یہ کرنا پڑے گا، ابھی نہیں تو کبھی نہیں، ساری زندگی آئین پر عمل کیا

ہمیں جمہوریت کا بھاشن نہ دیں، بشریٰ بی بی کی عمران خان سے باقاعدگی سے ملاقات کروائی جا رہی ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے مطابق گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی، جو لوگ کہہ رہے غیر آئینی کام ہوا عرض ہے کہ یہ بالکل آئین کے مطابق اقدام اٹھایا گیا، دہشتگردی کے خلاف پاکستان نے بڑی بھاری قیمت ادا کی، ابھی (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

نوجوانوں کی مثبت رہنمائی کیلئے پرعزم ہیں، گورنر بلوچستان

قائد میاں محمد نواز شریف کے وژن اور مشن کے مطابق آگے بڑھ رہے ہیں

صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں

کوئٹہ (بولان بیورو) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے کے نوجوانوں کو آگے بڑھنے، تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ قومی دھارے میں شامل ہوکر ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

ابھی تک تو خیبر پختونخوا میں احتجاج کے کوئی آثار نظر نہیں آئے، خواجہ آصف

جنہوں نے کے پی میں لوٹ مار مچائی ہوئی تھی وہ غائب ہوگئے، وزیر دفاع کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ابھی تک تو خیبر پختونخوا میں احتجاج کے کوئی آثار نظر نہیں آئے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ جنہوں نے کے پی میں لوٹ مار مچائی ہوئی تھی وہ غائب ہوگئے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ فی الحال 6 مہینے کیلئے گورنر راج لگایا گیا ہے، اس کے بعد ریویو ہوسکتا ہے دو، تین یا چھ مہینے کیلئے۔ مذاکرات کے (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم کی پارلیمنٹ میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی نشست پر جا کر ان سے ملاقات کی اور کچھ دیر تک کھڑے ہو کر باتیں کرتے رہے۔ وزیراعظم کے ایوان سے جانے کے بعد وزیر دفاع خواجہ آصف (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

پشاور سکول سانحہ، گورنر فیصل کریم کنڈی کا لواحقین کیلئے 10، 10 لاکھ روپے کا اعلان

گزشتہ حکومت کی غفلت سے سکولوں کا آڈٹ نہیں ہوا، کوتاہی کسی کی بھی ہوئی سزا ملے گی، گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پشاور کے علاقے دیر کالونی کے سکول میں پیش آنے والے سانحہ میں شہید بچوں کے لواحقین کیلئے 10، 10 لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے دو لاکھ روپے دینے کا اعلان کر دیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ہدایت کی کہ خستہ حال عمارت کو گزشتہ دور حکومت میں این او سی کس نے دی جو بھی ملوث پایا جائے اس کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

امریکی وسط مدتی انتخابات سے قبل ایران سے منسلک ایکس اکاؤنٹس ہٹا دیئے گئے

واشنگٹن (این این آئی) سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس نے 3 نومبر کو ہونے والے امریکی وسط مدتی انتخابات سے قبل امریکی سیاست سے متعلق مباحثے کو متاثر کرنے کی کوشش کرنے والے ایران سے منسلک مشتبہ اکا (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی و گورنر راج پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان

یہ صوبے یا پی ٹی آئی کا نہیں وفاق کا معاملہ ہے، وقت ثابت کرے گا یہ غلط فیصلہ تھا، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کردیا۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کو کل پشاور ہائی کورٹ میں (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

پشاور سکول حادثہ انتہائی افسوسناک، پوری قوم غمگین ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

پھول جیسے بچے حکمرانوں کی نااہلی، غفلت کا شکار ہوگئے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن کی مقامی قیادت کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر امدادی سرگرمیاں شروع کریں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم ا (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ کی آئی او ایم کی ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل سے ملاقات

موسمیاتی نقل مکانی، ہنرمندی اور محفوظ ہجرت کے فروغ پر تبادلہ خیال

موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث نقل مکانی، ہنرمندی کے فروغ اور معاشی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد او (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

حوثیوں کے 136 عسکری اہداف تباہ کردیئے، سعودی فوجی اتحاد

یمن کی حکومت کی حمایت کرنے والے فوجی اتحاد نے حوثیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے

سعودی اتحادی فورسز کے مطابق حوثیوں کے بیلسٹک میزائل نیٹ ورک کو ختم کرنے اور تباہ کرنے کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں

ریاض (اے ایف پی) سعودی عرب کی قیادت میں قائم عالمی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ یمن میں حوثی باغیوں کے زیرِ قبضہ علاقوں میں بڑے پیمانے پر فضائی کارروائی کرتے ہو (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

ایمرجنسی پر کے پی عوام کی خاموشی لاکھوں لوگ نکالنے کا بیانیہ بنانے والوں کے منہ پر طمانچہ ہے، شیر افضل

آپ نے ماسوائے نفرت اور جھوٹ پھیلانے اور گالیاں دینے کے کچھ کیا ہی نہیں، رکن قومی اسمبلی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ ایمرجنسی پر کے پی عوام کی خاموشی لاکھوں لوگ نکالنے کا بیانیہ بنانے والوں کے منہ پر طمانچہ ہے۔ پار (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

الیکشن کا انچارج رات ڈھائی بجے تحفہ لے کر میرے گھر آیا، محمود خان اچکزئی کا انکشاف

محسن نقوی کو بھی کسی شریف آدمی نے کہا ہوگا کہ میں 47 پر جیتا ہوں، قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے عام انتخابات میں امیدواروں سے پیسے لیے جانے کا الزام عائد کرتے ہوئے انکشاف کیا (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

بجلی اور گیس کے سلیب اور کراس سبسڈی ختم کرنے کی تیاری

بجلی کی سبسڈی جنوری، گیس کی جولائی 2027 سے نئے نظام کے تحت ملے گی

مستحق صارفین کا ڈیٹا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے منسلک کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) حکومت نے آئی ایم ایف کی شرائط پر عمل درآمد کے لیے بجلی اور گیس کے موجودہ سلیب اور کراس سبسڈی کا نظام ختم کر کے امداد صرف مستحق اور کم آمدنی والے صارفین تک محدود کرنے کی تیاری شروع کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے شعبے میں سبسڈی کا نیا نظام جنوری 2027ء سے نافذ کیا جائے گا، جبکہ گیس صارفین کے لیے یکم جولائی 2027ء سے نیا طریقہ کار متعارف کرانے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لیے پاور ڈویژن نے عالمی بینک کے تعاون سے مستحق صارفین کی سماجی و اقتصادی رجسٹری تیار کرنے پر کام شروع کر دیا ہے، جسے رواں سال نومبر تک مکمل کرنے کا ہدف (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)


وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سے وفد ملاقات کررہا ہے

پاکستان کی جوہری تنصیبات کا پہلا جائزہ مکمل، ایٹمی اثاثے محفوظ قرار

پاکستان نے ایٹمی اثاثوں اور تنصیبات کے تحفظ کیلئے مضبوط سکیورٹی نظام قائم کر رکھا ہے، اس پر مناسب طریقے سے عمل درآمد ہو رہا ہے،

مشن 7 ارکان پر مشتمل تھی، چین، رومانیہ، روس اور سلوواکیہ کے ماہرین کے علاوہ آئی اے ای اے کے 2 اہلکار بھی شامل تھے، آئی اے ای اے کا اعلامیہ

اسلام آباد، ویانا (اے ایف پی) عالمی ایٹمی توانائی ادارے (آئی اے ای اے) کے ماہرین نے 12 روزہ جائزہ لینے کے بعد قرار دیا ہے کہ پاکستان نے ایٹمی اثاثوں اور تنصیبات کے تحفظ کے لئے مضبوط سکیورٹی نظام قائم کر رکھا ہے اور متعلقہ تنصیبات میں اس پر مناسب طریقے سے عمل درآمد ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی اے ای اے کا کہنا ہے کہ اس کے انٹرنیشنل فزیکل پروٹیکشن ایڈوائزری سروس (آئی پی پی اے ایس) مشن نے پہلی بار پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کی سکیورٹی سے متعلق قانونی اور ضابطہ جاتی نظام کا جائزہ لیا۔ ماہرین نے نظام کو مزید موثر بنانے کیلئے سفارشات پیش کیں اور ضابطہ جا (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

گلگت بلتستان کے شہری علاقوں میں بلدیاتی انتخابات 5 دسمبر کو کرانے کا اعلان

بلدیاتی انتخابات چار مراحل میں منعقد کیے جائیں گے، انعقاد کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئیں، چیف الیکشن کمشنر

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے شہری علاقوں میں بلدیاتی انتخابات 5 دسمبر کو ہوں گے، لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ضروری ترامیم کے بعد انتخابی شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان راجہ شہباز خان کے مطابق بلدیاتی انتخابات چار مراحل میں منعقد کیے جائیں گے جبکہ انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

چین و شمالی کوریا کے درمیان 12 سال بعد اہم پل کھول دیا گیا

بیجنگ (این این آئی) چین اور شمالی کوریا کے درمیان تجارت بڑھانے کے لیے 3 کلومیٹر طویل اہم پل کھول دیا گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ پل چین کے شہر ڈانڈونگ کو (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

پاکستان اور ملائیشیا کی افواج کی دو ہفتوں پر مشتمل مشترکہ فوجی مشق اختتام پذیر ہوگئی

مشق نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ فوجی تعاون، انسداد دہشتگردی کے شعبے میں باہمی اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کی توثیق کی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور ملائیشیا کی افواج کے درمیان انسداد دہشت گردی کی مشترکہ فوجی مشق ہرمامار خور-IV - کا چوتھا ایڈیشن نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر (این سی ٹی سی)، پبی میں اختتام پذیر ہوگیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 7 اکتوبر 2026 کو شروع ہونے والی دو ہفتوں پر مشتمل اس مشق میں انسداد دہشت گردی کے شعبے میں تجربات کے تبادلے، آ (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

ایف بی آئی سربراہ کاش پٹیل روس سے متعلق پوسٹ پر شدید تنقید کی زد میں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی کے سربراہ کاش پٹیل کی روس سے متعلق سوشل میڈیا پوسٹ پر تنازع کھڑا ہوگیا۔ کاش پٹیل نے مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر روس سے محبت کے ساتھ لکھ کر اس خبر کا (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

سعودی عرب کے ہوائی اڈوں پر حوثی باغیوں کے حملے علاقائی سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہیں، ترجمان اتحادی افواج

7 سے 11 اکتوبر کے درمیان ریاض ایئرپورٹ پر حوثی حملوں میں 17 افراد جاں بحق، 333 زخمی ہوئے، ترکی المالکی کی پریس کانفرنس

ریاض (این این آئی) عرب اتحادی افواج کے ترجمان ترکی المالکی نے بتایا ہے کہ 7 سے 11 اکتوبر کے درمیان ریاض ایئرپورٹ پر حوثی حملوں میں 17 افراد جاں بحق اور 333 زخمی ہوئے۔ پریس کانفرنس میں انہوں نے خبردار کیا کہ سعودی عرب کے ہوائی اڈوں پر حوثی باغیوں کے حملے علاقائی سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ حوثی ملیشیا نے سعودی عرب کے درجنوں ا (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)


گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کررہا ہے

اختلافِ رائے کا حق ختم کرنا معاشرے کیلئے خطرناک ہے، راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ لانگ مارچ آئینی اور جمہوری حق ہے، اختلاف رائے کا حق ختم کرنا معاشرے کے لیے خطرناک ہے۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

ورلڈ اکنامک فورم کی پاکستان میں 16 نئے صوبے یا 25 انتظامی یونٹس بنانے کی تجویز

نئے صوبوں کو مناسب اور یقینی مالی وسائل، ٹیکس وصولی کے اختیارات، مضبوط انتظامی صلاحیت اور واضح ذمہ داریاں دینا ضروری ہوگا، بیان

بائی دارالحکومت بہت سے دور دراز اضلاع سے کافی فاصلے پر ہیں اور ایک ہی صوبائی حکومت کو بہت مختلف آبادی اور انتظامی ضروریات والے علاقوں کو سنبھالنا پڑتا ہے

کراچی (این این آئی) ورلڈ اکنامک فورم کے ایک تجزیے میں پاکستان میں بہتر حکمرانی اور عوامی خدمات کی فراہمی مؤثر بنانے کے لیے 16 نئے صوبے یا 25 انتظامی یونٹس تشکیل دینے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ تجزیے کے مطابق بڑھتی ہوئی آبادی کے تناظر میں انتظامی ڈھانچے (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)


صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے رکن بلوچستان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

حکومت شہریوں کو تحفظ دینے میں ناکام ہو چکی ہے

مولانا واسع

شہید حافظ احسان اللہ کے قتل کی شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کر کے ملوث عناصر کو فوری گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے

معصوم اور دینی علوم سے وابستہ نوجوان کا قتل پورے چمن کے لیے عظیم سانحہ اور علاقے میں امن و امان کی صورتحال پر کاری ضرب ہے

چمن (نمائندہ بولان) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر حضرت مولانا عبدالواسع، صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ اور دیگر صوبائی و جماعتی رہنماؤں نے جامعہ تحفیظ القرآن محمود آباد چمن میں شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا شراف الدین صاحب سے خصوصی ملاقات کی، بعدازاں شہید حافظ احسان اللہ کے گھر پہنچ کر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس نجیب الرحمٰن لونی، حاجی غوث اللہ، حاجی محمد نواز خان کاکڑ، مولانا شمس اللہ، مفتی محمد قاسم، مولانا عبدالمنان، مفتی غلام حیدر، حاجی امان اللہ، مولانا محمد میر، حافظ محمود اللہ، مفتی محمد مسلم عاجز اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ قائدین جمعیت نے قرآن و حدیث کے طالب علم حافظ احسان اللہ کی سفاکانہ شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک باکردار، معصوم اور دینی علوم سے وابستہ نوجوان کا قتل پورے چمن کے لیے عظیم سانحہ اور علاقے میں امن و امان کی صورتحال پر کاری ضرب ہے۔ صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے چمن سمیت بلوچستان بھر میں بڑھتی ہوئی بدامنی، ٹارگٹ کلنگ اور دن دیہاڑے شہریوں و جماعتی کارکنوں کے قتل پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور انتظامیہ امن و امان برقرار رکھنے میں بری طرح ناکام دکھائی دے رہی ہیں۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، لیکن افسوس کہ شہریوں کا خون بہایا جا رہا ہے، خاندان اجڑ رہے ہیں اور ذمہ دار اداروں کی جانب سے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت محض بیانات، رسمی مذمت اور روایتی یقین دہانیوں سے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر سکتی؛ عوام کو تحفظ فراہم کرنا، قاتلوں کو گرفتار کرنا اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لانا ناگزیر ہے۔ اگر حکومت اپنے شہریوں کی جانوں کا تحفظ نہیں کر سکتی تو اس کی گورننس اور امن و امان کے دعوے بے معنی ہو کر رہ جاتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہید حافظ احسان اللہ کے قتل کی شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کر کے ملوث عناصر کو فوری گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے، جبکہ چمن اور صوبے کے دیگر متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی بحالی کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ آغا محمود شاہ نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان اپنے معصوم کارکنوں اور مظلوم عوام کے ساتھ ہونے والے ظلم و ناانصافی پر خاموش نہیں رہے گی اور عوام کے تحفظ، انصاف کی فراہمی اور امن کے قیام کے لیے ہر ممکن آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔ قائدین جمعیت نے شہید حافظ احسان اللہ کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں جمعیت علماء اسلام شہید کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر آخری مراحل میں داخل

چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی نے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کا شکریہ ادا کیا

گنداخہ (نورحسن جمالی) فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر آخری مراحل میں داخل، چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی نے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کا شکریہ ادا کیا۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی کی خصوصی ہدایت پر میر زین اللہ خان جمالی، میر فردین خان جمالی اور میر ذیشان خان جمالی سوشل ورکر نور محمد جمالی نے گنداخہ میں نئی تعمیر ہونے والی فائر بریگیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ اور صحافی نورحسن جمالی بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور کام پر اطمینان کا اظہار کیا۔ فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر تقریباً مکمل ہو چکی ہے جبکہ باقی ماندہ کام جلد مکمل ہونے کی توقع ہے۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید جمالی نے گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں، جن کی خصوصی کاوشوں سے گنداخہ شہر کے عوام کو فائر بریگیڈ جیسی اہم سہولت میسر آ رہی ہے۔ یہ منصوبہ شہر کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے،



بدین۔ سندھ یونیورسٹی لاڑ کیمپس بدین اور اقرا یونیورسٹی حیدرآباد کیمپس کے درمیان تعلیمی و تحقیقی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں

بلوچستان میں قیام امن کیلئے سنجیدہ و عملی اقدامات اٹھائے جائیں

رحمت صالح بلوچ

عام شہری اگر اپنے ہی علاقے میں محفوظ نہیں تو یہ صورتحال حکومتی ذمہ داریوں اور امن و امان کے انتظامات پر سنجیدہ سوالات اٹھاتی ہے

عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کا کوئی احسان نہیں بلکہ اس کی بنیادی آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے انجمن تاجران پنجگور کے سابق چیئرمین اور معروف تاجر حاجی سمیع اللہ بلوچ کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حاجی سمیع اللہ بلوچ کا قتل ایک انتہائی دلخراش سانحہ، پنجگور کے عوام کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان اور معاشرے کے ایک فعال، مخلص اور انسان دوست فرد کا المناک بچھڑنا ہے۔ وہ محض ایک تاجر نہیں بلکہ سینکڑوں افراد کے لیے روزگار کا ذریعہ، غریب خاندانوں کے لیے معاشی سہارا اور ان لوگوں کے لیے مسیحا تھے جن کے گھروں کے چولہے ان کی محنت، کاروباری سرگرمیوں اور کاوشوں کی بدولت جل رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حاجی سمیع اللہ بلوچ جیسے لوگ معاشرے کا اصل سرمایہ ہوتے ہیں، جو اپنی محنت اور کاروباری صلاحیتوں کے ذریعے نہ صرف معیشت کا پہیہ چلاتے ہیں بلکہ سینکڑوں خاندانوں کے بچوں کی تعلیم، گھر کے اخراجات اور زندگی کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کا وسیلہ بھی بنتے ہیں۔ ان کا قتل صرف ان کے خاندان کو سوگوار چھوڑنے کا واقعہ نہیں بلکہ ان تمام محنت کشوں اور خاندانوں کے لیے بھی ایک بڑا صدمہ ہے جن کا روزگار ان سے وابستہ تھا۔ ایسے انسان کی جدائی سے پیدا ہونے والا خلا محض الفاظ سے پُر نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بالخصوص پنجگور میں بدامنی، قتل و غارت گری اور شہریوں کے عدم تحفظ کے بڑھتے ہوئے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں۔ تاجر، محنت کش، کاروباری شخصیات اور عام شہری اگر اپنے ہی علاقے میں محفوظ نہیں تو یہ صورتحال حکومتی ذمہ داریوں اور امن و امان کے انتظامات پر سنجیدہ سوالات اٹھاتی ہے۔ عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کا کوئی احسان نہیں بلکہ اس کی بنیادی آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے ٹھوس اور نتیجہ خیز اقدامات کرنے چاہییں۔ انہوں نے کہا کہ حاجی سمیع اللہ بلوچ جیسے لوگوں کا قتل دراصل ان معاشی سہاروں کو کمزور کرنے کے مترادف ہے جن کے بل بوتے پر غریب اور متوسط طبقے کے سینکڑوں خاندان عزت و وقار کے ساتھ زندگی گزار رہے ہوتے ہیں۔ جو شخص دوسروں کے گھروں کے چولہے جلانے، لوگوں کو روزگار فراہم کرنے اور معاشرے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کا ذریعہ ہو اس کا یوں قتل ہو جانا پورے معاشرے کے لیے ایک بڑا المیہ ہے۔ ایسے سانحات پر محض افسوس کا اظہار کافی نہیں، بلکہ انصاف کی فراہمی اور شہریوں کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حاجی سمیع اللہ بلوچ کے قتل کی فوری، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کی جائیں، واقعے میں ملوث ملزمان کو بلاتاخیر گرفتار کر کے قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے اور شہید کے خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سنگین واقعے کو کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔

سکھر میں شیخ برادری کا بھٹو برادری کے خلاف احتجاج، تحفظ اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ

عابد بھٹو، فواد بھٹو، راشد بھٹی اور ساجد بھٹی کی جانب سے مبینہ طور پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) سکھر کے علاقے نیو پنڈ کے رہائشی شیخ برادری سے تعلق رکھنے والے سجاد شیخ اور ان کے والد شبیر شیخ نے مبینہ زیادتیوں اور دھمکیوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے ڈی آئی جی سکھر، ایس ایس پی سکھر فیصل احمد چوہدری اور دیگر متعلقہ حکام سے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق احتجاج کرنے والے سجاد شیخ اور شبیر شیخ کا کہنا تھا کہ شیخ برادری اور بھٹو برادری کے درمیان رشتے کی لین دین کا معاملہ طے پایا تھا، جس کے تحت شیخ برادری نے اپنی بیٹی کا رشتہ بھٹو برادری میں دیا تھا۔ ان کے مطابق بھٹو برادری کی جانب سے رشتے کے بدلے کی ادائیگی کے لیے تین ماہ کی مہلت طلب کی گئی تھی، تاہم مقررہ مدت گزرنے کے باوجود جب بدلہ کا مطالبہ کیا گیا تو مبینہ طور پر انکار کر دیا گیا مظاہرین کا کہنا تھا کہ فلک بھٹو کی منگنی سجاد شیخ سے ہوئی تھی، تاہم بعدازاں زاہد بھٹو کی جانب سے رشتے کو آگے بڑھانے سے انکار کیے جانے پر فلک اپنے گھر سے نکل کر سجاد شیخ کے ساتھ عدالت پہنچی، جہاں دونوں نے اپنی مرضی سے نکاح کر لیا۔

نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور ایک شخص سے موٹر سائیکل موبائل فون چھین کر فرار ہونے میں کامیاب

صحبت پور (نمائندہ بولان) پولیس تھانہ جیا خان سے نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور ایک شخص سے موٹر سائیکل موبائل فون چھین کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ جیا خان کی حدود ستار ڈپ کے مقام پر سیٹھ اللہ ڈتہ کے بیٹے فیاض حسین نامی شخص کا سی ڈی موٹر سائیکل ماڈل 2024 موبائل فون نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

اوستہ محمد سمیت بلوچستان کے بلدیاتی ادارے فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث مفلوج ہو چکے ہیں،، میئر اوستہ محمد

میر مظفر خان جمالی وزیر اعلیٰ ہاس کے سامنے دھرنا دینے کا اعلان، ملازمین فاقہ کشی پر مجبور، شہر گندگی کے ڈھیروں میں تبدیل ہو رہے ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے میئر میر مظفر خان جمالی نے کہا ہے کہ بلدیاتی ادارے جمہوریت کے ماتھے کا جھومر ہیں، جو عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، تاہم فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث بلوچستان بھر کے بلدیاتی اداروں کا نظام مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنڈز کی مسلسل عدم دستیابی کے باعث بلدیاتی اداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ ملازمین تنخواہوں سے محرومی کے باعث فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ دوسری جانب صفائی ستھرائی کا نظام متاثر ہونے سے شہر گندگی کے ڈھیروں میں تبدیل ہو رہے ہیں اور عوامی مسائل میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار میر مظفر خان جمالی نے بولان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے تمام بلدیاتی اداروں کے میئرز، ڈپٹی میئرز، چیئرمینوں اور وائس چیئرمینوں نے فنڈز کی عدم فراہمی کے خلاف وزیر اعلیٰ ہاس کے سامنے احتجاجی دھرنا دینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ متعلقہ حکام کی توجہ اس سنگین مسئلے کی جانب مبذول کرائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلدیاتی ادارے عوام اور حکومت کے درمیان بنیادی رابطے کا ذریعہ ہیں، لیکن مالی وسائل کی عدم دستیابی نے ان اداروں کی کارکردگی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔

انصاف کی فراہمی کیلئے عدلیہ، وکلا کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور تعاون ناگزیر ہے، چیف جسٹس آزاد کشمیر

مظفر آباد (این این آئی) چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے کہا ہے کہ قانون کی بالادستی، عدلیہ کے وقار کے تحفظ اور عوام کو بروقت انصاف کی فراہمی کیلئے عدلیہ اور وکلا کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور تعاون ناگزیر ہے، وکلا اپنے موکلین کے مقدمات مکمل تیاری، ٹھوس دلائل اور قانونی تقاضوں کے مطابق پیش کریں تاکہ انصاف کی فراہمی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

بھاگ ناڑی کے سینئر صحافی مشتاق احمد کلواڑ پر قاتلانہ حملے کی مذمت کرتے ہیں گنداخہ پریس کلب

48 گھنٹے گزرنے کے باوجود ایف آئی آر درج نہ ہونا اور نامزد ملزمان کی گرفتاری نہ ہونا تشویش ناک ہے۔

گنداخہ (نورحسن جمالی) گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ، جنرل سیکرٹری نورحسن جمالی، سینئر نائب صدر رجب علی جمالی، عبدالجبار مگسی محمد یوسف جمالی اور دیگر عہدیداران نے بھاگ ناڑی کے سینئر صحافی اور دنیا نیوز کے رپورٹر محمد مشتاق احمد کلواڑ پر قاتلانہ حملے اور ان کے بچوں پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 48 گھنٹے گزرنے کے باوجود ایف آئی آر درج نہ ہونا اور نامزد ملزمان کی گرفتاری نہ ہونا تشویش ناک ہے۔ صحافیوں اور ان کے اہلِ خانہ کو نشانہ بنانا ناقابلِ برداشت ہے۔ گنداخہ پریس کلب نے ڈی آئی جی سبی اور ایس ایس پی کچھی سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر ایف آئی آر درج کی جائے، نامزد ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور متاثرہ صحافی وان کے بچوں کو تحفظ فراہم کر کے انصاف یقینی بنایا جائے۔



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

سوراب۔ تحصیل گدر میں اتائی ڈاکٹروں کا بڑھتا ہوا رجحان، مریضوں کی صحت خطرے میں پڑ گئی

استعمال شدہ سرنج یا انجکشن کو دوبارہ استعمال کرنا انسانی صحت کے لیے انتہائی خطرناک ہے

سوراب (نمائندہ بولان) تحصیل گدر میں اتائی ڈاکٹروں کے بڑھتے ہوئے رجحان پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر مستند افراد کے ہاتھوں علاج معالجے کے باعث مریضوں کی صحت کو سنگین خطرات لاحق ہیں۔ شہریوں نے بعض مقامات پر ایک ہی انجکشن متعدد مریضوں کے لیے استعمال کیے جانے کی شکایات بھی کی ہیں جس سے مختلف متعدی بیماریوں کے پھیلاؤ کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق استعمال شدہ سرنج یا انجکشن کو دوبارہ استعمال کرنا انسانی صحت کے لیے انتہائی خطرناک ہے جس کے نتیجے میں ہیپاٹائٹس بی، ہیپاٹائٹس سی اور دیگر خون کے ذریعے منتقل ہونے والے انفیکشنز پھیل سکتے ہیں۔ طبی اصولوں کے مطابق ہر مریض کے لیے نئی جراثیم سے پاک سرنج استعمال کرنا ضروری ہے، جبکہ استعمال شدہ سرنج کا دوبارہ استعمال صحت عامہ کے لیے سنگین خطرہ بن سکتا ہے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سوراب، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل گدر میں قائم نجی کلینکس اور علاج معالجے کے مراکز کا فوری معائنہ کیا جائے، غیر مستند طور پر علاج کرنے والے افراد کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے

بزنس ایڈمنسٹریشن اور تعلیم کے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

سندھ یونیورسٹی لاڑ کیمپس بدین اور اقرا یونیورسٹی حیدرآباد کیمپس کے درمیان تعلیمی و تحقیقی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔

بدین (نامہ نگار) سندھ یونیورسٹی لاڑ کیمپس بدین اور اقرا یونیورسٹی حیدرآباد کیمپس کے درمیان اعلیٰ تعلیم کے معیار میں بہتری، تحقیق کے فروغ اور ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق مفاہمتی یادداشت پر سندھ یونیورسٹی لاڑ کیمپس بدین کے کیمپس کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد طفیل چانڈیو اور اقرا یونیورسٹی حیدرآباد کیمپس کے ایسوسی ایٹ پروفیسر و انچارج ڈاکٹر دویک آنند نے دستخط کیے۔ اس موقع پر اقرا یونیورسٹی حیدرآباد کیمپس کے وفد میں ڈاکٹر عامر اقبال عمرانی، ایسوسی ایٹ پروفیسر و سربراہ شعبہ بزنس ایڈمنسٹریشن، ڈاکٹر دویک آنند اور ڈاکٹر محمد راجہ کامران، اسسٹنٹ پروفیسر بزنس ایڈمنسٹریشن شامل تھے۔ سندھ یونیورسٹی لاڑ کیمپس بدین کی جانب سے ڈاکٹر خلیل الرحمان بھٹی، سربراہ شعبہ بزنس ایڈمنسٹریشن، ڈاکٹر عبدالقادر پٹولی، سربراہ شعبہ اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس، ڈاکٹر کرشن کمار لوہانو، سربراہ شعبہ کمپیوٹر سائنسز، مجوزہ عالمی تحقیقی کانفرنس کے فوکل پرسن ڈاکٹر عظیم اختر بھٹی، مسٹر حاجی احمد سولنگی، ڈاکٹر غلام مرتضیٰ شاہ، ڈاکٹر تحل کمار لوہانو اور دلیپ کمار نے شرکت کی۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت تعلیمی معیار کی بہتری، نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کے لیے مشترکہ تعلیمی مواقع پیدا کرنے، تحقیق، تحقیقی مقالات کی اشاعت اور بالخصوص انفارمیشن ٹیکنالوجی، مینجمنٹ سائنسز، بزنس ایڈمنسٹریشن اور تعلیم کے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ معاہدے میں دونوں جامعات کے اساتذہ کے تبادلے، مشترکہ سیمینارز، تربیتی نشستوں، سمپوزیم اور پائیدار اور جامع ترقی کے لیے ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے موضوع پر قومی و بین الاقوامی کانفرنسوں کے مشترکہ انعقاد کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دونوں اداروں کے تحقیقی، جدت اور کاروباری تعاون کے مراکز کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے اور تحقیقی نتائج کو عملی شکل دینے کے ساتھ ساتھ انہیں تجارتی سطح پر متعارف کرانے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

درگاہ عبداللہ شاہ اصحابی کی مارکیٹ کے قریب 11 ہزار وولٹ کی بجلی کی تاریں بار بار گرنے لگیں

درگاہ پر حاضری کے لیے آنے والے زائرین اور عام شہریوں کی آمدورفت بھی رہتی ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) درگاہ عبداللہ شاہ اصحابی کی مارکیٹ کے قریب 11 ہزار وولٹ کی بجلی کی تاریں بار بار گرنے لگیں، مقامی لوگوں میں تشویش، واپڈا حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ درگاہ حضرت عبداللہ شاہ اصحابی کی مارکیٹ کے قریب 11 ہزار وولٹ کی بجلی کی تاریں بار بار گرنے کے واقعات نے مقامی لوگوں اور زائرین کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق مذکورہ مقام پر بجلی کی تاریں روزانہ گرنے کے واقعات پیش آ رہے ہیں، جس سے کسی بھی وقت بڑے حادثے کا خدشہ ہے۔ اس مقام پر درگاہ پر حاضری کے لیے آنے والے زائرین اور عام شہریوں کی آمدورفت بھی رہتی ہے، جس کے باعث انسانی جانوں کو خطرات لاحق ہیں۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ اس سنگین مسئلے کے بارے میں ایکسین واپڈا ٹھٹھہ اور ایس ڈی او واپڈا کو متعدد مرتبہ شکایات کی جا چکی ہیں، حتیٰ کہ تقریباً دس مرتبہ توجہ دلانے کے باوجود بھی مسئلے کے مستقل حل کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مقامی افراد کے مطابق درگاہ عبداللہ شاہ اصحابی کے فیڈر پر بجلی کی تاریں بار بار گرنے کے واقعات کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں، لیکن بار بار شکایات کے باوجود اس مسئلے کا حل نہ ہونا باعث تشویش ہے۔

دیر سکول حادثے میں ایک ہی خاندان کے پانچ بچے بھی زندگی کی بازی ہار گئے

پشاور (این این آئی) دیر کالونی پشاور میں نجی سکول کی عمارت گرنے کے واقعے میں ایک ہی خاندان کے پانچ افراد بھی زندگی کی بازی ہار گئے، پانچوں بچے آپس میں قریبی رشتے دار تھے۔ دیر کالونی کے رہائشی منگل خان نے بتایا کہ اس حادثے میں اس کا 9 سالہ بچہ عامر خان جبکہ اس کی بھتیجی رومیسا جاں بحق ہو گئی، جاں بحق عامر اور رومیسہ دونوں اسی سکول میں پڑھ رہے تھے۔ بچی کے چچا نے بتایا کہ اس کے دیگر تین رشتہ دار بھی اس حادثے میں جاں بحق ہوئے ہیں۔

ٹریژری آفس ٹھٹھہ میں عوامی مشکلات بڑھ گئیں،

سرکاری ملازمین اور پنشنرز سمیت مختلف کاموں کے سلسلے میں آنے والے سائلین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹریژری آفس ٹھٹھہ میں عوامی مشکلات بڑھ گئیں، سرکاری ملازمین اور پنشنرز پریشان، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ ٹریژری آفس ٹھٹھہ میں مبینہ طور پر عوامی امور کی انجام دہی میں تاخیر اور متعلقہ عملے کی عدم دستیابی کے باعث سرکاری ملازمین اور پنشنرز سمیت مختلف کاموں کے سلسلے میں آنے والے سائلین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں اور سائلین کی جانب سے شکایات سامنے آ رہی ہیں کہ ٹریژری آفس میں اپنے مسائل کے حل کے لیے آنے والے افراد کو متعلقہ آڈیٹرز کی عدم موجودگی کے باعث پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر، آڈیٹرز اور اکاؤنٹنٹس کے حوالے سے بھی مختلف شکایات کی جا رہی ہیں۔ سائلین کے مطابق ٹریژری آفیسر سے ملاقات کے لیے آنے والے افراد کو مبینہ طور پر یہ کہہ کر انتظار کروایا جاتا ہے کہ میٹنگ جاری ہے، جس کے باعث عوامی مسائل کی شنوائی نہیں ہو پاتی اور لوگوں کو بار بار دفتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں۔ واضح رہے کہ ٹریژری آفس کا بنیادی مقصد سرکاری ملازمین کی تنخواہوں، پنشنرز کے پنشن معاملات اور دیگر مالی امور کو قواعد و ضوابط کے مطابق حل کرنا ہے،

ڈیرہ بازار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس کے سب انسپکٹر شہید، نماز جنازہ ادا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان کے ڈیرہ بازار میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی گاڑی پر فائرنگ سے جنوبی وزیرستان اپر پولیس کے سب انسپکٹر نیاز محمد محسود شہید ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق جنوبی وزیرستان اپر پولیس کے سب انسپکٹر سابق ایس ایچ او سراروغہ نیاز گل محسود اپنی گاڑی میں ڈیرہ اسماعیل خان سے جنوبی وزیرستان جا رہے تھے کہ گاؤں ڈیرہ بازار کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے فائرنگ کر دی



کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر کبیر مزاری تندوروں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں



اسسٹنٹ کمشنر محمد یوسف ہاشمی گراں فروشوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

ٹھٹھہ پولیس کی بڑی کامیاب کارروائی، کرمنل گینگ برسٹ

3 مرکزی ملزمان گرفتار، چھینی گئی 5 موٹر سائیکلیں اور 10 موبائل فونز برآمد

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ پولیس کی بڑی کامیاب کارروائی بائیک سنیچنگ اور رابری کی درجنوں سے زائد وارداتوں میں ملوث کرمنل گینگ برسٹ، 3 مرکزی ملزمان گرفتار، چھینی گئی 5 موٹر سائیکلیں اور 10 موبائل فونز برآمد ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی خصوصی ہدایات پر ٹھٹھہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے اور رابری کی متعدد وارداتوں میں ملوث کرمنل گینگ کو ٹریس آؤٹ کر کے 3 ایکٹو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ کی جانب سے سینئر پولیس افسران پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی جس میں مندرجہ ذیل افسران شامل تھے۔ ڈی ایس پی واحد تسیم، ایس ڈی پی او ٹھٹھہ انسپکٹر فیصل شفیع میمن، انچارج ڈی آئی سی ٹھٹھہ انسپکٹر محمد جمن کھوسو، ایس ایچ او تھانہ مکلی انسپکٹر ریاض حسین سومرو، ایس ایچ او تھانہ ٹھٹھہ انسپکٹر ماجد علی کورائی، ایس ایچ او گھوڑاباری انسپکٹر حسین جاکھرو، انچارج 15 مددگار ٹھٹھہ اسکلی اے ایس آئی محمد حنیف ناریجو ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارت، مؤثر حکمت عملی اور مسلسل محنت کے ذریعے کرمنل گینگ کو ٹریس آؤٹ کر کے کامیاب کارروائی کر کے 3 ایکٹو کرمنل ملزمان کو گرفتار کر لیا 1۔ عمرو ولد اسحاق گندرو 2۔ عبدالرحمان ولد حاجی ابراہیم سیھرو ملاح 3۔ الھڈنی عرف عدو ولد علی محمد گندرو ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے مندرجہ ذیل وارداتوں میں ملوث ہونے کا انکشاف بھی کیا ہے۔ 1۔ غلام اللہ روڈ جیل کے قریب وحید مراد خشک سے CD-70 موٹر سائیکل چھینی گئی۔ 2۔ مورخہ 14 اگست 2026 کو کراچی سے پکنک پر آنے والے سیاحوں سے کیفے نثار مکلی پر CD-70 موٹر سائیکل چھینی گئی۔ 3۔ نار یجو ولیج مکلی سے 125 موٹر سائیکل چھینی گئی۔ 4۔ مکلی سوسائٹی سے مختلف اوقات پر تین CG-125 موٹر سائیکل چھینی گئیں۔ 5۔ مورخہ 28 ستمبر 2026 کو کا کا مارکیٹ کے قریب سے ماسٹر عزیز خشکیلی کے فرزند سے CD-70 موٹر سائیکل چھینی گئی جس کا مقدمہ نمبر 356/2026 سیکشن 392,397 تعزیرات پاکستان کے تحت تھانہ ٹھٹھہ پر درج ہے۔ 6۔ مورخہ 26 ستمبر 2026 کو DC آفس مکلی کے پیچھے علی شیر آرائیں اور اس کے دوست وزیر جوکھیو سے CG-125 موٹر سائیکل چھینی گئی جس کا مقدمہ نمبر 320/2026 سیکشن 392,397 تعزیرات پاکستان کے تحت تھانہ مکلی پر درج ہے۔ 7۔ مورخہ 13 اکتوبر 2026 کو عیدگاہ لنک روڈ سم نالی کے قریب غلام نبی سموں CD-70 موٹر سائیکل چھینی گئی جس کا مقدمہ نمبر 383/2026 سیکشن 392,397 تعزیرات پاکستان کے تحت تھانہ ٹھٹھہ پر درج ہے

نارتھ کراچی میں کینیڈین شہریت کے حامل بزرگ میاں بیوی قتل، پوسٹ مارٹم مکمل

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی سیکٹر C-11-1 میں گھر سے ملنے والی کینیڈین شہریت کے حامل بزرگ میاں بیوی کی تشدد زدہ لاشوں کا پوسٹ مارٹم مکمل کر لیا گیا۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق دونوں کے سروں پر گہرے زخموں کے نشانات پائے گئے ہیں، شبہ ہے کہ انہیں کسی وزنی اور سخت چیز سے وار کر کے قتل کیا گیا۔ مقتولین کی شناخت محمد یامین اور ان کی اہلیہ نفیس اختر کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس سرجن کے مطابق محمد یامین کی عمر 65 سے 70 سال جبکہ ان کی اہلیہ کی عمر 60 سے 65 سال کے درمیان تھی۔

نارتھ کراچی میں میاں بیوی کے قتل کا مقدمہ درج، مزدوروں سمیت مشتبہ افراد سے پوچھ گچھ

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی میں گھر سے میاں بیوی کی لاشیں ملنے کے واقعے کا مقدمہ سرسید تھانے میں مقتول محمد یامین کے بھائی محمد انور کی مدعیت میں قتل کی دفعات کے تحت درج کر لیا گیا۔ مدعی کے مطابق محمد یامین اور ان کی اہلیہ نفیس اختر حال ہی میں کینیڈا سے واپس آئے تھے۔ واپسی کے بعد یامین نے اپنی بہن سے مکان خالی کرا کے وہاں مرمتی کام شروع کرایا تھا۔



کراچی: سابق فرسٹ کلاس کرکٹر اور سینئر کوچ مختشم علی زون چھ وائٹس کے سومان کبیر کو میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دے رہے ہیں جبکہ دوسری جانب سابق فرسٹ کلاس کرکٹر اور کوچ فراز پٹیل زون دو بلوز کے عبدالہادی کو میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دے رہے ہیں

زراعت سندھ کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ عرفان علی سومرو

حکومت سندھ نے حالیہ ماہ اکتوبر میں گندم کے کاشتکاروں کیلئے نئی سبسڈی اسکیم اور بینظیر ہاری کارڈ کے ذریعے رجسٹریشن کا باقاعدہ آغاز کیا ہے

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) مختیارکار ریونیو تعلقہ قمبر عرفان علی سومرو نے کہا ہے۔ کہ بینظیر ہاری کارڈ کے ذریعے قمبر کے چھوٹے کاشتکاروں کو گندم کی سبسڈی کی فراہمی اور اس کی شفاف ویریفکیشن کے لیے حکومت سندھ نے ڈیجیٹل نظام کو فعال کر دیا ہے۔ تاکہ بینظیر ہاری کارڈ کے ذریعے امداد براہ راست حقدار کسانوں تک پہنچے۔ یہ بات انہوں نے یہاں صحافیوں سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی، مختیارکار ریونیو عرفان علی سومرو نے کہا کہ حکومت سندھ نے حالیہ ماہ اکتوبر میں گندم کے کاشتکاروں کیلئے نئی سبسڈی اسکیم اور بینظیر ہاری کارڈ کے ذریعے رجسٹریشن کا باقاعدہ آغاز کیا ہے۔ جس کیلئے محکمہ ایگریکلچر کو باقاعدہ متحرک کر کے ضلعی دفتر کو اگلے 90 روز تک ہفتے کے روز بھی کھلا رکھنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ جس کے ذریعے پہلے مرحلے میں تصدیقی عمل کے دوران پہلے ان کسانوں کی اسکریننگ کی جا رہی ہے۔ جن کے پاس پہلے سے بینظیر ہاری کارڈ موجود ہے۔ جس کے بعد نئے رجسٹریشن فارمز کی تصدیق ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک مثبت پیشرفت ہے۔ کہ سندھ میں چھوٹے کاشتکاروں کیلئے گندم کی سبسڈی کی ویریفکیشن کا کام لوکل ریونیو کارڈ کے ذریعے نہایت ایمانداری اور شفافیت سے کامیابی کی طرف گامزن ہے۔ کیونکہ زراعت سندھ کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ اور چھوٹے کسانوں تک براہ راست امداد پہنچانا گندم کی ملکی پیداوار بڑھانے کیلئے نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ کہ سبسڈی صرف ان چھوٹے کاشتکاروں تک پہنچے جو اس کے اصل حقدار ہیں۔ اور گندم کی بوائی کے سیزن کے دوران کسانوں کو بروقت مالی ریلیف ملنے سے وہ کھاد، بیج اور دیگر اخراجات آسانی سے پورے کر سکتے ہیں

قیمتی اراضی فراڈ کیس میں پی ٹی آئی رکن اسمبلی اور بیٹوں کیخلاف مقدمہ درج

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ میں 119 کنال 11 مرلے کی قیمتی اراضی کی مبینہ جعلسازی اور غیر قانونی منتقلی پر پی ٹی آئی کے رکن پنجاب اسمبلی ناصر چیمہ اور ان کے دو بیٹوں سمیت متعدد افراد کے خلاف اینٹی کرپشن میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق کوٹ خضری میں راکس مل کی اراضی کی مبینہ جعلی دستاویزات کے ذریعے جمال ناصر چیمہ کے نام منتقل کی گئی، اراضی کا انتقال 10 فروری 2022 کو کمپنی کے نام کی تبدیلی کی منظوری سے پہلے درج کیا گیا

پنجاب حکومت کی جانب سے 10 روزہ بسنت منانے کا اعلان لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے 29 جنوری سے 7 فروری 2027 تک دس روزہ بسنت منانے کے اعلان کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست گزار نے بسنت 2027 کا اعلان کالعدم قرار دینے اور اس کا دورانیہ دس روز سے کم کر کے ایک دن کرنے کی استدعا کی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے رجسٹرار آفس نے شہری شاہد اسلام کی درخواست 16 اکتوبر بروز جمعرات کو سماعت کے لیے مقرر کر دی ہے۔

کراچی کا پریمی جوڑا تحفظ کیلئے ٹھٹھہ پہنچ گیا

ورثا کی جانب سے جان سے مارنے کی دھمکیاں ملنے کے باعث جوڑا در بدر کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو گیا

ٹھٹھہ (رپور واحد شورو) پسند کی شادی کرنے والی کراچی کی لڑکی کا شوہر کے ہمراہ تحفظ کے لیے ٹھٹھہ پہنچ کر اپیل، ورثا کی جانب سے جان کو خطرات اور سنگین نتائج کی دھمکیاں مل رہی ہیں، پہلے بھی اغوا کرنے کی کوشش اور تشدد کا نشانہ بنایا گیا، ثنا جوکھیو کا الزام۔ کراچی کے علاقے کاٹھوڑ کی رہائشی نوجوان لڑکی مسمات ثنا جوکھیو نے گھارو کے رہائشی نوجوان محمد اکرم جوکھیو کے ساتھ اپنی مرضی سے ٹھٹھہ کی عدالت میں شادی کر لی۔ شادی کے بعد مبینہ طور پر اپنے ورثا کی جانب سے جان سے مارنے کی دھمکیاں ملنے کے باعث جوڑا در بدر کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو گیا۔ دونوں میاں بیوی تحفظ کی اپیل لے کر ٹھٹھہ پہنچ گئے۔ اس سلسلے میں کراچی کے علاقے کاٹھوڑ کے گاں حاجی گل حسن جوکھیو کی رہائشی مسمات ثنا دختر داد رحیم جوکھیو نے اپنے شوہر محمد اکرم ولد کریم بخش جوکھیو کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے 26 ستمبر کو اپنی آزاد مرضی سے گھارو کے قریب گاں اسحاق جوکھیو کے رہائشی نوجوان محمد اکرم جوکھیو کے ساتھ ٹھٹھہ کی عدالت میں شرعی اصولوں کے مطابق نکاح کیا ہے اور وہ اپنے شوہر کے ساتھ خوشگوار زندگی گزار رہی ہے۔ ثنا جوکھیو کے مطابق اس کے اہل خانہ اس شادی سے خوش نہیں اور مبینہ طور پر وہ دونوں کی جان کے دشمن بن گئے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اس سے قبل بھی انہیں حملے کا نشانہ بنایا گیا، زبردستی اغوا کرنے کی کوشش کی گئی اور تشدد کیا گیا، تاہم انہوں نے مزاحمت کر کے خود کو اغوا ہونے سے بچا لیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ان کے والد داد رحیم جوکھیو، بھائی سرفراز اور صدام حسین، ماموں سکندر جوکھیو، وڈیرا بیت اللہ جوکھیو، وڈیرا کمال جوکھیو، رستم جوکھیو اور دیگر افراد سے انہیں نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 20 اکتوبر کو ٹھٹھہ میں ان کے مقدمے کی سماعت بھی مقرر ہے، لیکن مبینہ دھمکیوں کے باعث وہ خوف و ہراس میں مبتلا ہیں اور معمول کی زندگی گزارنے سے قاصر ہیں۔ ثنا جوکھیو نے واضح کیا کہ نہ تو کسی نے انہیں ورغلایا ہے اور نہ ہی انہیں اغوا کیا گیا، بلکہ انہوں نے اپنی آزاد مرضی سے محمد اکرم جوکھیو کے ساتھ شادی کی ہے۔ انہوں نے چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ، سیشن جج ٹھٹھہ، ایس ایس پی ٹھٹھہ اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ انہیں اور ان کے شوہر کو فوری تحفظ فراہم کیا جائے، مبینہ دھمکیاں دینے اور نقصان پہنچانے کی کوشش کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور انہیں خوف کے بغیر نئی زندگی گزارنے کا موقع دیا جائے۔



اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر ریڑھی بانوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں



حب۔ ریجنل ڈائریکٹر محتسب حب ریجن ظفر اقبال خان سے ان کی اہلیہ کے انتقال پر مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد تعزیت کر رہے ہیں

عوامی مسائل کو سنجیدگی سے سنا جائے، میر سلیم احمد خان کھوسہ

عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور حلقہ انتخاب صحبت پور کی پائیدار ترقی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے

نصیرآباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور حلقہ انتخاب صحبت پور کی پائیدار ترقی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کا اصل مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانا اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیرآباد کے صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سماجی رہنما عطااللہ کھوسہ بھی موجود تھے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ عوامی اعتماد کسی بھی عوامی نمائندے کا سب سے بڑا سرمایہ ہوتا ہے اس اعتماد کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عوامی مسائل کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے حل کے لیے عملی کوششیں کی جائیں انہوں نے کہا کہ سڑکیں کسی بھی علاقے کی معاشی سماجی اور تجارتی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتی ہیں کیونکہ بہتر مواصلاتی نظام نہ صرف شہروں اور دیہات کے درمیان فاصلے کم کرتا ہے بلکہ عوام کو تعلیم صحت روزگار اور دیگر ضروری سہولیات تک رسائی دینے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحبت پور سمیت حلقے کے دیگر علاقوں میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اسکیمات پر کام تیزی سے جاری ہیں دستیاب وسائل کو عوامی مفاد کے لیے مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جا رہا ہے صحبت پور جیسے زرعی اہمیت کے حامل ضلع میں بہتر سڑکوں اور مؤثر مواصلاتی نظام کی فراہمی کسانوں تاجروں طلبہ مریضوں اور عام شہریوں کے لیے یکساں طور پر اہم ہے جس کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ ترقی کا حقیقی معیار بلند و بانگ دعوے نہیں بلکہ وہ مثبت تبدیلی ہے جو عام آدمی کی زندگی میں آسانی پیدا کرے اس کے مسائل کم کرے اور اسے بہتر مستقبل کی امید دے حکومت کی کوشش ہے کہ ترقیاتی عمل کے ثمرات معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچیں اور کسی بھی علاقے کو بنیادی سہولیات کے حوالے سے نظرانداز نہ کیا جائے

زون چھ وائٹس نے ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17۔ انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا

سومان کبیر اور عبدالہادی کو میڈی کیم مین آف دی میچ قرار دیا گیا

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17۔ انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں زون چھ وائٹس نے گروپ "ڈی" کے اپنے آخری میچ میں زون ایک بلوز کو 9 وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل میں کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ زون ایک بلوز پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 101 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ سعد علی نے 23 اور حماد نے 21 رنز بنائے۔ مرتضیٰ تقی نے 16 رنز دیکر 3 اور سومان کبیر نے 17 رنز دیکر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں زون چھ نے ایک وکٹ کے نقصان پر مطلوبہ 132 رنز بنا لئے۔ سومان کبیر نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 8 چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 56، ایس ایم یوسف نے 4 چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 34 رنز ناٹ آؤٹ اور ریان خان نے 4 چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 31 رنز ناٹ آؤٹ بنائے۔ میچ کے اختتام پر سابق فرسٹ کلاس کرکٹر اور کوچ مختشم علی نے زون چھ وائٹس کے سومان کبیر کو میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دیا۔

کراچی سے ممبئی کی پہلی ڈاک پرواز کو 94 سال مکمل

کراچی (این این آئی) برصغیر میں شہری ہوا بازی کی تاریخ کے اہم سنگ میل، کراچی سے ممبئی کی پہلی ڈاک پرواز کو 94 سال مکمل ہو گئے۔ 15 اکتوبر 1932 کو ہندوستان کے پہلے لائسنس یافتہ پائلٹ جے آر ڈی ٹاٹا نے کراچی کے ڈرگ روڈ ایروڈروم سے ایک چھوٹے سنگل انجن طیارے میں پرواز کر کے تاریخ رقم کی تھی۔ اس پرواز میں مسافروں کے بجائے برطانیہ کی امپیریل ایئرویز کے ذریعے لندن سے کراچی پہنچنے والی تقریباً 25 کلوگرام ڈاک لے جائی گئی تھی، جس پر چار آنے کا ٹکٹ لگا تھا۔

بہتر کالنگ اور انٹرنیٹ کے لیے موبائل کی نیٹ ورک سیٹنگز درست کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے موبائل فون صارفین کو کالنگ اور انٹرنیٹ سروس بہتر بنانے کے لیے نیٹ ورک سیٹنگز درست رکھنے اور جدید سہولیات فعال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پی ٹی اے کے مطابق دوران کال آواز واضح نہ ہونے یا فور جی نیٹ ورک پر کال ملنے میں تاخیر کی صورت میں صارفین اپنے موبائل فون کی سیٹنگز چیک کریں اور فور جی (LTE/4G) کا آپشن فعال رکھیں۔ اس کے ساتھ یہ بھی یقینی بنائیں

سکھر ریلوے ڈویژن میں غیر قانونی قابضین کے خلاف بڑا آپریشن

430 ریلوے کوارٹرز واگزار 93 کوارٹرز ریلوے ملازمین کے حوالے

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) پاکستان ریلوے سکھر ڈویژن کی انتظامیہ نے ریلوے کوارٹرز پر غیر قانونی قبضے کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر آپریشن کیا، جس کے دوران مجموعی طور پر 430 ریلوے کوارٹرز غیر قانونی قابضین سے واگزار کروا لیے گئے پاکستان ریلوے سکھر ڈویژن کے میڈیا سیل کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق آپریشن سے قبل تمام غیر قانونی قابضین کو ریلوے کوارٹرز خالی کرنے کے لیے پیشگی نوٹس بھی جاری کیے گئے تھے۔ اس کے باوجود کارروائی کے دوران ریلوے انتظامیہ نے غیر قانونی قبضے میں موجود کوارٹرز واگزار کروانے کے لیے عملی اقدامات کیے پریس ریلیز کے مطابق واگزار کروائے گئے 430 ریلوے کوارٹرز میں سے 93 کوارٹرز باقاعدہ طور پر ریلوے ملازمین کو الاٹ کر کے ان کے حوالے کر دیے گئے، جبکہ باقی 337 کوارٹرز کو مزید غیر قانونی قبضے سے محفوظ رکھنے کے لیے سیل کر دیا گیا اس موقع پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے سکھر ڈویژن فرمان غنی نے واضح کیا کہ ریلوے کی سرکاری رہائش گاہوں سے غیر قانونی قبضے ختم کروانے کے لیے آپریشن بلا امتیاز جاری رہے گا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جمعہ 16 اکتوبر 2026ء بمطابق 3 جمادی الاول 1448ھ

کراچی اور ڈھاکہ کو 2050 تک 54 لاکھ موسمیاتی پناہ گزینوں کا سامنا ہوگا، اقوام متحدہ

2050 تک یہ شہری آبادی 50 فیصد اضافے سے 1.2 ارب افراد تک پہنچنے کی توقع ہے، ڈھاکا میں اضافی 30 لاکھ 70 ہزار، کراچی میں 24 لاکھ اضافی افراد کی آمد متوقع ہے، اقوام متحدہ کا مطالعہ

کراچی منقسم دائرہ اختیار سے بہت زیادہ متاثر ہے، پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہونے کے ناطے یہ اکانومسٹ انٹیلی جنس یونٹ کے گلوبل لیوایبلٹی سروے میں باقاعدگی سے نچلے درجے کے قریب ہے

لاہور (این این آئی) اقوام متحدہ کے ایک مطالعے میں بتایا گیا ہے کہ اگر دنیا صنعتی ترقی سے پہلے کی سطح سے 1.5 سینٹی گریڈ زیادہ گرم ہوتی ہے تو عالمی جنوب کے 10 شہروں میں کراچی اور ڈھاکہ ایشیاء بحرالکاہل خطے کے صرف دو شہروں گے جہاں 2050 تک 80 لاکھ موسمیاتی تارکین وطن آئیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے اقتصادی اور سماجی کمیشن برائے ایشیاء و بحرالکاہل کی جانب سے شائع ہونے والی ایشیا اور بحرالکاہل میں شہری تبدیلی، ترقی سے لچک تک رپورٹ کے مطابق ان 10 شہروں میں سے کراچی اور ڈھاکہ میں آب و ہوا کی وجہ سے سب سے زیادہ نقل مکانی کا امکان ہے، ڈھاکا میں اضافی 30 لاکھ 70 ہزار اور کراچی میں 24 لاکھ اضافی افراد کی آمد متوقع ہے۔ یہ رپورٹ آئندہ ماہ بنکاک میں شروع ہونے والے اقوام متحدہ کے 81 ویں سالانہ اجلاس کے ایجنڈے کا حصہ ہے۔ اس میں پورے خطے کے شہروں اور قصبوں کو درپیش مسائل اور مواقع دونوں کا تجزیہ کیا گیا ہے، جو دنیا کے سب سے بڑے شہر سے لے کر قدیم دیہات اور اس کے درمیان ہر حجم کے شہر اور قصبات میں انسانی بستیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ کراچی منقسم دائرہ اختیار سے بہت زیادہ متاثر ہے، پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہونے کے ناطے یہ اکانومسٹ انٹیلی جنس یونٹ کے گلوبل لیوایبلٹی سروے میں باقاعدگی سے نچلے درجے کے قریب ہے، دسیوں ہزار خاندانوں پر مشتمل شہر کو مقامی حکومت کے کنٹرول سے ماورا سرکاری شعبے کے حکام کی نگرانی میں چلایا جارہا ہے، جس کی وجہ سے اہم بنیادی ڈھانچے کو مربوط کرنے سے قاصر ایک دوسرے سے متصل اور غیر واضح دائرہ اختیار پیدا ہوتا ہے۔ یہ صورت حال اگست 2020 کے سیلاب جیسی آفات کا باعث بن سکتی ہے جس نے کراچی کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا لیکن لاہور جیسے بہتر حکمرانی کے حامل شہروں کو نسبتاً محفوظ چھوڑ دیا تھا۔ اس وقت تمام تارکین وطن میں سے ایک تہائی کا تعلق ایشیاء اور بحرالکاہل سے ہے جبکہ اس خطے میں دنیا بھر کے 24 فیصد تارکین وطن موجود ہیں، ایشیاء بحرالکاہل میں 2.2 ارب سے زیادہ شہری آبادی اور زمین کے بہت سے بڑے بڑے شہر موجود ہیں، دنیا کے 30 سب سے بڑے شہری علاقوں میں سے نصف سے زیادہ اس خطے میں پائے جاتے ہیں۔ 2050 تک یہ شہری آبادی 50 فیصد اضافے سے 1.2 ارب افراد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ 1960 کی 16 فیصد شہری آبادی کے مقابلے میں رواں دہائی میں جنوب اور جنوب مغربی ایشیاء کے تقریباً 36 فیصد باشندے شہروں میں مقیم ہیں۔ دریں اثناء بڑے شہر بھی ہیں جن میں گنجان آباد ڈھاکہ، کراچی، ممبئی اور دیگر شامل ہیں، توقع ہے کہ 2036 تک 40 فیصد بھارت شہری آبادی پر مشتمل ہوگا اور شہر ملک کے 70 فیصد جی ڈی پی کا ذریعہ ہوں گے، جس کا مطالبہ ہے کہ 2047 تک ترقی یافتہ ملک کا درجہ حاصل کرنے کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے شہروں کی پائیدار آبادکاری ضروری ہے۔ آب و ہوا کی تبدیلی سے مطابقت اور تخفیف ایشیاء اور بحرالکاہل کے لیے ایک سب سے بڑا مسئلہ ہے، جسے انتہائی درجہ حرارت، پانی کی قلت، غذائی عدم تحفظ اور قدرتی آفات جیسی کمزوریوں سے نمٹنا ہوگا، ایشیاء بحرالکاہل کے ممالک ان ملکوں میں شامل ہیں

غزہ میں قحط اسرائیلی غیر انسانی پالیسیوں کا نتیجہ ہے، خلیج تعاون کونسل

خلیجی ممالک فلسطینی عوام کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے اور غزہ پر مسلط محاصرہ فوری طور پر ختم ہونا چاہیے، جاسم البدیوی

قاہرہ (این این آئی) خلیجی ممالک نے فلسطینی عوام کے ساتھ اپنے بھرپور اور مستقل تعاون کی پالیسی پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں بڑھتی ہوئی بھوک اور قحط کی کیفیت قابض اسرائیل کی غیر انسانی روش کا واضح ثبوت ہے۔ خلیج تعاون کونسل کے سیکریٹری جنرل جاسم البدیوی نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ فوری طور پر اسرائیلی افواج پر دباؤ ڈالے تاکہ غزہ کی پٹی میں تمام سرحدی گزرگاہیں کھولی جائیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا مسلم لیگ ن وکلاء ونگ بلوچستان کے ساتھ گروپ فوٹو

5 سالہ نجکاری پلان سامنے آگیا، 24 اداروں کی نجکاری کی جائیگی

پلان کے تحت زرعی ترقیاتی بینک اور فرسٹ ویمن بینک کی نجکاری پہلے مرحلے میں ہوگی، ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کا نجکاری عمل پہلے مرحلے میں مکمل کیا جائے گا

جبکہ پہلے مرحلے میں پاکستان انجینئرنگ کمپنی اور سندھ انجینئرنگ لمیٹڈ کی نجکاری ہوگی، فیصل آباد اور گوجرانوالہ بجلی کمپنیوں کی نجکاری بھی پہلے مرحلے میں ہوگی

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی حکومت کا 5 سالہ نجکاری پلان سامنے آگیا، نجکاری پلان 2024 سے 2029 تک کے لیے ہے۔ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد وزارت نجکاری کی جانب سے فہرست تیار کی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دستاویز میں کہا گیا ہے کہ پلان کے تحت 3 مراحل میں 24 اداروں کی نجکاری ہوگی، پہلے مرحلے میں ایک سال میں 10 اداروں کی نجکاری کا پلان ہے۔ دوسرے مرحلے میں ایک سے 3 سال میں 13 اداروں کی نجکاری ہوگی جبکہ تیسرے مرحلے میں 3 سے 5 سال میں ایک ادارے کی نجکاری کرنے کا پلان بنایا گیا ہے۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ پہلے مرحلے میں پی آئی اے اور روز ویلٹ ہوٹل نیویارک کی نجکاری کی جائے گی، پلان کے تحت زرعی ترقیاتی بینک اور فرسٹ ویمن بینک کی نجکاری پہلے مرحلے میں ہو گی۔ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کا نجکاری عمل پہلے مرحلے میں مکمل کیا جائے گا جبکہ پہلے مرحلے میں پاکستان انجینئرنگ کمپنی اور سندھ انجینئرنگ لمیٹڈ کی نجکاری ہوگی، فیصل آباد اور گوجرانوالہ بجلی کمپنیوں کی نجکاری بھی پہلے مرحلے میں ہوگی۔ یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کا نجکاری عمل دوسرے مرحلے میں مکمل کیا جائے گا جبکہ دوسرے مرحلے میں بجلی تقسیم کار کمپنیوں لیسکو، میپکو، حیسکو اور سیپکو کی نجکاری ہو گی۔ دستاویز کے مطابق پشاور اور ہزارہ الیکٹرک سپلائی کمپنیوں کی نجکاری، جام شورو پاور کمپنی اور سنٹرل پاور جنریشن کمپنی کی نجکاری بھی دوسرے مرحلے میں ہوگی۔ اس کے علاوہ ناردرن پاور جنریشن اور لاکھڑا پاور جنریشن کمپنی کی نجکاری، اسٹیٹ لائف انشورنس اور پاکستان ری انشورنس کمپنی کی نجکاری بھی دوسرے مرحلے میں ہوگی۔ دستاویز کا کہنا گیا ہے کہ تیسرے مرحلے میں پوسٹل لائف انشورنس کمپنی کی نجکاری کا عمل مکمل کیا جائے گا۔

پختونوں، بلوچوں کو اعتماد میں لیے بغیر امن قائم نہیں ہو سکتا، نعیم الرحمن

خطے میں امن کی کنجی پاک افغان تعلقات کی بحالی ہے، دونوں ممالک دہشتگردی کی روک تھام کے لیے اشتراک عمل قائم کریں

حکمرانوں کی امریکہ نوازی نے پاکستان کو آگ میں دھکیلا، 2001ء سے قبل قبائلی خطے میں مکمل امن تھا، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پختونوں اور بلوچوں کو اعتماد میں لیے بغیر خیبر پختونخوا، بلوچستان میں امن قائم نہیں ہوگا، خطے میں امن کی کنجی پاک افغان تعلقات کی بحالی ہے، دونوں ممالک دہشت گردی کی روک تھام کے لیے اشتراک عمل قائم کریں، ریاست عوام کا نام ہے، ان کی مرضی کے خلاف حکمران مسلط کیے جائیں گے تو عوام اور اداروں میں اعتماد کا بحران پیدا ہوگا، غیر ملکی طاقتوں کو مداخلت کا موقع ملے گا، اسٹیبلشمنٹ لوگوں کو مسلط کرنے کے عمل سے دور ہوجائے، ادارے آئینی حدود میں کام کریں، حکمرانوں کی امریکہ نوازی نے پاکستان کو آگ میں دھکیلا، 2001ء سے قبل قبائلی خطے میں مکمل امن تھا، کے پی میں رمضان کے پہلے 15 دنوں میں دہشت گردی کے 70 واقعات ہوئے، سو افراد کی جان گئی، جماعت اسلامی بلوچستان پر 14 اپریل کو اسلام آباد میں آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کرے گی، 20 اپریل کو پشاور میں امن مارچ ہوگا، عید کے بعد بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے ملک گیر احتجاجی تحریک برپا کریں گے، "حق دو عوام کو، بچاؤ پاکستان کو" تحریک کے ذریعے پرامن سیاسی مزاحمت جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر جماعت اسلامی و امیر کے پی جنوبی پروفیسر ابراہیم، نائب امیر جماعت اسلامی میاں اسلم، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، امیر کے پی شمالی عنایت اللہ خان، امیر کے پی وسطی عبدالواسع و دیگر قائدین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ امیر جماعت نے کہا کہ افغانستان کی زمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے، اسلام آباد افغانستان کے ساتھ اعتماد سازی کو فروغ دے، طورخم بارڈر کا کھل جانا اور بات چیت کا آغاز نیک شگون ہے

جنوبی کوریا کے جنگلات میں تباہ کن آگ 19 افراد ہلاک

آگ بجھانے والا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ 42 ہزار ایکٹر سے زیادہ رقبہ آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ رپورٹ

سیول (جی این ایم) جنوبی کوریا کے جنگلات میں لگنے والی آگ سے ہلاکتوں کی تعداد 19 ہوگئی ہے جب کہ ایک قدیم مندر شعلوں کی لپیٹ میں آ کر منہدم ہوگیا فرانسیسی نشریاتی ادارے کے مطابق جنوبی کوریا کے قائم مقام صدر نے 19 ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے جنوب مشرقی علاقے میں آگ پھیلنے سے تقریباً 27 ہزار افراد کو فوری طور پر نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑا حکام کا کہنا ہے کہ جنگلات میں لگی آگ میں 18 شہری ہلاک ہوئے جب کہ آگ بجھانے والے ہیلی کاپٹر کا پائلٹ اس وقت ہلاک ہوگیا جب اس کا طیارہ پہاڑی علاقے میں گر کر تباہ ہوا وزارت داخلہ کے مطابق جنگلات میں لگی آگ نے 42 ہزار 1991 ایکڑ رقبے کو جلا دیا ہے جس میں سے 87 فیصد حصہ صرف یوسیونگ کاؤنٹی کا ہے حکومت نے کرائسس الرٹ کو بلند ترین سطح تک بڑھا دیا اور علاقے کی جیلوں سے ہزاروں قیدیوں کو باہر منتقل کرنے کا نادر قدم اٹھایا ہے حکام نے بتایا ہے کہ جنگل کی آگ مسلسل پانچویں دن جل رہی ہے جنوبی کوریا کے قائم مقام صدر ہان ڈک سونے کہا کہ اس سے غیر معمولی نقصان ہو رہا ہے انہوں نے ایک ہنگامی سیفٹی اور ڈیزاسٹر میٹنگ کو بتایا کہ آگ اس طرح سے بڑھ رہی ہے جو موجودہ پیشگوئی کے ماڈلز اور سابقہ توقعات دونوں سے زیادہ ہے انہوں نے کہا کہ رات بھر افراتفری کا سلسلہ جاری رہا

ایران پر تجزیہ، پینٹاگون کی خفیہ ایجنسی کے سربراہ سمیت سینئر فوجی کمانڈر برطرف

جنرل کروزی نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ ایران کے ایٹمی پروگرام کو امریکی کارروائیوں سے خاطر خواہ نقصان نہیں پہنچا

رپورٹ صدر ٹرمپ کے اس دعوے کے برخلاف تھی، جس میں انھوں نے ایرانی ایٹمی صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کردینے کا اعلان کیا تھا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران پر تجزیہ مہنگا پڑ گیا، ڈیفنس انٹیلیجنس چیف عہدے سے فارغ کردیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پینٹاگون نے ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی کے سربراہ جنرل جیفری کروزی کو ان کے عہدے سے برطرف کر دیا، وائس ایڈمرل نینسی لیکور اور ریئر ایڈمرل ملٹن سینڈز بھی برطرف ہونے والوں میں شامل ہیں۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق جنرل کروزی نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ ایران کے ایٹمی پروگرام کو امریکی کارروائیوں سے خاطر خواہ نقصان نہیں پہنچا، یہ رپورٹ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے کے برخلاف تھی، جس میں انھوں نے ایرانی ایٹمی صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کر دینے کا اعلان کیا تھا۔ روئٹرز کے مطابق اس اقدام پر ڈیموکریٹک پارٹی کے سینئر ڈیموکریٹ سینیٹر نے کہا کہ انتظامیہ انٹیلیجنس کو ملک کی بجائے اپنی وفاداری کا امتحان بنا رہی ہے۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق چند ہفتے قبل ایجنسی نے ایک ابتدائی رپورٹ تیار کی تھی جو صدر ٹرمپ کے اس دعوے کی تردید کرتی تھی کہ ایران کے جوہری مقامات امریکی فوجی حملوں میں تباہ کردیے گئے ہیں۔ وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے نائب ایڈمرل نینسی لیکور کو بھی برطرف کر دیا، جو نیوی ریزرو کی سربراہ تھیں، نیز ریئر ایڈمرل جیمی سینڈز کو بھی، جو نیوی سیل افسر تھے اور نیول اسپیشل وارفیئر کمانڈ کے انچارج تھے۔ پینٹا گون نے ان برطرفیوں کی فوری طور پر کوئی وضاحت پیش نہیں کی ہے۔ واضح رہے کہ ایئر فورس کے لیفٹیننٹ جنرل جیفری کروز پینٹا گون کے تازہ ترین سینئر عہدیدار ہیں، اور وہ دوسرے اعلیٰ فوجی انٹیلیجنس افسر ہیں جنھیں صدر ٹرمپ کی دوبارہ صدارت سنبھالنے کے بعد عہدے سے ہٹایا گیا ہے۔ اس سے قبل نیشنل سیکیورٹی ایجنسی (NSA) کے سربراہ جنرل ٹموتھی ڈی ہف کو بھی برطرف کیا گیا تھا۔

پشاور اور گردونواح میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش سے جل تھل ایک ہوگیا

محکمہ موسمیات کی ملک کے مختلف علاقوں میں بھی گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی

لاہور (جی این ایم) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے جبکہ پشاور اور گردونواح میں بدھ کی صبح گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش سے جل تھل ایک ہوگیا محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں میں خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، بالائی پنجاب، اسلام آباد اور شمالی بلوچستان میں تیز ہواں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کا امکان ہے جبکہ چند مقامات پر ژالہ باری بھی ہوسکتی ہے محکمہ موسمیات نے انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 26 اور 27 مارچ کو آندھی، ژالہ باری اور تیز بارش کی وجہ سے کمزور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے، ژالہ باری اور آندھی سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں کھڑی فصلوں کو نقصان بھی پہنچ سکتا ہے اس دوران درمیانی سے شدید بارش کے باعث مری، گلیات، ناران، کاغان، چترال، دیر، سوات، کوہستان، مانسہرہ، ایبٹ آباد، شانگلہ، استور، ہنزہ، سکردو، وادی نیلم، باغ، پونچھ، حویلیاں میں لینڈ سلائیڈنگ اور پھسلن کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں خلل پیدا ہوسکتا ہے اسلام آباد اور گردونواح میں وقفے وقفے سے تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور چند مقامات پر ژالہ باری کی توقع ہے علاوہ ازیں سندھ کے بالائی اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ بعد از دوپہر جھکڑ چلنے کی توقع ہے،

قلات میں بی ایل اے کی سفاکیت کا نشانہ بننے والے مزدوروں کے ورثا کا مطالبہ سامنے آگیا

کوئٹہ (یو این اے) قلات میں بی ایل اے کی سفاکیت کا نشانہ بننے والے مزدوروں کے ورثا کا سخت مطالبہ سامنے آ گیا۔ کالعدم دہشتگرد تنظیمیں بالخصوص بی ایل اے بلوچستان کی ترقی کی دشمن بن چکی ہیں، قلات میں بی ایل اے کے دہشت گردوں کی سفاکیت کا نشانہ بننے والے مزدوروں (محمد امین شہید، منور حسین شہید، ذیشان خالد شہید، دلاور شہید) کے لواحقین انصاف کے منتظر ہیں۔ شہید مزدوروں کے ورثا نے مطالبہ کیا ہے کہ ماہ رنگ لانگو اور اس کے دہشت گرد ساتھیوں کے خلاف سخت اور عبرتناک کارروائی کی جائے تاکہ اس سرزمین پر مزید بے گناہوں کا خون نہ بہے



ڈپٹی کمشنر جھل مگسی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سی سی پی نے فلائی جناح، ایئر عربیہ اکیڈمی کے جوائنٹ وینچر کی منظوری دیدی

اسلام آباد (اے ایف پی) کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے فلائی جناح سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور ایئر عربیہ اکیڈمی ایل ایل سی کے درمیان جوائنٹ وینچر کی منظوری دے دی ہے۔ سی سی پی کے مطابق مذکورہ دونوں کمپنیاں پاکستان میں ہوابازی کی تربیت کی خدمات پیش کرنے کے لیے ایک نیا تربیتی ادارہ، فلائی جناح ٹی تھری فلائٹ اکیڈمی (پرائیویٹ) لمیٹڈ قائم کریں گی۔ کمپٹیشن کمیشن نے کمپٹیشن (مرجر کنٹرول) ریگولیشنز 2016 کے تحت دونوں فریقین کی جانب سے جمع کرائی گئی پری مرجر کی درخواست کا جائزہ لیا۔

امریکہ نے سراج الدین حقانی سمیت حقانی نیٹ ورک کے راہنماؤں کے سروں کی قیمت ختم کردی

سراج الدین حقانی عبدالعزیز حقانی اور یحییٰ حقانی کے سر پر اب کوئی انعام نہیں وہ شدت پسندوں کی عالمی فہرست میں شامل رہیں گے، رپورٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکہ نے افغانستان میں عسکریت پسند گروہ حقانی نیٹ ورک کے سربراہ سراج الدین حقانی سمیت دیگر سینئر راہنماؤں کے سروں کی قیمت کے نام پر مقرر کیے گئے لاکھوں ڈالر کے انعامات ختم کردیے ہیں یہ فیصلہ امریکی صدر ٹرمپ کے دوسرے دور حکومت کے چند ہفتے بعد اور خصوصاً اس واقعے کے کچھ روز بعد سامنے آیا ہے جب کابل میں امریکی حکام نے امریکا کے سابق ایلچی زلمے خلیل زاد کی سربراہی میں طالبان حکومت سے ایک امریکی سیاح کی رہائی کے لیے ملاقات کی تھی یاد رہے کہ سراج الدین حقانی افغانستان میں طالبان حکومت میں وزیر داخلہ بھی ہیں اس پیش رفت کو موجودہ تناظر میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر دیکھا جارہا ہے واضح رہے کہ حقانی نیٹ ورک پر افغانستان میں امریکہ کی قیادت میں لڑی جانے والی جنگ کے دوران کئی ہائی پروفائل اور شدید نوعیت کے حملے کرنے کا الزام ہے انھی میں امریکی اور انڈین سفارت خانوں اور نیٹو افواج پر حملے بھی شامل ہیں تاہم 2021 سے ملک میں امریکی فوج کے انخلا کے بعد سے اب یہ نیٹ ورک طالبان حکومت میں اہم حیثیت رکھتا ہے دوسری جانب امریکی محکمہ خارجہ نے تصدیق کی ہے کہ سراج الدین حقانی ان کے بھائی عبدالعزیز حقانی اور برادر نسبتی یحییٰ حقانی کے سر پر اب کوئی انعام نہیں

پاکستان خطے میں سب سے کم ٹیرف والا ملک بن جائے گا، گاڑیوں کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا امکان

پاکستان اور آئی ایم ایف نے 5 سالوں کے دوران ملک کے سابقہ اوسط ٹیرف کو 6 فیصد تک کم کرنے پر اتفاق کیا ہے

اقدام کا مقصد پاکستان کی معیشت کو غیر ملکی مسابقت کیلئے کھولنا ہے، یہ اقدام ٹیرف کو 10.6 فیصد سے کم کرکے جنوبی ایشیا میں سب سے کم کردے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک): آئی ایم ایف کی جانب سے ریلیف کے بعد پاکستان میں کاروں کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف نے 5 سالوں کے دوران ملک کے سابقہ اوسط ٹیرف کو 6 فیصد تک کم کرنے پر اتفاق کیا ہے، ان میں تقریباً نصف کمی کر دی ہے، اس اقدام کا مقصد پاکستان کی معیشت کو غیر ملکی مسابقت کیلئے کھولنا ہے، یہ اقدام ٹیرف کو 10.6 فیصد سے کم کر کے جنوبی ایشیا میں سب سے کم کر دے گا۔ رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف سے ریلیف کی مقامی کاروں کی قیمتوں پر اثر پڑنے کی توقع ہے جو عام طور پر آٹو سیکٹر پر درآمدات اور متعلقہ اخراجات میں کمی کے نتیجے میں کم ہوں گی، کمی اس سال جولائی میں شروع ہوگی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ٹیرف میں کمی جولائی 2025 سے نافذ کی جائے گی، 2030 تک 6 فیصد شرح حاصل کرنے کا ہدف ہے، ٹیرف میں کمی 2 پالیسیوں کے تحت ہوگی، اول: نیشنل ٹیرف پالیسی جس کا ہدف 2030 تک 7.4 فیصد ہے اور دوئم: آٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ پالیسی (اے آئی ڈی ای پی) جو آٹو موبائل سیکٹر میں ٹیرف کو مزید کم کرے گی، آٹو موبائل سیکٹر کو چھوڑ کر ٹیرف پہلے سے طے شدہ 7.1 فیصد کے بجائے 7.4 فیصد مقرر کیا جائے گا۔ دیگر اہم تبدیلیوں میں اضافی کسٹم ڈیوٹی کا مکمل خاتمہ، ریگولیٹری ڈیوٹی میں 80 فیصد کمی اور کسٹم ایکٹ کے 5 ویں شیڈول کے تحت بعض رعایتوں کو واپس لینا شامل ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نئی پالیسی سے مخصوص اشیا پر 7 فیصد اضافی کسٹم ڈیوٹی اور صفر ٹیرف سلیب پر 2 فیصد ڈیوٹی بھی ختم ہوجائے گی، جو اس سال جولائی سے لاگو ہوگی، اگرچہ آئی ایم ایف نے ابتدائی طور پر 5 فیصد سابقہ اوسط ٹیرف میں کمی کی کوشش کی تھی، لیکن وفاقی حکومت نے اسے 6 فیصد تک کم کرنے کا عہد کیا،

الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ میں ختم قرآن کی پروقار تقریب کا انعقاد

قرآن مجید قیامت تک انسانیت کیلئے سرچشمہ ہدایت اور حق و باطل کی کسوٹی ہے، سمیرا ظہور

کوئٹہ (یو این اے) الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ختم قرآن کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی ناظمہ زون سمیرا ظہور تھیں۔ الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ سواں گارڈن اسلام آباد میں منعقد ہونے والی اس پرنور محفل میں دورہ قرآن مکمل کرنے والی خواتین اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نظامت کے فرائض مدرسہ سامعہ محسن نے انجام دیے، تقریب کا آغاز خنسہ بلال نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نعت رسول مقبول کا نذرانہ ثمن زبیر نے پیش کیا، نورین لقمان نے ترانہ پیش کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سمیرا ظہور نے کہا کہ قرآن کریم پڑھنے کے ساتھ قرآن فہمی بہت ضروری ہے، قرآن کریم اللہ رب العالمین کا لازوال کلام ہے جو قیامت تک کی انسانیت کیلئے سرچشمہ ہدایت اور حق و باطل کی کسوٹی ہے، جس کا ہر حرف منارِ نور، ہر آیت مشعل راہ اور ہر جملہ ہدایت کی روشن دلیل ہے، قرآن مجید خالق کائنات کا وہ سدا بہار، دائمی، عالمی اور انقلابی پیغام ہے، جو کتاب ہدایت بھی اور کتاب زندگی بھی ہے۔ سمیرا ظہور کا کہنا تھا کہ قرآن و سنت عالم انسانیت کیلئے جامع دستور اور آئین ہدایت ہے۔ غیر اسلامی نظام اور قوانین مسائل کا حل نہیں ہیں

بازاروں اور گلیوں میں خواتین کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، مریم نواز

بازاروں میں خواتین کے تحفظ کیلئے "ویمن پولیس سکواڈ" پیدل، سائیکل اور موٹر سائیکل سوار ٹیمیں بازاروں اور مارکیٹوں میں گشت کریں گی

سکواڈ خواتین کو ہراساں کرنے، سماج دشمن عناصر کی سرگرمیوں کی نگرانی، خواتین، بچیوں کو پریشان کرنے کے واقعات کی روک تھام کریگا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خواتین، بچوں اور کمزور طبقات کیلئے قابل تحسین اور منفرد اقدام اٹھایا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر کے نمایاں بازاروں میں خواتین کے تحفظ کے لئے "ویمن پولیس سکواڈ" قائم کر دیئے گئے اور صوبہ بھر میں گشت شروع کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر بازاروں میں رش کے اوقات میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے خصوصی "ویمن پولیس سکواڈ" گشت کریں گی۔ ویمن پولیس سکواڈ کی پیدل، سائیکل اور موٹر سائیکل سوار ٹیمیں بازاروں اور مارکیٹوں کے پیدل سکواڈ بھی بازاروں اور مارکیٹوں میں نگرانی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ ویمن پولیس سکواڈ بازاروں اور مارکیٹوں میں شاپنگ کیلئے آنے والی خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات کی روک تھام کرے گا۔ ویمن پولیس سکواڈ بازاروں میں سماج دشمن عناصر کی سرگرمیوں کی نگرانی کرے گا۔ ویمن پولیس سکواڈ شاپنگ کیلئے آنے والی خواتین، بچیوں کو پریشان کرنے کے واقعات کا سدباب بھی کرے گا۔ بازاروں میں عید کے رش کے باعث خواتین سے موبائل، پرس چھیننے اور ڈکیتی وغیرہ کے واقعات کو روکنے میں مدد ملے گی۔ ویمن پولیس سکواڈ بھی بازاروں اور مارکیٹوں میں گشت کریں گی۔ لاہور، راولپنڈی، سیالکوٹ، فیصل آباد، گوجرانوالہ، چینیوٹ، بورے والا، وہاڑی، خانیوال اور دیگر شہروں میں ویمن پولیس سکواڈ کا بڑے تجارتی مراکز میں گشت شروع ہوگیا۔ لاہور میں ڈولفن پولیس کا خصوصی سکواڈ بھی مارکیٹوں اور بازاروں میں خواتین بچوں کے تحفظ اور معاونت کیلئے تعینات کر دیا گیا ہے۔ ڈولفن کوئیک ریسپانس سائیکل سکواڈ لاہور کے 65 بڑے تجارتی مراکز پر تعینات کیا گیا ہے۔ لاہور کے ڈی ایچ اے رایا، وائی لاگ، اچھرہ، انارکلی اور لبرٹی مارکیٹ میں سائیکل سکواڈ پٹرولنگ کر رہا ہے

دکی، کوئلہ کانوں کی بندش، مقامی مزدوروں کی زندگیاں متاثر ہیں، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان

غیر محفوظ کام کے حالات، ہنگامی امداد کی عدم دستیابی سے مزدور خوفزدہ ہیں، حکومت کوئلہ کانوں کی سیکورٹی کو یقینی بنائے، رپورٹ

کوئٹہ (اے ایف بی) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (ایچ آر سی پی) کی تحقیقاتی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ بلوچستان کے علاقے دکی میں کوئلہ کانوں کی بندش نے مقامی مزدوروں کی زندگیوں کو شدید متاثر کیا۔ سیکیورٹی خطرات، غیر محفوظ کام کے حالات اور ہنگامی امداد کی عدم دستیابی کے باعث مزدور نہ صرف خوفزدہ ہیں بلکہ روزگار کے محدود مواقع کے سبب شدید مالی مشکلات کا شکار بھی ہو رہے ہیں، اکتوبر 2024 میں دکی کی کوئلہ کانوں پر ایک دہشت گرد حملے میں کم از کم 21 مزدور جاں بحق ہوگئے تھے

فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کے لیے اسرائیلی ایجنسی کا قیام قابل مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت خارجہ نے قابض اسرائیلی حکام کی جانب سے غزہ کی پٹی سے فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کے لیے ایک ایجنسی کے قیام کے اعلان اور مغربی کنارے میں 13 غیر قانونی بستیوں کے محلوں کو الگ کرنے کی منظوری کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب نے اس اقدامات کو بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزی قرار دیا۔

غزہ میں ہماری عمارت پر حملے کا سبب اسرائیلی ٹینک بنا، اقوام متحدہ

جنگی فریق کو خوب اچھی طرح معلوم تھا جہاں بمباری کی گئی ہے اس جگہ پر اقوام متحدہ کی عمارت ہے، بیان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے غزہ میں اپنی عمارت پر بمباری کے علاوہ ایک بلغارین کارکن کی ہلاکت اور دیگر چھ کارکنوں کے زخمی ہونے کا سبب اسرائیلی ٹینک کو قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کے ترجمان سٹیفن دجارک نے کہا کہ عمارت پر حملے کا سبب اسرائیلی ٹینک کو قرار دینے کی بنیاد دستیاب معلومات ہیں۔ اقوام متحدہ کے ترجمان نے اس واقعے کے بارے میں بات کرتے ہوئے واضح لفظوں میں کہا کہ جنگی فریق کو خوب اچھی طرح معلوم تھا۔ کہ جہاں بمباری کی گئی ہے اس جگہ پر اقوام متحدہ کی عمارت ہے۔ ترجمان اقوام متحدہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کو اس واقعے کی وجہ سے مشکل فیصلہ کرتے ہوئے غزہ میں اپنے غیر مقامی سٹاف میں عارضی طور پر کمی کرنی پڑی ہے۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ اقوام متحدہ غزہ کو چھوڑ کر نہیں جا رہا



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

ایل این جی کی درآمدات میں 6 فیصد کمی

مکوآنہ (این این آئی) ایل این جی کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 6 فیصد کی کمی آئی ہے۔ پاکستان ادارہ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ایل این جی کی درآمدات پر 2.45 ارب ڈالر زرمبادلہ خرچ ہوا

مقتدر قوتوں نے حکومت میڈیا عدلیہ کو کنٹرول کر کے عوام کو نان شبینہ کے محتاج کر دیا، مولانا ہدایت

حکمرانوں کے بیانات اور کنٹرول میڈیا میں حقیقت کے برخلاف سب ٹھیک حقیقی طور پر تباہی و بربادی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کے بیانات اور کنٹرول میڈیا میں حقیقت کے برخلاف سب ٹھیک حقیقی طور پر تباہی و بربادی ہیں مقتدر قوتوں نے حکومت میڈیا عدلیہ کو تو کنٹرول کر لیا مگر ملک دیوالیہ عوام نان شبینہ کے محتاج ہوگئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو تجربہ گاہ بنا دیا گیا ہے عوام کی طرف سے مسترد کیے گئے

ہم نے راشن کی تقسیم کو شفاف اور منظم بنانے پر خصوصی توجہ دی ہے، اسسٹنٹ کمشنر سبی

حکومتی وسائل مستحقین کی مدد کے لیے بروئے کار لائے جارہے ہیں

سبی (ح ن) ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ کی نگرانی میں وزیر اعلیٰ رمضان راشن پیکج سائبان ویلفیئر ٹرسٹ کے دفتر میں حق داروں میں تقسیم کیا گیا، تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مستحق افراد کی مدد کے لیے وزیر اعلیٰ رمضان راشن پیکج کے تحت راشن کی تقسیم جاری ہے۔ اسی سلسلے میں سبی میں ڈپٹی کمشنر جناب جہانزیب شیخ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سبی جناب منصور علی شاہ نے مستحقین میں راشن تقسیم کیا۔ تقریب سبی میں سائبان ویلفیئر ٹرسٹ کے دفتر میں منعقد ہوئی، جہاں انتہائی منظم انداز میں غربا، مستحقین، معذور افراد اور خواتین میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر رسالدار لیویز لائن اپنے عملے کے ہمراہ موجود تھے تاکہ امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھا جا سکے اور مستحقین کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ راشن تقسیم کے دوران مستحق افراد نے حکومت بلوچستان کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی صوبائی کابینہ تحلیل، انتخابات 20 اپریل کو ہوں گے

کوئٹہ (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کی صوبائی کابینہ کا اجلاس صوبائی صدر حاجی مجیب اللہ غرشین کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں صوبائی کابینہ کی مدت مکمل ہونے پر اسے تحلیل کر کے 20 اپریل 2025 کو نئے انتخابات کرانے کا اعلان کیا گیا

یوکرین میں امن کے لیے ٹرمپ کے ویژن کی حمایت کرتے ہیں، برطانیہ

برطانیہ یوکرین اور روس کے درمیان مذاکرات کی کامیابی دیکھنا چاہتا ہے، وزیر دفاع

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر دفاع جان ہیلی نے کہا ہے کہ وہ یوکرین میں امن قائم کرنے کے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ویژن کی حمایت کرتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے ہاؤس آف کامنز میں ایک تقریر میں یہ بھی کہا کہ ان کا ملک یوکرین اور روس کے درمیان مذاکرات کی کامیابی دیکھنا چاہتا ہے لیکن وہ جنگ کو بھول کر امن کو خطرے میں نہیں ڈالے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ برطانیہ اس سال یوکرین کو 4.5 بلین ڈالر فراہم کرے گا۔ جان ہیلی نے یوکرین میں کسی بھی تصفیے میں دیرپا امن کو یقینی بنانے میں مداخلت اور مدد کرنے کے لیے برطانیہ اور فرانس کی قیادت میں اتحاد کا دفاع کیا۔

ادویہ سازی مصنوعات کی قومی برآمدات میں جنوری 2025 کے دوران 159.32 فیصد اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) ادویہ سازی کی مصنوعات کی قومی برآمدات میں جنوری 2025 کے دوران 159.32 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کی رپورٹ کے مطابق اس دوران برآمدات کی مالیت 15.3 ارب روپے تک بڑھ گئی

ٹرمپ اور محمد بن زاید کی فون پر گفتگو، غزہ جنگ بندی پر تبادل خیال

شیخ محمد کا غزہ کے لوگوں کو اہم انسانی امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور

نیویارک (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ میں جنگ بندی کی کوششوں پر تبادل خیال کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں رہنماؤں نے واشنگٹن اور ابوظہبی کے درمیان تزویری اہمیت کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے طریقوں کے ساتھ ساتھ متحدہ عرب امارات کے قومی سلامتی کے مشیر شیخ طحنون بن زاید کے حالیہ دورہ امریکہ پر بھی بات کی۔ دورے کے دوران متحدہ عرب امارات نے امریکہ میں 1.4 ٹریلین ڈالر کی 10 سالہ سرمایہ کاری کا عہد کیا

اورماڑہ کے ساحل پر قدرت کا انمول تحفہ، نایاب رسو ڈولفن کی دلکش آمد

تین میٹر سے زائد لمبائی والی یہ خوبصورت مخلوق ساحل پر موجود لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گئی

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ کے ساحل پر قدرت کا انمول تحفہ، نایاب رسو ڈولفن کی دلکش آمد منگل کی صبح اورماڑہ کے ساحل پر ایک حیرت انگیز منظر دیکھنے کو ملا، جب ایک نایاب رسو ڈولفن سمندر کی لہروں سے کھیلتے ہوئے ساحل کے بالکل قریب آ گئی۔ یہ دلکش منظر مقامی ماہی گیروں کے لیے خوشگوار حیرت کا باعث بنا۔ تین میٹر سے زائد لمبائی والی یہ خوبصورت مخلوق ساحل پر موجود لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ ماہی گیروں نے اس نادر موقع کو اپنے موبائل کیمروں میں محفوظ کر لیا۔ رسو ڈولفن بحیرہ عرب میں پائی جانے والی ایک نایاب نوع ہے اس کی بلنٹ سر، نمایاں ڈورسل فن اور مضبوط جسم اسے دیگر ڈولفنز سے ممتاز کرتے ہیں۔ مقامی ماہی گیروں نے اس نایاب مہمان کی آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے واپس سمندر میں چھوڑنے کا فیصلہ کیا



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



اسسٹنٹ کمشنر کچلاک نعمت اللہ ترین گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

روزنامہ بولان حب
BOLAN HUB
موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

عورت اور خواب

مارچ کا مہینہ دنیا بھر میں خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے منایا جاتا ہے اور میں ہمیشہ اس موقعے پر عورتوں کی جدوجہد قربانیوں اور کامیابیوں کو یاد کرتی ہوں۔ ہر سال یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ عورتوں نے اپنے حقوق کے لیے کتنی محنت کی ہے اور کتنی رکاوٹوں کو عبور کیا ہے، مگر اس بار میرے لیے یہ مہینہ کچھ خاص ہے۔

میں یہ سب اس خوشی میں لکھ رہی ہوں کہ سنیتا ولیمز خلا میں نو مہینے پھنسے رہنے کے بعد بحفاظت زمین پر واپس آچکی ہیں۔ ان کا آٹھ دن کا مشن تکنیکی خرابی کی وجہ سے طویل ہوگیا تھا مگر انھوں نے نہ صرف خود کو سنبھالا بلکہ دنیا کو ایک بار پھر یہ پیغام دیا کہ عورتیں کسی بھی بحران میں حوصلہ اور ہمت سے مقابلہ کرسکتی ہیں۔

سنیتا ولیمز کی کہانی صرف ایک خلانورد کی بہادری کی داستان نہیں بلکہ یہ ایک پیغام بھی ہے، ایک ایسی دنیا کے لیے جو آج بھی عورت کو کمزور اور محدود سمجھتی ہے۔ یہ کہانی اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر عورتوں کو موقع اور وسائل دیے جائیں تو وہ زمین ہی نہیں خلا تک بھی جاسکتی ہیں اور زندہ سلامت واپس آکر تاریخ رقم کرسکتی ہیں۔

سنیتا کا پس منظر بھی اتنا ہی دلچسپ ہے جتنا ان کا خلائی سفر۔ ان کے والد انڈیا کے ایک چھوٹے سے گاں سے ہجرت کر کے امریکا گئے تھے اور والدہ سلووینیا سے تھیں۔ یہ اس بات کا مظہر ہے کہ کوئی بھی فرد چاہے کسی بھی خطے سے ہو اگر اسے مواقع میسر آئیں تو وہ دنیا کے سب سے اونچے مقام تک پہنچ سکتا ہے۔ سنیتا نے نیوی میں خدمات انجام دیں اور پھر ناسا کے ذریعے خلا میں دو بار سفر کیا۔ ان کے سفر سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ عورتیں کمزور نہیں ہوتیں، اگر انھیں سازگار حالات دیے جائیں تو وہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتی ہیں۔

یہی حقیقت ہمیں پاکستان کی تاریخ میں بھی نظر آتی ہے۔ جب بینظیر بھٹو نے پاکستان کی پہلی خاتون وزیرِ اعظم بن کر دنیا بھر کو حیران کردیا تھا تو یہ صرف ان کی اپنی کامیابی نہیں تھی، یہ ہر اس عورت کے خواب کی جیت تھی جسے یہ کہا جاتا تھا کہ سیاست مردوں کا میدان ہے۔ بینظیر نے دنیا کو دکھایا کہ عورتیں صرف گھر کی دہلیز تک محدود نہیں بلکہ ملک کی قیادت بھی کرسکتی ہیں۔

اسی طرح ملالہ یوسفزئی کی کہانی بھی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر عورتوں کو تعلیم اور آزادی دی جائے تو وہ نہ صرف خود کو سنوار سکتی ہیں بلکہ پوری دنیا میں انقلاب لا سکتی ہیں۔ ملالہ پر حملہ کرنے والے یہ سمجھے تھے کہ ایک 15 سال کی بچی کو خاموش کراسکتے ہیں مگر وہ خاموش نہ ہوئی۔

اس نے دنیا کے سب سے بڑے ایوانوں میں کھڑے ہوکر لڑکیوں کی تعلیم کا مقدمہ لڑا اور نوبل انعام جیت کر ثابت کردیا کہ عورتوں کو دبایا نہیں جاسکتا۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ پاکستان میں آج بھی لڑکوں اور لڑکیوں کی پرورش میں واضح فرق رکھا جاتا ہے۔ لڑکوں کو آزادی دی جاتی ہے ان کے خوابوں کو حقیقت بنانے کے لیے والدین خود قربانی دیتے ہیں مگر لڑکیوں کو یہ سکھایا جاتا ہے کہ ان کا سب سے بڑا مقصد اچھی بیوی اور اچھی ماں بننا ہے۔ لڑکی اگر پڑھائی میں اچھی ہو بھی تو یہ کہا جاتا ہے کہ آخر کو شادی ہی کرنی ہے، پڑھائی کا کیا فائدہ؟

یہ فرق ہمیں سماجی رویوں، تعلیم، ملازمت اور تنخواہوں میں بھی نظر آتا ہے۔ حال ہی میں ایک رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ پاکستان میں مردوں اور عورتوں کی تنخواہوں میں 25 سے 30 فیصد تک کا فرق پایا جاتا ہے یعنی اگر ایک مرد 1000 روپے کماتا ہے تو اسی کام کے بدلے عورت کو صرف 700 سے 750 روپے دیے جاتے ہیں۔ غیر رسمی شعبوں میں یہ فرق اور بھی بڑھ جاتا ہے جہاں عورتوں کو 40 فیصد تک کم اجرت دی جاتی ہے۔ یہ فرق اس بات کی علامت ہے کہ ہماری سماجی سوچ آج بھی عورت کو مرد سے کمتر سمجھتی ہے۔ اسی عدم مساوات کی جھلک ہمیں وراثت میں بھی نظر آتی ہے جہاں بیٹیوں کو جائیداد سے محروم رکھا جاتا ہے یہ سوچ کر کہ بیٹی پرایا دھن ہے اور جائیداد کا حقدار صرف بیٹا ہے۔

سنیتا ولیمز، بینظیر بھٹو اور ملالہ یوسفزئی جیسی خواتین روشنی کی کرن ہیں جو دنیا کو بتاتی ہیں کہ عورتیں کسی سے کم نہیں۔ سنیتا کی کہانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ عورت اگر خلا میں جاسکتی ہے تو وہ زمین پر اپنی جگہ کیوں نہیں بنا سکتی؟ بینظیر بھٹو نے وزیرِ اعظم بن کر اور ملالہ یوسفزئی نے نوبل انعام جیت کر دنیا کو دکھا دیا کہ پاکستانی خواتین بھی کسی سے پیچھے نہیں۔ مگر ہمیں یہ بھی یاد رکھنا ہوگا کہ صرف چند نمایاں کامیابیاں کافی نہیں ہیں۔ ہمیں اس سوچ کو جڑ سے ختم کرنا ہوگا جو عورت کو کمزور اور کمتر سمجھتی ہے۔ ہر عورت کو اپنی زندگی کے فیصلے خود کرنے کا حق ہونا چاہیے، چاہے وہ گھر میں ہو یا باہر تعلیم میں ہو یا نوکری میں۔

آئیں ! مارچ کے مہینے میں یومِ خواتین کی مناسبت سے یہ عہد کریں کہ ہم اپنی بیٹیوں کو روایتی زنجیروں میں قید کرنے کے بجائے انھیں آزاد پرواز کرنے دیں گے کیونکہ خواب صرف دیکھنے کے لیے نہیں ہوتے، انھیں حقیقت کا روپ دینا ہوتا ہے اور ہماری بیٹیاں یہ حقیقت بنانے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں۔ اپنی بیٹیوں، بہنوں کو وہ اعتماد دیں کہ وہ نہ صرف خواب دیکھ سکیں بلکہ اس کی تعبیر بھی پاسکیں

سندھی زبان

تحریر: عبدالحمید

سندھی زبان ایک انڈو آرین زبان ہے جو پاکستان کے عظیم صوبے سندھ کے 3 کروڑ باسیوں کی ماں بولی ہے۔ صوبہ سندھ میں اس زبان کو سرکاری زبان کی حیثیت حاصل ہے۔ صوبہ سندھ کے علاوہ یہ زبان بھارت میں ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد کی زبان ہے لیکن وہاں یہ ایک شیڈول زبان ہے۔ سندھی زبان پاکستان میں عربی و فارسی رسم الخط میں تحریر کی جاتی ہے جب کہ بھارت میں اسے زیادہ تر دیوناگری رسم الخط میں لکھا جاتا ہے۔

تاریخ میں اس زبان کا پہلا تذکرہ مہابھارتا میں ملتا ہے جو 2 سو سال قبل مسیح سے 2 سو عیسوی کے درمیان ترتیب دیا گیا۔ سندھی زبان کا سب سے پرانا مکمل مخطوطہ قرآنِ پاک کا سندھی ترجمہ ہے، جو 883 عیسوی میں کیا گیا۔ سندھی زبان برصغیر کی وہ پہلی زبان ہے جس کا فارسی اور عربی زبان سے اس وقت رابطہ ہوا جب مغرب کی سمت سے فارس و عرب کے لوگ سندھ میں داخل ہوئے۔ اس بات کے بھی کافی ثبوت ملتے ہیں کہ سندھ کے لوگ اس وقت کی اسلامی حکومت کے دارالحکومت بغداد میں پہنچ کر خاص و عام کو سندھی صوفی اشعار سناتے تھے۔ سندھی زبان موہنجودڑو زمانے سے ہی سیدھے ہاتھ سے الٹے ہاتھ کی طرف لکھی جاتی رہی ہے۔

زمانہ وسطی میں سندھی زبان نے خوب ترقی کی۔ اس دور میں شاہ عبداللطیف بھٹائی جیسے بڑے اور عظیم شاعر پیدا ہوئے۔ برطانوی دور میں اس زبان کی ترقی جاری رہی۔ 1947 میں آزادی کے بعد سندھی زبان خوب پھلی پھولی اور اس کے فروغ کے لیے کئی ادارے وجود میں آئے۔ اسمٰعیلی فرقے کے گیارھویں صدی عیسوی کے مذہبی لٹریچر کی زبان تقریباً سندھی ہی ہے۔ پیر نورالدین اسمٰعیلی نے اسی زبان میں لکھا۔ سندھی زبان کے معلوم ادب میں جن شعرائے کرام کا سب سے پہلے کام نمایاں ملتا ہے ان میں قاضی قدن 1493-155، شاہ عنایت رضوی (1613-1701)، شاہ عبدالکریم (1538-1623) شامل ہیں۔ یہ سب صوفی شاعر تھے اور انھوں نے اپنے زمانے کے ادب پر گہرا اثر ڈالا۔ اس کے علاوہ کچھ قصے بھی بہت اہم رہے اور ان قصوں نے سندھی زبان و ادب کے فروغ میں بہت بڑا حصہ ڈالا جیسے سسی پنوں، سوہنی ماہینوال، نوری جام تماچی، مومل رانو اور لیلاں۔

1843 میں برطانوی راج نے جب سندھ کو فتح کرلیا تو یہ علاقہ بمبئی پریزیڈنسی کا حصہ بنالیا گیا۔ اس کے تقریباً 5 سال بعد 1848 میں سندھ کے اس وقت گورنر جارج کلارک نے سندھی کو صوبے کی سرکاری زبان قرار دیا اس طرح صوبے سے فارسی کی تہذیبی اور ادبی برتری کا خاتمہ شروع ہوا۔ سر بارٹل فریئر نے جو سندھ کے کمشنر تھے 21 اگست 1857 کو ایک حکمنامے کے ذریعے سندھ میں تمام سرکاری اہلکاروں کو سندھی زبان میں پروفیشنسی ٹیسٹ پاس کرنے کی تلقین کی۔ اس نے سرکاری کاغذات سندھی میں تیار کرنے کو ترجیح دی 1868 میں بمبئی پریزیڈنسی نے نارائن جگن ناتھ کو مامور کیا کہ وہ سندھی ابجد کو خدا بادی رسم الخط سے بدل دے۔

اس کوشش سے سندھ کے مسلمانوں کی اکثریت کے اندر کافی ہیجان بپا ہوا جس کو دبانے کے لیے 12 مرتبہ مارشل لا لگانا پڑا لیکن آخر کار سندھی زبان کے رسم الخط میں ریفارمز لانے کی بنا پر معاملہ طے ہوا۔ یہیں سے ماڈرن سندھی زبان و ادب کا دور شروع ہوا 1867 میں محمدی پریس بمبئی نے سندھی زبان میں لکھی گئی مخطوطات کو پہلی دفعہ پریس میں چھاپا۔ ان شائع شدہ مخطوطات میں محمد ہاشم ٹھٹوی کی تحریر کردہ اسلامی کہانیاں بھی شامل ہیں۔ فی الحال ماڈرن سندھی ادب کو کسی دوسرے کالم کے لیے اٹھا رکھتے ہیں۔

تقسیم برصغیر کے بعد سندھی ادب دو دھاروں میں بٹ گیا۔ پاکستان میں سندھی ادب اردو ادب سے تحریک لیتے ہوئے اور اردو ادب سندھی ادب سے مستعار لیتے ہوئے آگے بڑھنے لگا جب کہ بھارت میں بھی سندھی ادب کا فروغ جاری رہا لیکن اس پر ہندی ادب کی چھاپ گہری ہوجاتی رہی۔ پاکستان میں 2017 تک 30.26 ملین افراد جو پاکستان کی کل آبادی کا 14.6 فی صد ہیں، کی زبان سندھی ہے اور یہ ان کی فرسٹ لینگوئج ہے۔ اس میں سے 29.5 فی صد آبادی صوبہ سندھ میں اور 0.66 ملین بلوچستان کے کچھی، لسبیلہ، حب، صوحبت پور، جعفر آباد، جھل مگسی، استا محمد اور نصیر آباد میں رہتے ہیں۔

بھارت میں سندھی بولنے والے سب سے زیادہ گجرات اور مہاراشٹرا میں رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ راجستھان، مدھیا پردیش، چھتیس گڑھ، آندھرا پردیش حتیٰ کہ دہلی میں بھی کوئی تیس ہزار افراد کی زبان سندھی ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد سندھی زبان کو کافی فروغ حاصل ہوا۔ سندھ اسمبلی نے ایک قرارداد میں کہا کہ سندھ کے تمام سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں میں سندھی کو ایک لازمی سبجیکٹ کے طور پر پڑھایا جائے۔ اسی طرح وزیرِ تعلیم سندھ سید مراد علی شاہ نے اپنے دورِ وزارت میں یہ بھی حکم دیا کہ تمام اسکولوں میں سندھی پڑھانے والے اساتذہ بھرتی کیے جائیں۔

اس طرح ان تمام اسکولوں میں جہاں میٹرک کروایا جاتا ہے، سندھی زبان لازمی ہے لیکن کیمبرج اسکول آف سسٹم میں تعلیم دینے والے اسکولز اس سے مستثنیٰ ہیں۔ بھارت کے اسکولوں میں سندھی ایک شیڈول زبان کا درجہ رکھنے کی وجہ سے ایک آپشنل زبان کے طور پر لی جاسکتی ہے۔ سندھی معاشرے میں سیدوں اور پیروں کا بہت اثر و رسوخ رہا ہے۔ شاعری میں بھی یہی لوگ ممتاز رہے ہیں۔ پیر شمس سبزواری، پیر شہاب الدین اور پیر صدرالدین کو سندھی زبان کا اہم شاعر گردانا جاتا ہے۔

پیر صدرالدین اپنے وقت کے بڑے شاعر اور ولی تھے۔ انھوں نے گجراتی، پنجابی اور سرائیکی میں بھی لکھا۔ ان کے زیادہ تر اشعار لاری اور کچھی لہجے میں ہیں۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی بلاشبہ سندھی زبان کے سرخیل شاعر ہیں۔ آپ حالہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق ہرات سے سندھ آنے والے کاظمی سیدوں سے ہے۔ آپ کوٹڑی مغل میں پلے بڑھے۔ 20 سال کی عمر میں گھر کو چھوڑ کر سندھ کے طول و عرض میں صوفیوں اور جوگیوں سے ملنے نکل کھڑے ہوئے۔ تین سال کی سیاحت کے بعد لوٹے تو شادی ہوگئی لیکن آپ کی اہلیہ جلد ہی فوت ہوگئیں۔ شاہ صاحب نے پھر کبھی شادی نہیں کی۔ ان کے تقویٰ اور روحانیت کے سبب لوگ ان کی طرف کھنچے چلے آئے۔ ان کی نظموں اور اشعار کو ان کے عقیدت مندوں نے شاہ جو رسالو میں جمع کیا۔ شاہ صاحب کی شاعری زیادہ تر مذہبی اور صوفیانہ ہے۔ وہ مقامی فوک لور اور الٰہی محبت کو یکجا کرنے کے فن سے آشنا تھے۔

ان کی شاعری نغمگی سے بھرپور ہے اور گا کر پڑھنے کے لیے بہت موزوں ہے۔ شاہ صاحب کی شہرت پاکستان اور پاکستان سے باہر چار دانگِ عالم پھیل چکی ہے۔ بھٹ شاہ میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے، جہاں ہر رات آپ کی ابیات ذوق و شوق سے گائی جاتی ہیں۔ یوں تو شعر موزوں کرنا بہت بڑا فن ہے اور ہر شاعر ہی لائقِ تحسین ہے لیکن جناب سچل سرمست سندھی زبان کے ایک اور ممتاز شاعر ہیں وہ تالپور عہد کے بڑے شاعر ہیں، ان کو شاعرِ ہفت زبان بھی کہا جاتا ہے۔ سچل جو رسالو میں ان کا کلام جمع کیا گیا ہے۔

کیا یہ ثبوت کافی نہیں؟

ہماری بدقسمتی ہے کہ کائناتوں کے خالق کی کتاب جسے اس نے خود ہدایت، رحمت اور حکمت قرار دیا ہے، ہمارے پاس الماریوں میں پڑی رہتی ہے مگر ہم اس سے مستفیض نہیں ہوتے اور کھول کر نہیں دیکھتے۔ رمضان برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے، اس کی برکتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہم کتابِ حق کا مطالعہ شروع کردیتے ہیں۔

اگر قرآنِ کریم کو بامحاورہ ترجمے اور کسی بڑے اسکالر کی تشریح کے ساتھ پڑھا جائے تو پھر بے حد لطف آتا ہے، اپنے خالق کے ساتھ ایک تعلق قائم ہوجاتا ہے اور ہر صفحے پر اس کی رحمتیں اور اس کی حکمتیں نظر آنے لگتی ہیں۔ کتابِ اللہ کی سورہ الملک پڑھنی شروع کی تو خالقِ کائنات کی طاقت اور حکمت کا نئے سرے نہایت بزرگ و برتر ہے، وہ جس کے ہاتھ میں کائنات کی سلطنت ہے۔

(یعنی تمام اختیارات کا مالک اور شہنشاہِ کائنات وہی ہے) اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے جس نے موت اور زندگی کو ایجاد کیا تاکہ تمہیں آزما کر دیکھے کہ تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے۔ اور وہ زبردست بھی ہے اور درگزر فرمانے والا بھی۔ جس نے تہ بہ تہ سات آسمان بنائے۔ تم رحمان کی تخلیق میں سے کسی قسم کی بے ربطی نہ پاگے۔ پھر پلٹ کر دیکھو تمہیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟ بار بار نگاہ دوڑا، تمہاری نگاہ تھک کر نامراد پلٹ آئے گی

تاریخ انسانی میں خدا ہونے کا دعویٰ نمرود یا ایک آدھ اور بادشاہ نے کیا ضرور ہے مگر صرف حکمران ہونے کی حد تک۔ خالقِ کائنات ہونے کا دعویٰ کرنے کی ہمت کسی نے نہیں کی۔ اور پھر اپنی تخلیق کے بارے میں اتنا یقین سے دعویٰ کرنا کہ کوشش کر کے دیکھ لو، پوری کائنات میں تمہیں کوئی نقص اور کوئی infimity نظر نہیں آئے گی، ایسا دعویٰ کائنات کے اصلی اور حقیقی خالق کے سوا کوئی اور کرہی نہیں سکتا۔ یہ دعویٰ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کئی بار دھرایا ہے مگر دنیا کا کوئی سائنسدان، ریاضی دان یا ماہرِ طبیعات آج تک اس دعوے کو نہیں جھٹلا سکا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ اس کائنات میں حیرت انگیز قسم کا توازن اور تناسب ہے جو ہر باشعور شخص کو نظر آتا ہے۔

اس کی عظیم الشان کائنات میں کہیں معمولی سا بھی جھول، بدنظمی، بے ترتیبی یا بے ربطی نظر نہیں آتی۔ مفسرین کی یہ بات درست ہے کہ دنیا بھر کے سائنسدان، طاقتور ترین ... بارے میں صاحبانِ عقل و دانش کے لیے یہی ثبوت کافی نہیں ہے کہ اتنی عظیم الشان کائنات کے تمام اجزا باہم مربوط ہیں اور ان میں کمال درجے کا تناسب پایا جاتا ہے۔

چند روز پہلے سورہ المرسلت پڑھنے کا موقع ملا، اس کے آغاز میں ہی اللہ تعالیٰ نے مختلف قسم کی ہواں کی قسم کھائی ہے۔ ہم نے کبھی ہواں کی اہمیت کو محسوس نہیں کیا حالانکہ ہوا انسانی زندگی کی بقا اور نشوونما کے لیے سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ ہوا کو ہم اس طرح taken for granted لیتے ہیں کہ اس کی اہمیت اور افادیت کا احساس ہی جاتا رہا ہے۔ یقیناً ہوا کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے ہوا کی قسم، ہواں کا خالق ہی اٹھا سکتا ہے۔

صاحبِ تفہیم القرآن لکھتے ہیں کہ زمین پر جن اسباب سے حیوانی اور نباتی زندگی ممکن ہوئی ہے ان میں سے ایک نہایت اہم سبب ہوا ہے۔ ہوا کا ہر قسم کی زندگی کے ساتھ جو تعلق ہے وہ اس بات کی شہادت دے رہا ہے کہ کوئی قادرِ مطلق اور عظیم اور حکیم خالق ہے، جس نے اس کرہ خاکی پر زندگی کو وجود میں لانے کا ارادہ کیا تو پھر ایک ایسی چیز پیدا کی جس کی صفات زندہ مخلوقات کے وجود کی ضروریات کے ساتھ ٹھیک ٹھیک مطابقت رکھتی ہیں۔ اس نے اپنی قدرت اور حکمت سے اس ہوا میں بیشمار مختلف کیفیات پیدا کردی ہیں جن کی بدولت لاکھوں کروڑوں سالوں سے موسم پیدا ہوتے ہیں۔ کبھی گرمی آتی ہے اور کبھی سردی۔ کبھی بادل آتے ہیں۔

کبھی نہایت نفع بخش بارش ہوتی ہے اور کبھی تباہ کن طوفان آجاتے ہیں۔ غرض ایک ہوا نہیں، طرح طرح کی ہوائیں ہیں جو اپنے اپنے وقت پر چلتی ہیں اور ہر ہوا کسی نہ کسی مقصد کو پورا کرتی ہے۔

یہ انتظام کمال درجے کی حکمت اور دانائی کا ثبوت ہے۔ اس حیرت انگیز انتظام کے مقابلے میں انسان اتنا بے بس ہے کہ وہ اپنے لیے نہ ہی اپنے مطلب کی ہوا طلب کرسکتا ہے اور نہ ہی اپنے اوپر ہلاکت خیز ہوا کا طوفان آنے سے روک سکتا ہے۔ یہ ہوائیں انسان کو یاد دلاتی رہتی ہیں کہ اس کے اوپر کوئی زبردست اقتدار کارفرما ہے جو زندگی کے اس سب سے بڑے ذریعے کو جب چاہے اس کے لیے رحمت اور جب چاہے ہلاکت کا سبب بنا سکتا ہے، اور ...

لندن پلان، فیض فیکٹر

پچھلی چھ دہائیوں سے وطن عزیز کی سیاسی اکھاڑ پچھاڑ، تحریکوں کا چشم دید گواہ ہوں۔ حاصل کلام، کسی بھی حکومت کیخلاف سڑکوں پر آئیں، امریکی اثر و رسوخ مدد کو آتا ہے ...

... چاہتے تھے بلکہ ٹویٹ بھی کردی تھی کہ پاکستان واپس آرہا ہوں۔ کیا مجبوری تھی کہ اگلے ہی لمحے کسی دوسرے ملک کے جہاز پر سوار، چند گھنٹے بعد جنرل عاصم کی تعیناتی رکوانے ...

... تھے۔ شنید ! لندن میں جہاں ہمارے قومی رہنماؤں کے ڈیرے وہاں امریکی حکام بھی موجود جبکہ سعودی شاہ سلیمان کا پیغام لیے سعودی وزیر قدم بہ قدم، سب باجماعت جنرل عاصم کی تعیناتی رکوانے پر متفق و مصر تھے۔ بھولنا نہیں ! اکتوبر 2022 میں عمران خان نے بھی کمال ڈھٹائی سے میر جعفر کو دوسری توسیع دینے کا شدومد سے مطالبہ فرمادیا۔ بقول جنرل ...

کیا ڈیڈ لاک ٹوٹ سکے گا؟

پاکستان کا طاقتور حکمران طبقہ ہمیشہ سے کہتا چلا آرہا ہے کہ ملک کا سرکاری ڈھانچہ اور نظام بالکل ٹھیک ہے اور جو لوگ نظام پر تنقید کرتے ہیں تو انھیں حقائق کا علم نہیں ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اہل دانش یا رائے عامہ بنانے والے افراد یا ادارے اپنی مخصوص سوچ کی بنیاد پر معاشرے میں مایوسی پھیلاتے ہیں حالانکہ مایوسی کی کوئی بات نہیں ...

... محض کتابوں یا لفاظی تک محدود ہوں گے تو اس کا مطلب ہے کہ معاشرے کے اہل علم عملی جدوجہد نہیں کررہے ہیں۔ اس کی وجہ سے روایتی طاقتور طبقات فسطائیت کا شکار ہوتے ہیں۔ اس وقت بھی ہمیں جن بڑے چیلنجز کا سامنا ہے۔

ان میں سیاسی اور جمہوری بنیادوں پر ریاستی نظام کو آگے بڑھانا، حکومت، حزب اختلاف اور اسٹیبلشمنٹ ...

سرکاری ملازمین کا تحفظ، حقوق کا دفاع حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، حکیم خان یوسفزئی

حکومت ملازمین کو قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھتی، درپیش مسائل کے حل کیلئے موثر پالیسی سازی اور ٹھوس فیصلے کیے جارہے ہیں

سوات (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے لائیوسٹاک، فشریز و کوآپریٹیو فضل حکیم خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کا تحفظ اور ان کے حقوق کا دفاع صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی حکومت ملازمین کو قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، ملازمین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر پالیسی سازی اور ٹھوس فیصلے کیے جارہے ہیں تاکہ وہ بلاخوف و خطر اپنی ذمہ داریاں مزید جانفشانی اور دیانتداری کے ساتھ ادا کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر نے ویٹرنری ہسپتال سیدو شریف میں محکمہ فشریز کے ملازمین کے اعزاز میں منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی سلطان روم، ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر سردار علی، مختلف ویلج کونسلوں کے چیئرمینوں، آل درجہ چہارم ملازمین ضلع سوات کے صدر سید خطاب، پی ٹی آئی کے کارکنان و عہدیداران سمیت فشریز کے ملازمین کی کثیر تعداد موجود تھی۔ تقریب میں محکمہ فشریز کے ملازمین نے صوبائی وزیر کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ذاتی دلچسپی اور عزم کے نتیجے میں محکمہ فشریز کے ملازمین کا دیرینہ مسئلہ حل ہوا اور انہیں دوبارہ اپنے اصل محکمے میں مستقل بنیادوں پر تعینات کیا گیا۔ اس موقع پر ملازمین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں دیانتداری، محنت اور لگن سے ادا کرتے رہیں گے

صحت کے شعبے میں ہماری کامیابیوں کو موجودہ حکومت نے الٹ دیا، یاسمین راشد کا وائٹ پیپر

آڈیٹر جنرل نے پنجاب کے صحت کے شعبے میں 1 کھرب روپے سے زائد کی بے ضابطگیاں رپورٹ کی ہیں

لاہور (این این آئی) نو مئی کے مقدمات میں گرفتار تحریک انصاف کی سینئر رہنما سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے ’’پنجاب میں صحت کے شعبے کی اصلاحات، ان میں آنے والے بگاڑ اور بہتری کی طرف واپسی کا جائزہ‘‘ کے عنوان سے وائٹ پیپر جاری کر دیا۔ پی ٹی آئی کے میڈیا سیل کی جانب سے جاری کیے گئے وائٹ پیپر میں 2018ء سے 2022ء تک پنجاب کے صحت کے نظام کی تبدیلی، 2023ء سے 2025ء کے دوران اس کے انہدام اور 2025ء کے سیلابوں کے ذریعے بے نقاب ہونے والے موجودہ بحران کی تفصیلات درج کی گئی ہیں۔ یاسمین راشد کی جانب سے جاری کیے گئے وائٹ پیپر میں دکھایا گیا ہے کہ پی ٹی آئی کی اصلاحات نے پاکستان کا پہلا یونیورسل ہیلتھ کیئر ماڈل قائم کیا۔ صحت سہولت کارڈ کے ذریعے پنجاب کے 2 کروڑ 93 لاکھ خاندانوں میں سے ہر ایک کو سالانہ 10 لاکھ روپے کا علاج فراہم کیا گیا، 900 سے زائد ہسپتال جن میں 654 نجی ادارے شامل تھے اس پروگرام میں رجسٹر ہوئے۔ 2022ء تک 42 لاکھ سے زائد خاندانوں کو علاج فراہم کیا گیا، جس میں ڈائیلاسز سے لے کر اعضاء کی پیوندکاری تک شامل تھی



لاہور، محمد شہباز ہسپتال میں فلاحی ادارہ چرچ آف جیسس کرائسٹ کے وفد گروپ فوٹو

پہلا ویمنز ون ڈے انٹرنیشنل، پاکستان اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں (آج) کو مدمقابل

ورلڈکپ سے قبل اس طرح کی سیریز کا ٹیم کو بہت فائدہ ہوتا ہے' کپتان قومی ٹیم فاطمہ ثناء

لاہور (این این آئی) پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان پہلا ون ڈے انٹرنیشنل آج بروز منگل کو قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔ تین میچوں کی سیریز کے اگلے دو ون ڈے انٹرنیشنل بھی لاہور میں 19 اور 22 ستمبر کو کھیلے جائیں گے۔ تینوں میچز دوپہر ساڑھے تین بجے شروع ہونگے۔ یہ سیریز پاکستان ویمنز ٹیم کے لیے بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ جسے 30 ستمبر سے شروع ہونے والے آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ میں حصہ لینا ہے۔ پاکستان ویمنز ٹیم اپنا پہلا میچ 2 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف کولمبو میں کھیلے گی۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ کوالیفائر میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام پانچوں میچ جیتے تھے۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے جنوبی افریقہ ویمنز کے خلاف سیریز کی تیاری کے لیے کیمپ میں بھی ہیڈ کوچ محمد وسیم کی نگرانی میں سخت ٹریننگ کی ہے۔ کپتان فاطمہ ثناء کا کہنا ہے کہ ورلڈکپ سے قبل اس طرح کی سیریز کا ٹیم کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ کھلاڑیوں کے لیے اچھا موقع ہے کہ انہوں نے پورے سال جو تیاری کی ہے اسے میدان میں عملی جامہ پہنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سب کو پتہ ہے کہ پاکستان ٹیم بولنگ پر انحصار کرتی ہے لہذا اس بار کوشش ہوگی کہ بیٹنگ کی طرف سے بھی سپورٹ ملے کیمپ میں بیٹنگ پر بھی کافی توجہ دی گئی ہے۔ جنوبی افریقہ ویمنز ٹیم کی کپتان لارا وولوارٹ بھی اس سیریز کو ورلڈکپ کی تیاری کے سلسلے میں اہم قرار دیتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ورلڈکپ میں بھی اسی طرح کی کنڈیشنز ہونگی لہذا یہ ایک اچھی تیاری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک اچھی ٹیم ہے۔ اس کے پاس چند اچھی بیٹرز ہیں اور سپن کو اچھا کھیلنے والی کھلاڑی بھی ہیں۔ سیریز میں اچھا مقابلہ رہے گا۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین ٹیموں کے درمیان ابتک 28 ون ڈے انٹرنیشنل کھیلے جاچکے ہیں جن میں پاکستان نے 5 جیتے ہیں۔ 21 میں جنوبی افریقہ نے کامیابی حاصل کی ہے۔ ایک میچ ٹائی ہوا ہے اور ایک کا نتیجہ برآمد نہیں ہوا ہے


اسلام آباد، سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی مہم کے آغاز کے دوران بچی کو ایچ پی وی ویکسین لگائی جا رہی ہے

صدر الخدمت فاؤنڈیشن ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن سیلاب سے متاثرہ جلالپور پیروالا ملتان پہنچ گئے

جلالپور کی پانچ لاکھ آبادی سیلاب سے متاثر، پانی میں پھنسے افراد کو 16 کشتیوں کے ذریعے ریسکیو کرنے کا سلسلہ جاری ہے

لاہور (این این آئی) صدر الخدمت فاؤنڈیشن ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن سیلاب سے متاثرہ جلالپور پیروالا ملتان پہنچ گئے۔ کشتی کے ذریعے سیلاب میں پھنسے خاندانوں کے پاس پہنچ کر ملاقات کی، انھیں تیار کھانا، فوڈ پیکج، پانی سمیت دیگر امدادی سامان فراہم کیا اور انھیں حوصلہ دیا۔ وائس چیئرمین الخدمت ڈیزاسٹر مینجمنٹ اکرام الحق سبحانی، صدر الخدمت جنوبی پنجاب احمد عمار یاسر، نائب امیر جنوبی پنجاب صہیب عمار صدیقی اور صدر الخدمت جلالپور پیروالا عدیل کریم بھٹی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن نے ذمہ داران اور رضا کاروں کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ دن رات متاثرین کی خدمت کرنے والے قوم کے ہیروز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جلالپور کی 8 لاکھ آبادی میں سے پانچ لاکھ سیلاب سے متاثر ہوئی، بڑی تعداد کو الخدمت و دیگر فلاحی تنظیموں نے محفوظ مقامات پر پہنچایا لیکن ڈیڑھ لاکھ اب تک سیلاب میں گھرے ہوئے ہیں۔ ان کے چاروں طرف 10 سے 18 فٹ تک گہرا پانی ہے جوان کے گھروں کے اندر بھی داخل ہو رہا ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن کی 16 کشتیوں کے ذریعے ان متاثرین کو ریسکیو کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ پانی میں گھرے ان خاندانوں تک تیار کھانا، پانی سمیت دیگر ضروریات بھی پہنچائی جا رہی ہیں۔ ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن نے کہا کہ متاثرہ جلالپور میں الخدمت کے رضا کار 13 ہزار افراد کی جانیں بچا کر انھیں محفوظ مقامات پر پہنچا چکے ہیں، جبکہ دو ہزار افراد کے لیے الخدمت نے خیمہ بستی قائم کی ہے

کسی عوامی نمائندے کو نا اہل کرنا صرف ایک عوامی آواز کو دبانا نہیں عوام کو انکے حق نمائندگی سے محروم کرنا ہے' سپیکر کی رولنگ

ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کے معطل ہونے والے 26 ارکان کی بحالی کے حوالے سے ایوان میں اپنا حتمی فیصلہ سنا دیا

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کے معطل ہونے والے 26 ارکان کی بحالی کے حوالے سے ایوان میں اپنا حتمی فیصلہ سنا دیا، سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنا فیصلہ رولنگ کے ذریعے سنایا جبکہ اجلاس میں حکومتی رکن ذوالفقار علی شاہ نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کی جانب سے اسمبلی کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن کے ذریعے زرعی انکم ٹیکس کی شرح مقرر کرنے کے خلاف تحریک استحقاق پیش کردی۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس مقررہ وقت کی بجائے ایک گھنٹہ 54 منٹ کی تاخیر سے سپیکر ملک محمد احمد خان کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر سپیکر کی ہدایت پر سیکرٹری اسمبلی نے سمیع اللہ خان، چوہدری افتخار چھچھر، شوکت راجہ، ذوالفقار علی شاہ، انعام رضا اور ارشد ملک پر مشتمل پینل آف چیئر پرسنز نامزد کئے۔ ایوان میں شہداء وزیرستان اور رکن اسمبلی ملک سعید خان کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجلاس کے آغاز پر ہی پریس گیلری میں موجود صحافیوں نے اپنے مطالبات کے حق میں ایوان کی کارروائی کے بائیکاٹ کر دیا جس پر سپیکر نے رانا ارشد اور امجد علی جاوید کو صحافیوں کے تحفظات سے آگاہی کے لئے بھجوایا۔ اس دوران سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کے 26 ارکان کی بحالی کے بعد اپنا حتمی فیصلہ بھی ایوان میں سنایا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنا فیصلہ رولنگ کے ذریعے سنایا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے سپیکر پنجاب اسمبلی کی جاری کی گئی رولنگ کے مطابق کسی عوامی نمائندے کو نا اہل کرنا صرف ایک عوامی آواز کو دبانا نہیں بلکہ عوام کو ان کے حق نمائندگی سے محروم کرنا ہے، متعدد ارکان بشمول وزیر خزانہ و پارلیمانی امور پنجاب، کی جانب سے پیش کردہ درخواستوں سے جو مسئلہ ابھرتا ہے وہ جدید جمہوریت کی بنیادوں یا جڑوں سے تعلق رکھتا ہے، کیا منتخب عوامی نمائندوں کو سپیکر یا الیکشن کمیشن منتخب ایوانوں سے نا اہل کر سکتے ہیں؟ جس پر میرا جواب ’’نا‘‘ ہے۔ رولنگ میں کہا گیا کہ درخواست گزاران نے آئینی حلف سمیت سنگین قانونی اور آئینی خلاف ورزیوں کے الزامات لگائے ہیں تاہم ان خلاف ورزیوں کو پہلے کسی مجاز عدالت یا ٹربیونل میں ثابت کرنا ضروری ہے، اس کے بعد ہی میں یہ فیصلہ کرسکوں گا کہ آیا آئین کے آرٹیکل 63 (2) کے تحت نا اہلی کا سوال پیدا ہوا ہے، اور کیا اس معاملے کو الیکشن کمیشن آف پاکستان کو بھیجنا چاہیے۔ میں درخواست گزاروں کا پانامہ پیپرز کیس اور ہائیکورٹس اور سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار (آرٹیکل 199 اور 184 (3) کے تحت) کے ذریعے منتخب اراکین پارلیمنٹ کی نا اہلی سے متعلق عدالتی نظائر پر انحصار کیا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوات کی زیر صدارت بائی پاس کی تعمیر کیلئے درکار زمین کے حصول بارے اجلاس

شرکا نے اپنے تحفظات، تجاویز پیش کیں،، مزید غور وفکر کیلئے آئندہ دوبارہ اجلاس بلانے پر اتفاق

سوات (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات محبّ اللہ خان یوسفزئی کی زیر صدارت خوازہ خیلہ بائی پاس کی تعمیر کے لیے درکار زمین کے حصول کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں موضع بانڈئی کے زمین مالکان اور پختونخوا ہائی وے اتھارٹی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے شرکت کی۔ اس موقع پر زمین کے حصول اور منصوبے کی تکمیل کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ شرکا نے اپنے تحفظات اور تجاویز پیش کیں جن پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات نے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ طویل مشاورت کے بعد ایک مشترکہ لائحہ عمل تجویز کیا گیا اور مزید غور وفکر کے لیے آئندہ اجلاس بلانے پر اتفاق کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات نے اس موقع پر کہا کہ خوازہ خیلہ بائی پاس عوامی مفاد کا ایک اہم منصوبہ ہے جس کے ذریعے نہ صرف ٹریفک کے مسائل حل ہوں گے بلکہ مقامی آبادی کو بھی براہ راست فوائد حاصل ہوں

خضدار میں ایف سی بلوچستان کا بڑا کریک ڈاؤن،

کوچ سے بھاری مقدار میں سمگل شدہ چھالیہ برآمد

خضدار (این این آئی) ایف سی قلات اسکاؤٹس نے خضدار میں سمگلنگ کے خلاف ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں غیر قانونی چھالیہ برآمد کی۔ یہ آپریشن میجر مصطفیٰ کی قیادت میں خضدار کے قریب ایک اہم روٹ پر کیا گیا، جہاں مشتبہ کوچ کی تلاشی کے دوران بڑی مقدار میں سمگل شدہ چھالیہ پکڑی گئی۔

سیلاب متاثرین کی مدد ایمان وانسانیت

کا تقاضا ہے، میاں محمد مقصود

کراچی (این این آئی) پاکستان بھر میں حالیہ سیلاب کی تباہ کاریوں نے لاکھوں خاندان بے گھر کر دیے ہیں، جن میں بچے، خواتین اور بزرگ شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسی نازک صورتحال میں سماجی و فلاحی ادارے میدان میں آ کر متاثرین کی مدد کر رہے ہیں، جن میں الفا فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس کی کاوشیں نمایاں ہیں۔ فاؤنڈیشن کے چیئرمین میاں محمد مقصود اور جنرل سیکریٹری عبداللہ فاروق نے پیر کے روز جلال پور پیر والا کی طرف امدادی راشن اور کھانے کی بڑی کھیپ روانہ کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہمارے وہ بھائی اور بہنیں ہیں جو اس وقت کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ یہ لوگ ہمارے کلمہ گو بھائی ہیں اور ان کی مدد کرنا ہمارا دینی، انسانی اور اخلاقی فرض ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس وقت تک اپنے بندے کی مدد کرتا رہتا ہے جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد کرتا رہے۔ اس حدیث مبارکہ کی روشنی میں ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم اپنی ذمہ داری پوری کریں گے۔ میاں محمد مقصود نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں محفوظ رکھا ہے، ہمیں چاہیے

ایک بافخر پاکستانی کی کامیابی۔ احسن رحمٰن ابڑو

یہ حقیقت ہے کہ چیلنجز ہر قوم کی زندگی کا حصہ ہوتے ہیں، لیکن اصل قوم وہی کہلاتی ہے جو مشکلات سے گھبرانے کے بجائے ان کا مردانہ وار مقابلہ کرے۔ اور یہ پاکستانی قوم کیلئے بڑی فخر کی بات ہے کہ یہاں کے نوجوان زندگی کے ہر میدان میں کامیابی حاصل کر کے ملک و قوم کا نام روشن کر رہے ہیں۔ دیکھا جائے تو پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک ایسی ارضِ پاک ہے جو بے شمار قدرتی وسائل، عزم صمیم اور باصلاحیت نوجوانوں سے مالا مال ہے۔ اگرچہ ملکی تاریخ میں مختلف ادوار میں معاشی اور سیاسی نشیب و فراز آئے ہیں، لیکن پاکستانی قوم کی استقامت نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ یہ قوم دنیا کے کسی بھی میدان میں کسی سے پیچھے نہیں۔ سائنس ہو یا ٹیکنالوجی، کھیل ہو یا فنونِ لطیفہ، دفاعی صلاحیتیں ہوں یا انسانیت کی خدمت، پاکستانیوں نے ہر محاذ پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ اسی طرح صحت کے میدان میں بھی کسی پاکستانی افراد نے لوگوں کی صحت کو محفوظ بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ قرآنِ پاک کا مفہوم ہے کہ جس نے کسی ایک انسان کی جان بچائی، گویا اس نے پوری انسانیت کو بچا لیا۔ صحت کی حفاظت دراصل اس آفاقی اصول کی عملی تعبیر ہے۔ انسانیت کی خدمت بلا تفریق رنگ، نسل، مذہب اور زبان، انسان کے دکھ درد کو بانٹنے اور اس کی زندگی کو آسان بنانے کا نام ہے۔ تاریخِ انسانی اس بات کی شاہد ہے کہ وہی معاشرے ترقی، استقامت اور پائیدار بقا حاصل کرتے ہیں جہاں افراد ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔ انسانیت کی خدمت کے بے شمار پہلو ہیں، لیکن ان میں سے سب سے بنیادی، اہم اور مقدس ترین پہلو "صحت کو محفوظ بنانا" ہے۔ صحت صرف بیماری کی عدم موجودگی کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک فرد کی جسمانی، ذہنی اور سماجی آسودگی کی وہ بنیاد ہے جس پر پورے معاشرے کی عمارت قائم ہوتی ہے۔ ورلڈ سیفٹی اینڈ ہیلتھ



ایشیا ایک عالمی تنظیم جو کہ ایشیا پیسفک خطے میں پیشہ ورانہ صحت، حفاظت اور ماحولیات پر کام کر رہی ہے۔ اس کی بنیاد 22 ستمبر 2019 کو سنگاپور میں رکھی گئی۔ اس کا قیام اس مقصد کے تحت عمل میں لایا گیا تھا کہ ایشیا بحرالہند (Asia-Pacific) اور مشرقِ وسطیٰ کے خطوں میں پیشہ ورانہ سلامتی اور صحت (Occupational Safety and Health - OSH) کے بڑھتے ہوئے مسائل کا ایک مشترکہ پلیٹ فارم کے ذریعے حل نکالا جا سکے۔ اس تنظیم کا وژن اور مشن (Vision & Mission) دنیا بھر کے کام کے مقامات کو حادثات، بیماریوں اور جانی و مالی نقصانات سے مکمل طور پر محفوظ اور پائیدار (Sustainable) بنانا ہے۔ تاکہ ایک ایسا متحد اور متحرک بین الاقوامی او ایس ایچ (OSH) نیٹ ورک قائم ہو جائے جو جدید حفاظتی طریق کار اور ٹیکنالوجی کی مدد سے بہترین معیارات قائم کرے۔ یہ ادارہ ہر سال دنیا بھر کے سلامتی ماہرین اور اداروں کی حوصلہ افزائی کے لیے ایوارڈز کا انعقاد کرتا ہے۔ جس کے تحت اس سال Safety Influencer of the Year 2026 کا ایوارڈ سنگاپور / یو اے ای متحدہ عرب امارات (UAE) میں مقیم پیشہ ورانہ سلامتی اور صحت (Occupational Safety and Health) کے ممتاز ماہر قادر محمود کو سنگاپور کے 'سینڈز ایکسپو اینڈ کنونشن سینٹر' میں منعقدہ پروقار WSHAsia ایوارڈز 2026 کی تقریب میں "سیفٹی انفلوئنسر آف دی ایئر" کے طور پر دیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ عالمگیر سطح پر مختلف صنعتوں میں سلامتی اور صحت کے معیار کو فروغ دینے کے لیے شاندار قیادت، اثر ورسوخ اور خدمات کے اعتراف میں دیا جاتا ہے۔ قادر محمود نے متعدد بین الاقوامی سیفٹی ماہرین اور انفلوئنسرز کے ساتھ مقابلہ کیا اور ایک سخت و مسابقتی انتخابی عمل کے بعد کامیابی حاصل کی۔ سنگاپور میں منعقدہ 2026 کے ایوارڈز میں قادر محمود کی کامیابی اس بات کی علامت ہے کہ WSHAsia عالمی سطح پر صلاحیت اور خدمات کی بنیاد پر بغیر کسی تعصب کے ٹیلنٹ کو تسلیم کرتا ہے۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ پاکستان کے نوجوانوں کیلئے ایک مثال کے ساتھ پکارتی ہوئی آواز بھی ہے کہ آگے بڑھیں، کامیابی آپ کی منتظر ہے۔ عرض پاک جوانانِ جہاں بھی ہیں جس فیلڈ میں کام کرنا چاہتے ہیں دل وجان کی لگن سے آگے بڑھیں تو یقینی کامیابی ان کے قدم چومے گی۔



سندھ اور وفاق کا 300 روزہ کلائمیٹ ایکشن پلان بنانے پر اتفاق

300 روزہ ایکشن پلان کی تیاری کیلئے چیف سیکریٹری سندھ کی سربراہی میں ورکنگ گروپ قائم

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے مون سون سے قبل 300 روزہ کلائمیٹ ایکشن پلان شروع کرنے، سکھر بیراج کی گنجائش بڑھانے، دریائے سندھ کے کمزور پشتوں کو مضبوط کرنے اور پرانے قدرتی راستوں کی بحالی پر بات چیت کی تاکہ دریائی اور برساتی سیلابوں کے دوران قیمتی جانوں اور املاک کے نقصان کو روکا جا سکے۔ اجلاس پیر کو وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ اور پرنسپل سیکریٹری آغا واصف بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آنے والے مون سون سیزن جو معمول سے 15 دن پہلے شروع ہونے کی توقع ہے، کے پیش نظر 300 روزہ کلائمیٹ ایکشن پلان تیار کیا جائے گا۔ اس منصوبے کے تحت چاروں صوبائی حکومتیں اپنی تجاویز اور ضروری منصوبے پیش کریں گی۔ اس بات پر زور دیا گیا کہ بروقت اور پیشگی اقدامات سے بارشوں اور دریائی سیلابوں کے نقصانات کو نمایاں طور پر کم کیا جا سکتا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان ماحولیاتی تبدیلی کے باعث سنگین نقصانات کا سامنا کر رہا ہے اور عالمی تعاون ناگزیر ہے۔ اجلاس میں کاربن کریڈٹ مارکیٹ کو مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبوں کو کاربن کریڈٹ مارکیٹ کھولنے میں مکمل تعاون فراہم کرے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بتایا کہ سندھ نے پہلے ہی کاربن کریڈٹ مارکیٹنگ شروع کر دی ہے اور اس کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال دریا میں طغیانی کی وجہ سے مشکلات بڑھ گئی ہیں۔

31 سالہ فلسطینی غزہ سے دو ساتھیوں کے ہمراہ جیٹ اسکی کے ذریعے یورپ پہنچنے میں کامیاب

اپنی کہانی ویڈیوز، تصاویر اور آڈیو فائلز کے ذریعے دستاویزی شکل میں محفوظ کی، میڈیا کے ساتھ شیئر کر دیں

برسلز (این این آئی) فلسطینی محمد ابو دحہ ایک جیٹ اسکی کے ذریعے غزہ سے نکلے اور کئی ممالک سے ہوتے ہوئے بالآخر یورپ پہنچ گئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ابو دحہ کے اس سفر میں ایک سال سے زیادہ کا وقت، کئی ہزار ڈالر، چالاکی، ناکامیاں اور ایک جیٹ اسکی لگی، اس طرح 31 سالہ فلسطینی محمد ابو دحہ نے غزہ سے یورپ تک پہنچنے میں کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے اپنی کہانی ویڈیوز، تصاویر اور آڈیو فائلز کے ذریعے دستاویزی شکل میں محفوظ کی، جو انہوں نے برطانوی میڈیا کے ساتھ شیئر کیں، رائٹرز نے اٹلی پہنچنے پر ان سے اور ان کے ساتھیوں سے انٹرویوز کیے اور غزہ میں ان کے رشتہ داروں سے بھی بات کی۔ تقریباً دو سالہ اسرائیل-حماس جنگ سے ہونے والی تباہی کے بعد وہاں سے نکلے، جس میں غزہ کے صحت حکام کے مطابق 64 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، ابو دحہ اپریل 2024 میں رفح سرحد پار کر کے پانچ ہزار ڈالر کے عوض مصر میں داخل ہوئے۔ ابو دحہ نے بتایا کہ وہ ابتدا میں چین گئے تھے، جہاں انہیں پناہ ملنے کی امید کی تھی تاہم ناکامی کے بعد وہ ملائیشیا اور انڈونیشیا کے راستے دوبارہ مصر آگئے، انہوں نے رائٹرز کو اقوام متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزین (یو این ایچ سی آر) کے چین میں نمائندہ دفتر کے ساتھ اگست اور ستمبر 2024 کی ای میل دکھائی۔ اس کے بعد وہ لیبیا گئے


لاہور، سیکرٹری اطلاعات سید طاہر رضا ہمدانی سے طرف سے سبکدوش ڈی جی پی آر غلام صغیر شاہد کے اعزاز میں الوداعی تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

شرح سود برقرار رکھنا معیشت کیلئے رکاوٹ ہے، سید امان شاہ

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) شدید متاثر ہو رہے ہیں

کراچی (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے شرح سود کو موجودہ سطح پر برقرار رکھنے کا فیصلہ غیر موزوں اور عوام کے ساتھ ساتھ کاروباری طبقے کے لیے بھی مایوس کن ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جب مہنگائی کی رفتار کم ہو رہی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ قابو میں ہے اور کاروباری سرگرمیوں کو سہارا دینے کی اشد ضرورت ہے، ایسے میں شرح سود کو 11 فیصد پر برقرار رکھنا ملکی معیشت اور ترقی کے راستے میں بڑی رکاوٹ بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلند شرح سود کی وجہ سے کاروباری قرضے مہنگے ہو گئے ہیں، جس کے نتیجے میں خاص طور پر چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ مالی بوجھ بڑھنے سے نئی سرمایہ کاری رک جاتی ہے اور روزگار کے مواقع کم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح ہاؤسنگ، گاڑیاں اور دیگر ضروریات کے لیے قرضوں میں نمایاں کمی واقع ہو چکی ہے، جس نے معیشت کے مختلف شعبوں پر منفی اثرات ڈالے ہیں۔ سید امان شاہ نے مزید کہا کہ بینکوں کی جانب سے حکومتی بانڈز میں سرمایہ کاری کو ترجیح دی جا رہی ہے


پیرس، پاکستان کی سفیر ممتاز زہرا بلوچ نمائش کے دوران پاکستانی پویلین کا افتتاح کر رہی ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم

پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں جس کے تسلسل میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ریٹائرڈ سب انسپکٹر احتشام الحق کو میجر سرجری اور کینسر کے علاج کیلئے 10 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل عثمان مبارک کو علاج معالجے کی مد میں 3 لاکھ روپے فراہم کیے گئے۔ اے ایس آئی شرافت حسین کو گردے کے علاج کیلئے 2 لاکھ 50 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل خلیل حسین کو کینسر اور مرحوم ہیڈ کانسٹیبل غلام شبیر کی بیوہ کو علاج معالجے کیلئے 2 لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔ سکیورٹی کانسٹیبلز سوبان خلیل اور صفیر الحسن کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے جاری۔ شہید سب انسپکٹر محمد وارث کی اہلیہ اور باربر نوید فریاد کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے دیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید کہا کہ آئی جی پنجاب نے یہ فنڈز میڈیکل فنانشل اسسٹنس کمیٹی کی سکروٹنی کے بعد جاری کرنے کی منظوری دی ہے

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم

پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری کر دیئے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں جس کے تسلسل میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ریٹائرڈ سب انسپکٹر احتشام الحق کو میجر سرجری اور کینسر کے علاج کیلئے 10 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل عثمان مبارک کو علاج معالجے کی مد میں 3 لاکھ روپے فراہم کیے گئے۔ اے ایس آئی شرافت حسین کو گردے کے علاج کیلئے 2 لاکھ 50 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل خلیل حسین کو کینسر اور مرحوم ہیڈ کانسٹیبل غلام شبیر کی بیوہ کو علاج معالجے کیلئے 2 لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔ سکیورٹی کانسٹیبلز سوبان خلیل اور صفیر الحسن کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے جاری۔ شہید سب انسپکٹر محمد وارث کی اہلیہ اور باربر نوید فریاد کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے دیئے گئے۔

علماء ومشائخ اہلسنّت کا اتحاد وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ پاکستان میں امن واستحکام کے لیے علماء و مشائخ اہلسنت کا اتحاد انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت اہلسنت کا باہمی ہم آہنگی اور اعتدال پسندی ہے تاکہ ملک میں مذہبی ہم آہنگی قائم رکھی جا سکے۔ وہ ان خیالات کا اظہار رابطہ کمیٹی علماء و مشائخ اہلسنت پاکستان کے اعزاز میں منعقدہ ایک شاندار استقبالیہ تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کر رہے تھے۔


لاہور، پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بیرسٹر سیف کا آغوش سنٹر کوہاٹ کا دورہ، یتیم بچوں سے ملاقات

یتیم، بے سہارا بچوں کی کفالت، تعلیم وتربیت عظیم فلاحی کام، پوری قوم کو فخر ہے، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات وتعلقات عامہ بیرسٹر ڈاکٹر محمد علی سیف نے گزشتہ روز اغوش سنٹر کوہاٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انتظامیہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے دورے کے دوران یتیم بچوں سے ملاقات کی، ان کے ساتھ وقت گزارا اور ان کے کلاسز اور ہاسٹل کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر آغوش سنٹر کی انتظامیہ نے مشیر اطلاعات کو ادارے کے قیام، سہولیات اور کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انتظامیہ نے بتایا کہ آغوش سنٹر کوہاٹ میں اس وقت 104 بچے زیر تعلیم ہیں جنہیں نہ صرف معیاری اور مفت تعلیم دی جارہی ہے بلکہ انہیں بہترین رہائشی اور خوراک کی سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بچوں کی ذہنی وجسمانی نشوونما کے لیے غیر نصابی سرگرمیوں کا بھی باقاعدہ اہتمام کیا جاتا ہے۔ انتظامیہ نے مزید بتایا کہ آغوش سنٹر میں ہر بچے پر ماہانہ 20 ہزار روپے خرچ آتا ہے

لکی مروت اور شمالی وزیرستان میں دو نئے

پولیو کیسز کی تصدیق، تعداد 26 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے جنوبی خیبر پختونخوا کے اضلاع لکی مروت اور شمالی وزیرستان میں دو نئے پولیو کیسز کی تصدیق کی ہے۔ جاری تفصیلات کے مطابق رواں سال پاکستان میں پولیو کے مجموعی کیسز کی تعداد 26 ہوگئی ہے۔ پولیو ایک لاعلاج بیماری ہے جو عمر بھر کی معذوری کا باعث بن سکتی ہے۔ این ای او سی کے حکام نے کہا کہ انسداد پولیو کی ہر مہم میں پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلائیں۔ وائرس کی روک تھام کے لیے جنوبی خیبر پختونخوا میں اعلیٰ معیار کی پولیو مہم جاری ہے۔

متعلقہ افسران کو 15 دنوں کے اندر جوابات جمع کروانے کے احکامات

آر ٹی ایس کمیشن میں دس عوامی شکایات کی شنوائی، خدمات تک بروقت رسائی عوام کا حق ہے، کمیشن

پشاور (این این آئی) رائٹ ٹو پبلک سروسز کمیشن میں دس عوامی شکایات کی شنوائی ہوئی۔ چیف کمشنر محمد علی شہزادہ اور کمشنر ذاکر حسین آفریدی نے شہریوں کی درخواستوں پر سماعت کی۔ پشاور سے یحییٰ خان اور محمد جنید نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کمیشن کو درخواست دی تھی۔ کمیشن نے ایس ایس پی آپریشنز کو شہریوں کو بذات خود سن کر شکایت نمٹانے کے احکامات جاری کئے تھے۔ مقررہ وقت میں تحریری جواب موصول نہ ہونے پر کمیشن نے متعلقہ افسران کو آخری یاد دہانی نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا کہ 15 دنوں کے اندر جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں کمیشن قانونی کارروائی کرنے کا مجاز ہوگا۔ صوابی سے محمد عارف کے کیس میں بھی آخری یاد دہانی نوٹس جاری کیا گیا۔ مختلف اضلاع سے 20 سے زیادہ شہریوں نے اسلحہ لائسنس کے اجراء میں تاخیر پر کمیشن کو درخواستیں دی ہیں۔ کمیشن نے تمام شکایت کنندگان کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ ایبٹ آباد سے پرویز نامی شہری نے زمین کی حد براری کے لیے کمیشن سے رجوع کیا ہے۔ کمیشن نے آج تک عمل میں لائی گئی تمام کارروائی کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ چارسدہ سے کمال خان نامی شہری نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست دی تھی۔

صوبائی وزیر زراعت نے شنوہ گڈی خیل کرک میں زرعی تحقیقاتی سب سٹیشن ڈھکی کھجور تھال کا سنگ بنیاد رکھا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر زراعت میجر (ر) سجاد بارکوال نے شنوہ گڈی خیل ضلع کرک میں زرعی تحقیقاتی سب سٹیشن ڈھکی کھجور تھال کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر علاقہ عمائدین، محکمہ زراعت کے افسران اور کاشتکاروں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ یہ منصوبہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سردار علی امین خان گنڈاپور


لاہور، پنجاب اسمبلی میں ن لیگ کے چیف وہیپ رانا محمد ارشد بائیکاٹ کرنے والے صحافیوں سے مذاکرات کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں


لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کے ساتھ پیپلز پارٹی کی سینئر رہنما ثمینہ خالد گھرکی کی قیادت میں وفد کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

پاکستان ترک دوستی کی اہمیت نئی نسلوں تک پہنچانا ضروری ہے' سپیکر ملک محمد احمد خان

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی ترکیہ کے قونصل جنرل سے اسمبلی چیمبر میں ملاقات

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے ترکیہ کے قونصل جنرل لاہور محمت ایمان شمشیک نے سپیکر چیمبر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر دوطرفہ تعلقات، تجارتی تعاون، دفاع، تعلیم اور توانائی سمیت مختلف شعبوں میں اسٹریٹیجک شراکت داری کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے ترکیہ کے قونصل جنرل کی لاہور میں تعیناتی پر انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کی دوستی اخلاص اور اعتماد پر استوار ہے۔ انہوں نے سیلاب متاثرین کی امداد پر ترک حکومت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دونوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے کے ہر مشکل وقت میں بھرپور ساتھ دیا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ پنجاب میں ترک سرمایہ کاروں کے لیے وسیع مواقع موجود ہیں، جبکہ پارلیمانی اور سفارتی روابط سے پاک ترک دوستی مزید مستحکم ہوئی ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ترک دوستی کی اہمیت نئی نسلوں تک منتقل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ ترکیہ کے قونصل جنرل محمت ایمان شمشیک نے اس موقع پر کہا

آر ڈی اے نے وزیر ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کے مالکان کے خلاف ایف آئی آر درج کرا دی

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ کی ہدایت پر آر ڈی اے بلڈنگ کنٹرول ونگ نے وزیر ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کے مالکان کے خلاف پولیس اسٹیشن چکلالہ میں ایف آئی آر درج کرا دی ہے، کیونکہ وہ غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے تھے۔

ورلڈ سوئسائیڈ پریونشن ڈے پر کے ایم یو میں آگاہی سیمینار کا انعقاد

روایتی معالجین خودکشی کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، ڈاکٹر عامر عزیز

پشاور (این این آئی) ورلڈ سوئسائیڈ پریونشن ڈے کے موقع پر خیبر میڈیکل یونیورسٹی (کے ایم یو) انسٹی ٹیوٹ آف پبلک مینٹل ہیلتھ اینڈ بیہیویرل سائنسز (IPMH&BS) کے زیر اہتمام ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ وطالبات، اساتذہ اور ماہرین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے خودکشی کی وجوہات، اس کی روک تھام اور ذہنی صحت کے فروغ کے حوالے سے نہایت اہم نکات اجاگر کیے۔ مہمانِ خصوصی کنسلٹنٹ سائیکاٹرسٹ ڈاکٹر عامر عزیز نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرتی بیداری اور بروقت مداخلت کے ذریعے خودکشی جیسے المیہ سے بچا جا سکتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ روایتی معالجین (Traditional Healers) اگر خودکشی کے خطرے سے دوچار افراد کو وقت پر ماہرین نفسیات کے پاس ریفر کریں تو قیمتی جانوں کو بچایا جا سکتا ہے۔ ڈائریکٹر ایڈمیشنز کے ایم یو محمد ارشد خان نے کہا کہ ذہنی دباؤ اور اضطراب تیزی سے بڑھ رہا ہے اور نوجوان نسل شدید مشکلات کا شکار ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ملک میں ماہر نفسیات اور ماہرینِ ذہنی امراض کی اشد ضرورت ہے تاکہ عوام کو معیاری ذہنی صحت کی سہولیات فراہم کی جا سکیں

ملکی معاشی ترقی میں محنت کش طبقے کا کلیدی کردار ہے' سردار سلیم حیدر خان

گورنر پنجاب سے ثمینہ خالد گھرکی اور چیئرمین رکشہ یونین مجید غوری کی وفد کے ہمراہ ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں ثمینہ خالد گھرکی اور چیئرمین رکشہ یونین مجید غوری نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات میں مزدوروں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ملکی معاشی ترقی میں محنت کش طبقے کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقے کو حقوق دیئے بغیر پائیدار اقتصادی و سماجی ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جاسکتے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے ادوار میں ہمیشہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات اٹھائے اور ان کی اجرت میں اضافہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کے مسائل حل کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مزدوروں کے لئے گورنر ہاؤس کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو مل کر ملک وقوم کی ترقی کے عمل میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہے۔ ثمینہ خالد گھرکی نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو نے ہمیشہ مزدوروں کے حق کی بات کی۔ چیئرمین رکشہ یونین مجید غوری نے کہا کہ پی پی پی مزدوروں کی جماعت ہے

صوابی، پولیس کی سوشل میڈیا پر گن کلچر کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری

صوابی (این این آئی) ضلع صوابی میں پولیس کی سوشل میڈیا پر گن کلچر کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بدستور جاری ہیں، اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صوابی ضیاالدین احمد کی وضع کردہ ہدایات پر ضلعی پولیس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اسلحے کی نمائش، ہوائی فائرنگ اور گن کلچر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا۔ اس سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ لاہور الطاف خان کی قیادت میں چوکی شیر آباد انچارج کاشف خان نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی نمائش کرنے والے ملزمان شایان اور یحییٰ ساکنان مانکی تحصیل لاہور کو گرفتار کر لیا،

پنجاب پولیس کا سیلاب متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن جاری

07 لاکھ 48 ہزار سے زائد شہریوں اور 06 لاکھ 32 ہزار 315 مویشیوں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا' آئی جی پنجاب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن جاری ہے جس کے تسلسل میں اب تک اب تک 07 لاکھ 48 ہزار سے زائد متاثرہ شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا ہے جبکہ سیلاب متاثرین کے 06 لاکھ 32 ہزار 315 مویشیوں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن میں پنجاب پولیس کے 16 ہزار سے زائد افسران و اہلکار، 773 وہیکلز اور 40 کشتیاں حصہ لے رہی ہیں۔ سیلاب زدہ علاقوں سے اب تک 03 لاکھ ایک ہزار 366 مردوں، 02 لاکھ 40 ہزار 502 خواتین اور 02 لاکھ 06 ہزار 206 بچوں کو ریسکیو کیا گیا

مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا نے صوبائی اسمبلی میں ٹک ٹاک پر پابندی کی قرارداد جمع کرادی

صوابی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا نے خیبر پختونخوا اسمبلی میں بھی ٹک ٹاک پر پابندی کی قرارداد جمع کرادی۔ رکن اسمبلی ملک سید عمران کی جانب سے پیش قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ٹک ٹاک لائیو چیٹ کے ذریعے نوجوانوں میں فحاشی اور عریانی عروج پر ہے۔ ایپلیکیشن کے ذریعے نوجوان نسل خاص طور پر بچوں کو بے حیائی کی طرف راغب کیا جا رہا ہے۔ ٹک ٹاک پر نوجوان لڑکے لڑکیاں آپس میں فحش گفتگو کرتے ہیں۔

چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ کی زیر صدارت اجلاس

گورننس امور، تجاوزات کے خاتمے اور سیلاب سے بچاؤ کے لئے منصوبہ بندی کا جائزہ

پشاور (این این آئی) چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ کی زیر صدارت گورننس امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں تجاوزات کے خاتمے، اشیائے خورونوش کی قیمتوں، ماحولیاتی تحفظ اور سیلاب سے بچاؤ کے لئے نکاسی آب کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں انتظامی سیکرٹریز اور دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے جبکہ ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن میں خاطر خواہ پیشرفت ہوئی ہے اور گزشتہ ہفتے کے دوران چارسدہ، ہری پور، مردان، شانگلہ، نوشہرہ، ایبٹ آباد اور ڈیرہ اسماعیل خان میں وہ تمام غیر قانونی تجاوزات ہٹائی گئی ہیں جن کی نشاندہی کی گئی تھی۔ چیف سیکرٹری نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ملکیتی زمینوں پر قائم تجاوزات کی نشاندہی کریں اور ضلعی انتظامیہ کی مدد سے ان تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنائیں۔ انہوں نے دریاؤں اور شہری علاقوں میں رکاوٹیں دور کرنے اور تجاوزات کے خاتمے کے بعد حدود واضح کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بونیر کے علاقے پیر بابا اور پشاور کے بڈھنی نالہ میں تجاوزات کے معاملات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ا



SPORTS

سپورٹس

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

محمد عامر نے بھارتی اوپننگ بیٹر ابھیشک شرما کو سلاگر قرار دے دیا

ہر گیند کو مارنے کی کوشش کرتے، گیند بلے پر لگ جائے تو ٹھیک، ورنہ ناکامی کے امکانات زیادہ ہوتے، گفتگو



کراچی (سپورٹس نیوز) سابق پاکستانی فاسٹ بولر محمد عامر نے روایتی حریف بھارت کے خلاف ہونے والے ہائی وولٹیج مقابلے سے قبل بھارتی اوپننگ بیٹر ابھیشک شرما کو سلاگر قرار دے دیا۔آئی سی سی مینز ٹی20 ورلڈکپ 2026ء میں پاک بھارت ٹاکرے کے حوالے سے محمد عامر نے ابھشیک شرما کے کھیل پر کھل کر اظہارِ خیال کیا اور ان کی تکنیک پر سوال اٹھا دیے۔محمد عامر نے کہا کہ اب تک جو کچھ میں نے دیکھا ہے، اس کے مطابق ابھیشک شرما ایک سلاگر دکھائی دیتے ہیں جو ہر گیند کو مارنے کی کوشش کرتے ہیں، اگر گیند بلے پر لگ جائے تو ٹھیک، ورنہ ناکامی کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔انہوں نے شرما کی کارکردگی میں عدم تسلسل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ وہ 8 اننگز میں سے شاید ایک میں بڑی اننگز کھیلیں جبکہ باقی میچز میں 10، 15 یا 20 رنز تک محدود رہتے ہیں۔عامر کے مطابق ان کی بیٹنگ میں مضبوط تکنیک نظر نہیں آتی بلکہ انداز ایسا ہوتا ہے جیسے صرف گیند ملے اور زور سے شاٹ کھیلا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر ان کا دن ہو تو وہ کسی بھی ٹیم کو نقصان پہنچا سکتے ہیں تاہم ان کا کھیل انتہائی خطرناک (ہائی رسک) ہے، وہ سلوئر گیند کے خلاف بھی مشکلات کا شکار دکھائی دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں ابھیشک شرما کو مکمل بیٹر اس وقت مانوں گا جب وہ معمولی سوئنگ کو بہتر انداز میں کھیل سکیں گے، درست لائن میں آ کر دفاع کر سکیں اور شاٹس مستقل مزاجی سے مڈل کر سکیں، فی الحال معاملہ یہی ہے کہ اگر شاٹ لگ گیا تو لگ گیا، ورنہ نہیں۔

ویڈیو، مونیکا سیلس پر قاتلانہ حملہ، ٹینس کی تاریخ کا بدترین واقعہ

مونیکا سیلس کی زندگی طویل، ایک ایسی داستان جس میں عروج بھی ہے، زخم بھی، جلاوطنی بھی

ہیمبرگ (سپورٹس نیوز) ٹینس کی معروف کھلاڑی مونیکا سیلس کے ساتھ پیش آنے والا افسوسناک اور بدترین واقعہ ٹینس کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا جب ان پر کھیل کے دوران قاتلانہ حملہ کیا گیا۔عظیم ٹینس چیمپئن مونیکا سیلس کی زندگی کو اگر ایک طویل داستان کہا جائے تو غلط نہ ہوگا، ایک ایسی داستان جس میں عروج بھی ہے، زخم بھی، جلاوطنی بھی اور بار بار خود کو نئے سرے سے کھڑا کرنے کی ہمت بھی۔30 اپریل 1993 کو جرمنی کے شہر ہیمبرگ میں پیش آنے والا واقعہ ٹینس کی دنیا کے سب سے ہولناک لمحات میں شمار کیا جاتا ہے۔دنیا کی نمبر ایک کھلاڑی مونیکا سیلس ایک ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں مصروف تھیں کہ اچانک تماشائیوں میں بیٹھے ایک شخص نے کورٹ کے اندر گھس کر ان پر اچانک تیز دھار چھری سے حملہ کر دیا۔برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک ذہنی مریض مداح نے انہیں چھری مار کر زخمی کیا تھا، جس کے بعد وہ دو سال سے زائد عرصے تک ٹینس سے دور رہیں۔سیلس اس وقت اپنی حریف میگڈالینا ملیوا کے خلاف کھیل رہی تھیں۔ایک وقفے کے دوران جب وہ کرسی پر بیٹھیں تو ایک جرمن شہری اچانک ان کے پیچھے سے آیا اور نو انچ لمبی دھاری دار چھری ان کی کمر میں گھونپ دی۔چاقو ریڑھ کی ہڈی سے چند ملی میٹر کے فاصلے پر پیوست ہوا، مونیکا سیلس درد سے بری طرح چیخ اٹھیں، اسٹیڈیم میں افراتفری مچ گئی وہاں موجود لوگوں نے حملہ آور کو فوری طور پر قابو کر لیا اور کھلاڑی کو اسٹریچر پر ڈال کر اسپتال منتقل کیا گیا۔بعد ازاں یہ بات سامنے آئی کہ حملہ آور سیلس کی سب سے بڑی حریف اسٹیفی گراف کا جنون کی حد تک مداح تھا۔اس نے اعتراف کیا کہ وہ گراف کو دوبارہ نمبر ایک بنتے دیکھنا چاہتا تھا اور اسی جنون میں اس نے یہ قدم اٹھایا۔اگرچہ کمر میں ہونے والا زخم جسمانی طور پر جان لیوا ثابت نہیں ہوا مگر اس واقعے نے سیلس کو ذہنی طور پر گہرا صدمہ پہنچایا، وہ دو سال تک ٹینس سے دور رہیں۔

☆☆☆☆☆

شاہد آفریدی اور شعیب اختر بھی عمران خان کی صحت کیلئے فکر مند ہوگئے

مجھے یہ جان کر بہت دکھ ہوا کہ ان کی آنکھوں کی بینائی جا رہی ہے، شعیب اختر


راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے اسٹار کرکٹرز شاہد آفریدی اور شعیب اختر بھی سابق کپتان عمران خان کی صحت کے لیے فکر مند ہوگئے۔شاہد آفریدی، جو ان دنوں بحرین میں موجود ہیں، انہوں نے عمران خان کی صحت سے متعلق ایک سوال کے جواب میں کہا کہ صحت انسان کا بنیادی حق ہے۔شاہد آفریدی نے کہا کہ یہ حق عمران خان کو ضرور ملنا چاہیے کہ وہ اور ان کے گھر والے جہاں سے چاہیں علاج کروا سکیں۔دوسری جانب شعیب اختر نے ایکس پر جاری پیغام میں لکھا کہ میں گزشتہ تین ماہ سے امریکہ میں عمران خان کے شوکت خانم ہسپتال کے لیے فنڈز جمع کر رہا ہوں۔انہوں نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بہت دکھ ہوا کہ ان کی آنکھوں کی بینائی جا رہی ہے۔شعیب اختر نے کہا کہ امید کرتا ہوں ان کا بہترین علاج ہوگا اور دعا ہے کہ وہ جلد صحتیاب ہو جائیں۔

☆☆☆☆☆

زمبابوے کے ٹی ٹوئنٹی کپتان سکندر رضا کا برطانوی کاؤنٹی وورسٹر شائر سے معاہدہ

سکندر رضا اپنے 19 سالہ پروفیشنل کیریئر میں دنیا بھر کی لیگز کھیلنے کا تجربہ رکھتے ہیں، رپورٹ

ہرارے (این این آئی) زمبابوے کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سکندر رضا نے رواں برس وٹیلیٹی بلاسٹ ٹی ٹوئنٹی ایونٹ میں شرکت کیلئے برطانوی کاؤنٹی وورسٹر شائر سے معاہدہ کر لیا۔کاؤنٹی کلب نے معاہدے سے متعلق اعلان اپنی ویب سائٹ میں جس میں بتایا گیا کہ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ کے انتہائی ماہر آل راؤنڈر اس ایونٹ کیلئے ٹیم میں شامل ہونے والے دوسرے اوورسیز کھلاڑی ہیں۔ویب سائٹ پر بتایا گیا کہ سکندر رضا اپنے 19 سالہ پروفیشنل کیریئر میں دنیا بھر کی لیگز کھیلنے کا تجربہ رکھتے ہیں۔آف اسپنگ آل راؤنڈر آئی پی ایل، سی پی ایل، پی ایس ایل اور ایس اے 20 کے علاوہ دی ہنڈرڈ میں مانچسٹر اور بجنٹس کا حصہ رہ چکے ہیں۔واضح رہے بھارت اور سری لنکا میں جاری ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں زمبابوے نے ان کی قیادت میں گروپ اسٹیج پر عالمی نمبر دو آسٹریلیا کو 23 رنز سے شکست دی ہے۔





ماسکو، آئس ہاکی میچ کے دوران کھلاڑی ایک دوسرے سے بال چھین رہے ہیں

آل پاکستان محمد علی جناح اوپن لانگ رینج شوٹنگ چیمپئن شپ 2026 کا انعقاد

61 ماہر نشانہ بازوں نے بھرپور حصہ لیا

انفرادی مقابلوں میں300 میٹر اسپورٹنگ رائفل میچ میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار اور900 یارڈ ایف ٹی آر میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسن گلریز نے پہلی پوزیشن حاصل کی

ملتان (سپورٹس نیوز) آل پاکستان محمد علی جناح اوپن لانگ رینج شوٹنگ چیمپئن شپ چیف آف آرمی اسٹاف کپ 2026 کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں انفرادی مقابلوں میں 300 میٹر اسپورٹنگ رائفل میچ میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار اور 900 یارڈ ایف ٹی آر میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسن گلریز نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔تفصیلات کے مطابق پاکستان لانگ رینج رائفل ایسوسی ایشن کے زیرِ اہتمام 7 واں ایڈیشن 13 سے 15 فروری کو ملتان میں منعقد کیا گیا۔چیمپئن شپ میں ملک کے چاروں صوبوں سے مجموعی طور پر 61 ماہر نشانہ بازوں نے بھرپور حصہ لیا۔ان مقابلوں میں بلوچستان سے 15 رکنی دستہ بھی شامل ہوا۔300 سے 1000 گز تک کے آٹھ لانگ رینج رائفل میچز میں کھلاڑیوں نے مشکل موسمی حالات کے باوجود اپنی مہارت کا بھرپور مظاہرہ کیا۔فل ٹارگٹ رائفل ٹرافی میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار، ایف فری اسٹائل اوپن ٹرافی میں ولید گل، ٹیکٹیکل میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسان گلریز، اور آئرن سائٹ رائفل میچ میں نور زمان فاتح رہے۔انفرادی مقابلوں میں 300 میٹر اسپورٹنگ رائفل میچ میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار اور 900 یارڈ ایف ٹی آر میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسن گلریز نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔1000 یارڈ ایف ٹی آر کے پہلے میچ میں جنید وقاص اقبال، ایف ٹی آر میچ نمبر 2 میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار جبکہ 1000 یارڈ ایف اوپن میچز نمبر 1 اور 2 میں ولید احمد گل نے پہلی پوزیشن اپنے نام کی۔لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار نے ایف ٹی آر ایگریگیٹ جبکہ ولید احمد گل نے ایف اوپن 1000 گز اور ایف اوپن ایگریگیٹ کے نئے قومی ریکارڈ قائم کیے۔اختتامی تقریب میں معزز مہمانوں اور شوٹنگ کمیونٹی کے سینئر نمائندگان نے شاندار کارکردگی پر شوٹرز میں تمغے اور ٹرافیاں تقسیم کیں۔پاکستان لانگ رینج رائفل ایسوسی ایشن نے ملک میں لانگ رینج رائفل شوٹنگ کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔قومی لانگ رینج رائفل ٹیم اگست 2026 میں برطانیہ میں ہونے والی 7 ویں ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ میں حصہ لے گی۔

جنوبی افریقی وکٹ کیپر نے دھونی کو پیچھے چھوڑ دیا

33 سالہ کوئنٹن ڈی کوک نے اب تک 30 میچز میں وکٹ کے پیچھے 33 شکار کیے، رپورٹ



نئی دہلی (سپورٹس نیوز) جنوبی افریقا کے وکٹ کیپر بیٹر کوئنٹن ڈی کوک نے ٹی20 ورلڈ کپ 2026ء میں تاریخ رقم کر دی ہے۔33 سالہ کوئنٹن ڈی کوک نے 2014ء سے ٹی20 ورلڈ کپ کے میچ کھیل رہے ہیں، انہوں نے اب تک 30 میچز میں اپنے ملک کی نمائندگی کی ہے اور وکٹ کے پیچھے 33 شکار کیے ہیں۔یہ کارنامہ ڈی کوک کی مختصر ترین دورانیے کی کرکٹ میں مہارت اور مستقل مزاجی کا اظہار ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ عالمی سطح کے بہترین وکٹ کیپر ہیں۔انہوں نے وکٹ کے پیچھے 26 کیچ پکڑے اور 7 بیٹر کو اسٹمپ آؤٹ کیا ہے۔یہ اعزاز پہلے سابق بھارتی کپتان مہندر سنگھ دھونی کے نام تھا، جنہوں نے وکٹ کے پیچھے 32 شکار کیے تھے، جن میں 21 کیچ اور 11 اسٹمپ آؤٹ شامل ہیں۔اس سے قبل یہ اعزاز پاکستانی وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل کے پاس تھا، جنہوں نے 30 میچز میں اتنے ہی بیٹرز کو وکٹ کے پیچھے شکار کیا تھا، انہوں نے 12 کیچز پکڑے اور 18 بیٹر کو اسٹمپ آؤٹ کیا۔میچ کی خاص بات یہ بھی رہی کہ ٹی20 ورلڈ کپ کی تاریخ میں یہ دونوں ٹیموں کے درمیان ہائی اسکورنگ میچ رہا، دونوں ٹیموں نے مل کر 353 رنز بنائے، جو الگ نیا ریکارڈ ہے۔

وسیم اکرم کو بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معاملات پر تشویش



کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معاملات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں وسیم اکرم نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، قوم کی دعائیں بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں۔وسیم اکرم نے کہا کہ امید ہے بانی پی ٹی آئی جلد صحت یاب ہوں گے۔سابق کپتان پاکستان کرکٹ ٹیم وسیم اکرم نے بانی پی ٹی آئی کے لیے اعلیٰ طبی نگہداشت یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔



SHOWBIZ

شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

ہانیہ عامر کی عاصم اظہر کیساتھ مبینہ شادی کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچا دیا

ہانیہ عامر کی مبہم وضاحت نے شوبز حلقوں میں اس تقریب کو ممکنہ طور پر دونوں کے تعلق کی سافٹ لانچنگ بھی قرار دیا جا رہا ہے

کراچی (این این آئی) شوخ و چنچل اداکارہ ہانیہ عامر کی اپنے سابق بوائے فرینڈ گلوکار عاصم اظہر کے ساتھ مبینہ شادی کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچا دیا ہے۔ہانیہ عامر نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں عاصم اظہر کے ساتھ اپنی شادی کے بارے میں کچھ مبہم سا اشارہ دیا ہے۔عاصم اظہر کے ساتھ دوبارہ قربتیں کی خبریں تو کافی عرصے سے گرم تھیں لیکن ان کے ساتھ شادی کا معاملہ اس وقت ہاٹ ایشو بنا جب دونوں کی ایک ایسی ویڈیو وائرل ہوئی جس میں جوڑا مہندی کا لباس پہنے رقص کر رہا ہے۔علاوہ ازیں اسی حال ہی میں عاصم اظہر کے نئے میوزک البم اور سوشل میڈیا پوسٹس میں بعض اشاروں سے بھی مداحوں کو یقین ہوا کہ یہ پیغامات ہانیہ عامر کے لیے ہیں۔یاد رہے کہ عاصم اظہر کی منگنی ماڈل اور اداکارہ میرب علی سے ہوئی تھی لیکن وہ جلد ہی ٹوٹ گئی جس کے بعد عاصم اظہر کو ہانیہ عامر کی جانب دوبارہ سے متوجہ پایا گیا۔ہانیہ عامر نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر وضاحت کی کہ یہ کوئی شادی یا مہندی کی تقریب نہیں تھی بلکہ ان کی سالگرہ کا جشن تھا جسے دوستوں نے ویڈنگ تھیم کے ساتھ منایا۔اداکارہ ہانیہ عامر کے بقول چونکہ سوشل میڈیا پر ان کی شادی سے متعلق افواہیں گردش کر رہی تھیں اس لیے دوستوں نے مزاحیہ انداز میں شادی کے تھیم پر برتھ ڈے پارٹی کا اہتمام کیا تھا۔ہانیہ عامر کی یہ مبہم وضاحت اپنی جگہ لیکن شوبز حلقوں میں اس تقریب کو ممکنہ طور پر دونوں کے تعلق کی سافٹ لانچنگ بھی قرار دیا جا رہا ہے تاہم ہانیہ یا عاصم کی جانب سے باضابطہ طور پر کسی تعلق کی تصدیق نہیں کی گئی۔



☆☆☆☆☆

غزہ سے یکجہتی، اروندھتی رائے کا برلن فلم فیسٹیول سے دستبرداری کا اعلان

جیوری ارکان کا بیان انسانیت کے خلاف جرم پر گفتگو کو بند کرنے کا ایک طریقہ ہے، بیان

[illegible]

سوشل میڈیا صارفین کی رمضان میں ڈراموں پر تنقید

لوگ انہیں دیکھنا بند کر دیں مواد خود بخود بدل جائے گا، صارفین کی رائے

کراچی (شوبز نیوز) گزشتہ چند برسوں سے پاکستانی ٹی وی چینلز پر خصوصی رمضان ٹرانسمیشن میں اسپیشل ڈرامے باقاعدہ روایت بن چکے ہیں۔ہر سال مختلف چینلز رمضان کے لیے ہلکے پھلکے، رومانوی اور مزاحیہ ڈرامے پیش کرتے ہیں جو ریٹنگ میں بھی نمایاں مقام حاصل کرتے ہیں۔اسی پلیٹ فارم سے فرحان سعید اور اقرا عزیز جیسے فنکاروں کو بھی بے حد مقبولیت ملی۔سال 2026 میں بھی متعدد نئے رمضان ڈرامے نشر ہونے جا رہے ہیں۔ان ڈراموں کے ٹیزرز میں رنگا رنگ مناظر، رقص اور ہلکے پھلکے رومانوی لمحات دکھائے گئے ہیں۔تاہم سوشل میڈیا صارفین کی ایک بڑی تعداد نے اس رجحان پر تنقید شروع کر دی ہے۔صارفین کا کہنا ہے کہ رمضان جیسے مقدس مہینے میں نشر ہونے والے پروگراموں کا محور عبادت، اخلاقیات اور مثبت پیغام ہونا چاہیے، جبکہ جو ڈرامے رمضان میں دکھائے جا رہے ہیں ان میں موسیقی، رقص اور غیر سنجیدہ کہانیوں کو زیادہ جگہ دی جا رہی ہے۔کئی صارفین نے رائے دی کہ ایسے ڈرامے رمضان کی اصل روح سے مطابقت نہیں رکھتے ہیں۔ایک صارف نے لکھا کہ موجودہ شوز میں نامناسب تعلقات کو عام کیا جا رہا ہے جو تشویشناک بات ہے۔کچھ افراد نے ناظرین سے اپیل کی کہ وہ ان پروگراموں کو ریٹنگ دے کر فروغ نہ دیں، جبکہ دیگر کا کہنا تھا کہ اگر عوام دیکھنا بند کر دیں تو چینلز خود بخود مواد میں تبدیلی لائیں گے۔دوسری جانب کچھ حلقے یہ مؤقف بھی رکھتے ہیں کہ رمضان ڈرامے تفریح فراہم کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں اور انہیں مکمل طور پر مذہبی پروگرام سمجھنا درست نہیں۔بہرحال، سوشل میڈیا پر جاری بحث سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سال رمضان ڈراموں کے موضوع اور انداز پر گفتگو زور پکڑ چکی ہے۔

☆☆☆☆☆

امریکی گلوکارہ بیونسے کے انسٹاگرام فالوورز میں بڑی کمی


بیونسے کے شوہر جیزی نے اب تک اس معاملے پر خاموشی اختیار کر رکھی ہے

ٹیکساس (شوبز نیوز) شوہر جیزی کا نام ایپسٹین فائلز کے نام سے لیک ہونے والے دستاویز میں سامنے آنے کے بعد سے امریکی گلوکارہ اور نغمہ نگار بیونسے کے انسٹاگرام فالوورز کی تعداد اچانک گرنے لگی ہے۔ریاست ٹیکساس سے تعلق رکھنے والی 45 سالہ بیونسے کا اس تنازع سے براہ راست کوئی تعلق نہیں تاہم اس کے باوجود آن لائن ردعمل کا اثر ان پر بھی پڑا ہے۔سوشل میڈیا پر بحث ومباحثہ شدت اختیار کر چکا ہے اور ایپسٹین فائلز میں شامل ناموں سے وابستہ ہر فرد توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔بیونسے کے شوہر جیزی نے اب تک اس معاملے پر خاموشی اختیار کر رکھی ہے، جبکہ بیونسے نے بھی کوئی بیان جاری نہیں کیا ہے، جس کے باعث قیاس آرائیاں مزید بڑھ گئی ہیں۔امریکی گلوکارہ کے انسٹاگرام پر ایک کروڑ سے زائد فالوورز کم ہو گئے ہیں۔فالوورز میں یہ کمی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب بیونسے کی پیشہ ورانہ زندگی میں کچھ زیادہ فرق تو نہیں پڑ سکا ہے۔فوربس نے حال ہی میں تصدیق کی کہ وہ باضابطہ طور پر ارب پتی شخصیات کی اس فہرست میں شامل ہو چکی ہیں جس میں ان سے قبل انکے شوہر جیزی، ٹیلر سوئفٹ، ریحانہ اور بروس اسپرنگسٹین موجود ہیں اور اب بیونسے پانچویں موسیقار و گلوکار کے طور پر اس میں داخل ہوئی ہیں۔

بھٹو کی سزا کا فیصلہ آنے سے پہلے ہی پھانسی کا معلوم ہو گیا تھا، سینئر اداکار شاہد کا انکشاف

پھانسی سے قبل جج کے گھر گیا کیونکہ ان سے اچھے مراسم تھے اور سزا نہ دینے کی اپیل بھی کی، بھٹو کا بہت بڑا عاشق ہوں، اداکار

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی فلم انڈسٹری کے نامور اداکار شاہد نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کا فیصلہ ہونے سے قبل ہی سزائے موت کا علم ہو چکا تھا۔تفصیلات کے مطابق پاکستان فلم ٹی وی جرنلسٹس ایسوسی کی جانب سے پاکستان کے معروف فلم اسٹار شاہد نے کراچی پریس کلب میں منعقدہ پروگرام ”گپ شپ“ میں میڈیا کے نمائندوں سے ملاقات کی۔اس موقع پر فلمسٹار شاہد نے کہا کہ کراچی سے ہمیشہ محبتیں ملیں جس کا تسلسل جاری ہے، جب بھی یہاں آتا ہوں بہت زیادہ پذیرائی دی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی فلمی صنعت کی از سر نو بحالی حکومتی سرپرستی سے ممکن ہے کیونکہ انڈسٹری کی مسلسل زبوں حالی کی وجہ ابھی چیلنجز زیادہ بڑھ چکے ہیں، اس سلسلے میں نئے سینما گھروں کی تعمیر اور فلم پروڈکشن کے حکومتی سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کے دوران میں فلمی صنعت عروج پر تھی، میں بھٹو کا بہت بڑا عاشق ہوں، ان کے دور میں مجھ سمیت دیگر اداکاروں کو جتنی پذیرائی ملی اتنی عزت پھر کبھی نہیں ملی۔اداکار شاہد نے بتایا کہ مجھے اس بات کا پتہ چل چکا تھا کہ بھٹو صاحب کا فیصلہ ہو چکا ہے، جس صبح پھانسی کا فیصلہ لکھا جانا تھا اس سے ایک رات قبل میں کیس کے جج مولوی مشتاق کے گھر پر رات کے 2 بجے پہنچا کیونکہ ان سے گھریلو مراسم تھے، انھیں نیند سے جگا کر میں نے ان سے گزارش کی کہ ذوالفقار بھٹو کو پھانسی نہ دیں۔شاہد کے مطابق جواب میں مولوی مشتاق غصے میں آ گئے اور انہوں نے کہا کہ تم کوئی سیاستدان ہو جو یہ بات کہہ رہے ہو، یاد رکھو کہ تم ایک فلمی اداکار ہو؟ انہوں نے کہا کہ بعد ازاں بھٹو کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا، جو کہ میری نظر میں پاکستان کا بہت بڑا نقصان تھا کیونکہ قائد اعظم کے بعد بھٹو کی شخصیت سیاسی اعتبار سے سحر انگیز تھی، سن 71 کی جنگ کے حوالے سے ہماری ذاتی پروڈکشن کے تحت بننے والی فلم میں پاکستانی اداروں اور افواج پاکستان نے بہت سپورٹ کیا، اس مشکل سبجیکٹ کی فلمبندی کے لیے اس وقت کے ٹینکس اور ہوائی جہاز مہیا کیے گئے۔انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے ساتھ مشترکہ فلم سازی پر کام ہونا چاہیے کیونکہ ماضی میں یہ سلسلہ کامیاب رہا ہے۔اداکار شاہد نے کہا کہ برسوں قبل فلم انڈسٹری کی بحالی کے لیے نیف ڈیک کا قیام عمل میں لایا گیا تھا، مگر نیف ڈیک نے بجائے ڈائریکٹر اور پروڈیوسرز کو سپورٹ کرنے کے خود ہی آگ اور خون کے ٹائٹل سے فلم بنا ڈالی جو باکس آفس پر ڈیڈ فلاپ ہوئی۔تقریب کے اختتام پر اداکار شاہد کو سندھی اجرک، ٹوپی پہنائی گئی۔



نک جوناس سے علیحدگی کی افواہوں پر پریانکا چوپڑا نے خاموشی توڑ دی

شادی کو آٹھ برس مکمل ہو چکے، کچھ افراد اب اس کے خاتمے کے منتظر ہیں تو یہ ان کی ذاتی سوچ ہے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا نے شوہر کے ساتھ تعلقات سے متعلق گردش کرنے والی افواہوں پر خاموشی توڑ دی۔شوبز ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق 43 سالہ اداکارہ نے پہلی بار کھل کر ان قیاس آرائیوں پر بات کی ہے جو ابتدا ہی سے اس جوڑے کے گرد منڈلاتی رہی ہیں۔حالیہ دنوں میں ان کی مبینہ علیحدگی سے متعلق بھی خبریں سامنے آئیں، جس کے بعد یہ معاملہ مزید زیر بحث آ گیا۔پریانکا چوپڑا نے کہا کہ وہ آج تک یہ نہیں سمجھ سکیں کہ ان کی شادی میں ایسی کون سی بات تھی جو بعض لوگوں کو کھٹکتی رہی۔ان کے مطابق ممکن ہے اس کی وجہ یہ ہو کہ وہ اور ان کے شوہر مختلف ثقافتی پس منظر سے تعلق رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مختلف ممالک، مذاہب، ثقافتوں اور عمر کے فرق پر شادی کے وقت جو بحث چھڑی، وہ کسی حد تک تکلیف دہ ضرور تھی تاہم انہوں نے اور ان کے شوہر نے ان باتوں کو اہمیت دینے کے بجائے اپنے رشتے کو ترجیح دی۔اداکارہ نے بتایا کہ ان کی شادی کو آٹھ برس مکمل ہو چکے ہیں اور اگر کچھ افراد اب بھی اس کے خاتمے کے منتظر ہیں تو یہ ان کی ذاتی سوچ ہے، ان کے بقول وہ اس بارے میں مزید سوچنا مناسب نہیں سمجھتیں، کیونکہ ہر شخص کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے فیصلے خود کرے اور جس کے ساتھ چاہے زندگی گزارے۔انہوں نے شوہر نک جوناس کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان میں اخلاص اور سنجیدگی جیسی خوبیاں نمایاں ہیں، جو انہیں اپنے والدین سے وراثت میں ملی ہیں۔پریانکا کے مطابق جب وہ پہلی بار نک جوناس سے ملیں تو انہیں اندازہ نہیں تھا کہ وہ بھی اسی مزاج اور سوچ کے حامل ہیں، اور یہی ہم آہنگی ان کے رشتے کو مضبوط بناتی ہے۔

☆☆☆☆☆

گوری خان کا کمال، 100 سال پرانے آبائی گھر کو لگژری ریزورٹ بنا دیا

گوری خان بچپن میں اپنے خاندان اور کزنز کے ساتھ کئی موسم گرما کی تعطیلات گزارہ کرتی تھیں



ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان کی اہلیہ اور انٹیریئر ڈیزائنر گوری خان نے اپنے 100 سال پرانے آبائی گھر کو لگژری ریزورٹ میں تبدیل کر دیا جہاں ایک رات قیام کے چارجز 1 لاکھ 20 ہزار روپے تک ہو سکتے ہیں۔یہ ایک حقیقت ہے کہ گوری خان ایک سپر اسٹار کی اہلیہ ہیں لیکن انہوں نے ہمیشہ اپنی انفرادی شناخت برقرار رکھی ہے، خاص طور پر اپنے پیشے کے طور پر انہوں نے انٹیریئر ڈیزائنر کا کام جاری رکھا اور کئی مشہور شخصیات کے گھروں کو خوبصورت بنایا۔انہوں نے منت میں بھی اپنی ہنر مندی کے جوہر دکھائے جہاں ان کے شوہر شاہ رخ خان اور بچے ان کے ساتھ رہائش پذیر ہیں، حال ہی میں انہوں نے ایک انتہائی ذاتی منصوبے پر کام شروع کیا اور اپنی 1933 کی آبائی جائیداد کو دوبارہ تعمیر کر کے 6 بیڈروم والا ولا بنایا جو ڈلہاسی میں واقع ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق 100 سال پرانی خاندانی جائیداد اب ایک لگژری ریزورٹ میں تبدیل ہو چکی ہے، جو عام لوگوں کیلئے پہاڑی مناظر کے ساتھ دستیاب ہے، یہ وہ جگہ ہے جہاں گوری خان بچپن میں اپنے خاندان اور کزنز کے ساتھ کئی موسم گرما کی تعطیلات گزارہ کرتی تھیں۔گوری خان کی کزن رستم تیواڑی نے اس لگژری ریزورٹ کی تیاری میں ان کے ساتھ کام کیا، یہ گھر گوری خان کے ماموں تیجندر تیواڑی کی ملکیت ہے۔

بقیہ نمبر 1

2 کی شق 7 کے تحت جبکہ گورنر راج کے نفاذ کے کاغذات آرٹیکل234 کی شق 3 کے تحت پیش کیے گئے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایمر جنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق صدارتی اعلان مشترکہ اجلاس میں پیش کیے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا دلخراش واقعہ آیا، چھت گرنے سے بچے اور اساتذہ شہید ہوئے، پشاور اسکول واقعے میں شہید ہونے والے بچوں کیلئے دعا مغفرت کی گئی، بچوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمر جنسی اور گورنر راج کی توثیق کیلئے قواعد معطل کرنے کی تحریک مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، تحریک وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ صدر مملکت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمر جنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، اپوزیشن اراکین نے پارلیمنٹ کے سیشن میں احتجاج شروع کر دیا۔ اپوزیشن اراکین بازوؤں پر کالی پٹیاں باندھ کر اجلاس میں شریک ہوئے، اپوزیشن نے گنتی چیلنج کر دی۔ اسپیکر نے قرارداد کے حق اور مخالفت میں اراکین کو گننے کی ہدایت کی، خیبر پختونخوا میں ایمر جنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں 214 اراکین نے حمایت کی، 56 اراکین نے قرارداد کی مخالفت کی۔ مشترکہ اجلاس میں ایمر جنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق قرارداد پر بحث شروع ہوئی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی تقاضا پورا کرنے کیلئے آج کا اجلاس بلایا گیا ہے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اس پر بات ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے سوال ہوں گے تو جواب دیں گے، کچھ لوگوں نے اس اقدام بارہ اکتوبر سے جوڑا۔ ایپکس کمیٹی کے اجلاس اسلام آباد اور پشاور میں ہوتے رہے، صوبے میں ایک روز میں لکی مروت، ٹانک، باجوڑ میں واقعات ہوئے، ایسے وقت میں وزیر اعلیٰ کو لانگ مارچ کی بجائے ہسپتال میں ہونا چاہیے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں کہا کہ جن حالات میں ہمارا ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری اندرونی خامیوں کا نتیجہ ہے، آئین بڑی مشکل سے بنا پاکستان ٹوٹنے کے بعد، پاکستان ٹوٹا بھی ہماری انا کی وجہ سے، سکندر مرزا سے متعلق مشہور ہے یہ اس بندے کا نواسہ ہے جس نے سراج دولا کو دھوکا دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ نے گورنر راج لگایا، آپ بھی اس میں کود پڑے، قوائد وضوابط میں ہماری طرح آپ کے لیے بھی حدود ہے، آپ یہاں بیٹھے تھے آپکی وردیاں پہن کر ادارے 8 ممبران کو اٹھا کر لے گئے، مذاکرات اس بات پر ہونگے پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہوگی، صوبوں کے وسائل پر ان کا حق ہوگا، بیٹھیں غیر مشروط مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان ہاتھوں کو روکیں گے، جمہوریت پر یقین رکھنے والی جماعتوں کا محاذ بنائینگے، گیارہ بارہ لوگوں کو گولیاں ماری گئیں، کیا احتجاج کرنا جرم ہے، لوگوں نے ردعمل دیا آپ کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، کیا لوگوں نے بچے اس لیے جنے کے آپ گولیاں ماریں، ہمارے وزیر اعلیٰ، ایم پی ایز کو اغوا کیا، آپ اغوا کار ہیں آپ دہشت گرد ہیں۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ فروری الیکشن آپ کھائیں قسم کیا آپ جیتے ہیں، کونسی دہشتگردی کی بات کر رہے ہیں، سوئیٹ یونین میں آپ نے فرنٹ اسٹیٹ بنایا، دہشتگردوں کو ٹریننگ آپ نے دی، 6 ہزار دہشت گردوں کو وہاں پہنچایا گیا، کیا اس کا ذمہ دار سہیل آفریدی ہے، دہشتگردی آپ لیکر آئے سہیل آفریدی اس وقت بچہ تھا۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ دنیا کہتی تھی دنیا کا سب سے خطرناک دہشت گرد آپ کے پاس ہے ہم انکاری تھے، 2 ہیلی کاپٹر آئے اور ہماری سالمیت کی دھجیاں بکھیری گئیں، افغانستان کے باڈر پر 20 فٹ کی دیوار کھڑی کر دی، دہشت گرد کہاں سے اڑ کر آتے ہیں، طالب آپ کی تخلیق ہے۔ سینیٹر شیری رحمان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اچکزئی صاحب مارشل لا کی بات نہ کریں، ہم سے پوچھیں مارشل لا میں کیا ہوتا ہے، آپ کی حکومت میں ٹی ٹی پی فائٹرز کور ہا گیا

بقیہ نمبر 2

ہے کہ خیبر پختونخوا واحد اسمبلی تھی جو آئینی تھی مگر ان کو بھائی نہیں تھی۔ اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بینظیر بھٹو اور نواز شریف جیسے سیاسی رہنماؤں نے جمہوریت کے لیے کوششیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ 58 ٹو بی جو 5 اسمبلیاں نگل چکی تھی، ایک دن میں ختم ہوگئی، سیاسی رہنماؤں کی کوشش سے لندن میں چارٹر آف ڈیموکریسی ہوا۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ 2024 کا الیکشن جس طرح ہوا سب کے سامنے ہے۔ خیبر پختونخوا واحد اسمبلی تھی جو آئینی تھی مگر ان کو بھاتی نہیں تھی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے بتایا کہ کئی معاملات طے پا گئے تھے۔ ہم نے پارلیمان کو مضبوط کرنے کی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ جو الیکشن کا انچارج تھا، رات ڈھائی بجے ٹیم سمیت میرے گھر آ گیا، کوئی قالین کا تحفہ بھی لائے تھے، میں نے قلم کا تحفہ دیا، پشین اور چمن سے قومی اسمبلی کا الیکشن لڑ رہا تھا۔ چار صوبائی حلقوں سے بھی الیکشن لڑ رہا تھا۔ پشین کی ایک سیٹ سے مولانا کے امیدوار کے حق میں دستبردار ہوا۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ مولانا کے امیدوار کو ہمارے 30 ہزار ووٹ پڑے جبکہ میری چار سیٹیں چھینی گئیں۔ اس موقع پر سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ گورنر راج یا ایمر جنسی سمجھ لیں کہ مارشل لا ہی ہے، 12 اکتوبر کو دو تہائی اکثریت رکھنے والی جماعت کو گھر بھیجا گیا، 11 اکتوبر بھی ان ہی لوگوں نے کیا جو 12 اکتوبر کو رو رہے تھے

بقیہ نمبر 3

گا۔ اجلاس میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سے متعلق سوالات دریافت اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن سرکاری دفاتر میں عوامی مسائل کے جلد حل کے لیے اقدامات اٹھانے سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ اجلاسم یں حق دو تحریک کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلدیاتی اداروں کو موثر بنانے کے لیے مناسب مالی وسائل، انتظامی اختیار، افراد قوت سمیت دیگر اقدامات اور بلدیاتی انتخابات کے بروقت انعقاد کی قرارداد پیش کریں گے۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی دالی تا ماشکیل اور دالی تا بسیمہ سڑکوں کی تعمیر و بحالی جبکہ رکن اسمبلی سید ظفر آغا ضلع پشین میں نئے ڈیموں کی تعمیر اور پہلے سے تعمیر شدہ ڈیموں کی مرمت اور بحالی، صفائی کی الگ الگ قرار دادیں پیش کریں گے۔

بقیہ نمبر 4

ں مالی سال تقریباً 4 فیصد معاشی ترقی حاصل کرنے کی پوزیشن میں ہیں، معیشت گزشتہ تین برس میں سکڑنے سے نکل کر بحالی کی جانب بڑھی ہے، گزشتہ مالی سال معاشی شرح نمو 3.7 فیصد رہی، سٹیٹ بینک نے معاشی ترقی کی شرح 3.5 سے 4.5 فیصد رہنے کی توقع ظاہر کی ہے، بڑی صنعتوں کی پیداوار اور زرعی شعبے خصوصا لائیواسٹاک میں بہتری کے آثار ہیں۔ اٹلانٹک کونسل کے مائیکل کوگل مین سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ عالمی تنازعات اور معاشی غیر یقینی صورتحال کے باوجود معیشت میں بہتری کا سلسلہ جاری ہے، حکومت مہنگائی، ترسیلات زر اور کرنٹ اکاؤنٹ کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے، رواں مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ کا توازن جی ڈی پی کے صفر سے یا یک فیصد کے درمیان رہنے کی توقع ہے، پاکستان کو قرض لینے والے ممالک کے پلیٹ فارم کی گورننگ کونسل کی سربراہی ملنا اہم پیشرفت ہے، یہ پلیٹ فارم تجربات، کامیاب پالیسیوں اور بہترین طریقہ کار کے تبادلے کیلئے قائم کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم قرضوں کی تنظیم نو یا لابنگ کے بجائے باہمی تعاون اور تجربات سے سیکھنے کا فورم ہے، قرض لینے والے ممالک کی پہلی مشترکہ ورکشاپ مالدیپ، اگلی ورکشاپ جنوری میں مصر میں ہوگی، پاکستان یکم نومبر سے جی 24 کی سربراہی سنبھالے گا۔ انہوں نے کہا کہ جی 24 کی سربراہی پاکستان کو ترقی پذیر ممالک کی آواز اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرے گی، عالمی مالیاتی اداروں کو زیادہ موثر، تیز رفتار اور بروقت معاونت فراہم کرنی چاہیے، معاشی استحکام ضروری ہے لیکن اصل منزل سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی ہے، ماضی میں کھپت اور درآمدات پر مبنی ترقی کے باعث ادائیگیوں کے توازن کے مسائل پیدا ہوئے، حکومت سرمایہ کاری اور برآمدات کے ذریعے پائیدار ترقی کو فروغ دینا چاہتی ہے، برآمدکنندگان کیلئے ٹیکس میں رعایت، ٹیرف میں کمی اور کاروباری لاگت کم کرنے پر توجہ ہے، حکومت عالمی منڈیوں میں مسابقت بڑھانے کیلئے برآمدی شعبے کو سہولتیں فراہم کر رہی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال پاکستان کی آئی ٹی خدمات کی برآمدات 4.6 ارب ڈالر رہیں، رواں مالی سال 5.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، اصلاحات منصوبہ بندی سے آگے بڑھ کر عملی نفاذ کے مرحلے میں داخل ہو چکی ہیں، گزشتہ دو مالی سال میں ٹیکس محصولات میں 40 فیصد اضافہ ہوا، ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 9 فیصد سے کم سے بڑھ کر تقریباً 10.3 فیصد ہو گیا، ٹیکس نیٹ میں وسعت، موثر نفاذ، ڈیجیٹل نگرانی اور ای انوائسنگ پر توجہ دی جا رہی ہے، فیس لیس کسٹمز کے بعد انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس میں بھی فیس لیس نظام متعارف کرانے پر کام جاری ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مربوط ڈیٹا بیس اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے ٹیکس اسیسمنٹ اور آڈٹ کا نظام بہتر بنایا جا رہا ہے، ٹیکس نظام میں صوابدیدی اختیارات کم کر کے شفافیت، اعتماد اور ادارہ جاتی ساکھ بہتر بنانا چاہتے ہیں، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری اور ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ پر کام جاری ہے، انشورنس کمپنیوں اور دیگر مالیاتی اداروں کی نجکاری بھی حکومت کے فعال منصوبوں میں شامل ہے، قومی ایئر لائن کی نجکاری میں بڑے پاکستانی کاروباری گروپس کی شرکت اعتماد کی عکاس ہے، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی سامنے آ رہی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پہلی 3 بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کیلئے تین

ترک کمپنیاں ڈیوڈیلیجنس کے مرحلے میں ہیں، گزشتہ مالی سال پاکستان میں 11 آئی پی اوز آئے، پہلے 3 ماہ میں مزید 5 آئی پی اوز سامنے آئے، مقامی سرمایہ کاروں کا اعتماد اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری پائیدار معاشی ترقی کے لئے اہم ہے، علاقائی درجہ بندی میں تبدیلی کے باعث غربت کے علاقائی اعداد و شمار کا تناظر بھی تبدیل ہوا ہے، غربت سے نمٹنے کیلئے فوری سماجی معاونت اور طویل مدتی اقدامات جاری ہیں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے لیے 838 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، بینظیر کفالت پروگرام کے تحت نقد امداد کی رقم میں آئندہ سال جنوری سے اضافہ کیا جائے گا، سستے مکانات کیلئے تقریباً 80 ارب روپے تقسیم اور 430 ارب کی فنانسنگ منظور کی جا چکی ہے۔ پیٹرولیم قیمتوں کے اثرات کم کرنے کیلئے ہدفی سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے، ہدفی سبسڈی سے اب تک تقریباً ایک کروڑ منفرد صارفین مستفید ہوئے ہیں، غربت کا مستقل حل پائیدار معاشی ترقی، روزگار کے مواقع، تعلیم، صحت اور ہنرمندی کے فروغ میں ہے، پاکستان تجارت اور سرمایہ کاری پر مبنی اقتصادی شراکت داری کو فروغ دینا چاہتا ہے، پاکستان تمام دوطرفہ اور کثیرالجہتی شراکت داروں کی معاونت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، بیرونی قرضوں کا تقریباً 40 فیصد کثیرالجہتی اداروں سے حاصل کردہ قرضوں پر مشتمل ہے، پاکستان نے پانڈا بانڈ 2.5 فیصد شرح سود پر جاری کیا، سرمایہ کاروں کی طلب جاری کردہ رقم سے پانچ گنا سے زائد رہی، پاکستان نے ستمبر میں یورو بانڈ کے ذریعے بھی بین الاقوامی سرمایہ مارکیٹ تک رسائی حاصل کی۔

بقیہ نمبر 5

گئیں۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے۔ سی سی پی او میاں سعید کے مطابق نجی اسکول کے مالک کو گرفتار کر لیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آخری اطلاعات تک چھت کے ملبے تلے دبے مزید بچوں اور اسکول کے عملے کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن جاری تھا۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر نے واقعے سے متعلق انکوائری کمیٹی قائم کر دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انکوائری کمیٹی چھت گرنے کی وجوہات کا پتہ لگائے گی۔ سیکریٹری تعلیم عنایت اللہ وسیم نے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایم ڈی پی ایس آر اے سے (آج) جمعہ تک رپورٹ طلب کر لی۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ اسکول کی چھت کمزور ہے، چھت میں ٹی آئرن اور چوکے استعمال کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا ہے کہ چھت پر 110 سے 115 تک بچے موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کر سکی اور گر گئی، چھت گرنے سے بچے ملبے تلے دب گئے اور اس سے اموات ہوئیں۔ پولیس تفتیشی افسر کے مطابق اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، ناقص میٹریل کے استعمال پر اسکول مالک کو گرفتار کیا گیا ادھر مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا شمر ہارون بلور نے کہا کہ پشاور کی دیر کالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کا افسوس ناک واقعہ پیش آیا جس پر دلی دکھ اور افسوس ہے۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ دریں اثناء گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی۔ فیصل کریم کنڈی نے حکام کو زخمی بچوں کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔ دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری نے پشاور میں سکول کے المناک حادثے میں بچوں اور اساتذہ کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے صدمے اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس دلخراش سانحہ نے پوری قوم کو صدمے سے دوچار کر دیا۔ صدر مملکت نے جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور غمزدہ خاندانوں کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر جمیل دے۔ صدر نے حادثے میں زخمی ہونے والوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔ صدر زرداری نے متعلقہ حکام کو زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد پہنچانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ صدر مملکت نے حادثے کی وجوہات کا تعین کرنے کے لیے جامع تحقیقات اور مستقبل میں ایسے المناک واقعات کی روک تھام کیلئے تعلیمی اداروں کی عمارتوں کے حفاظتی معیار کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پشاور میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر گہرے افسوس اور رنج کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے افسوس ناک واقعے میں معصوم بچوں سمیت جاں بحق ہونے والوں کی بلندی درجات کی دعا کی۔ وزیر اعظم نے جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور ان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وزیر اعظم نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا اور انہیں ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے امدادی کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 6

ئی ایف سی کی مؤثر سہولت کاری اور مسلسل فالو اپ کے باعث ستمبر کے دوران پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری دی گئی جس سے 76 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے ان منصوبوں سے ٹیکسٹائل، کیمیکلز، زرعی پروسیسنگ اور دیگر صنعتی شعبوں میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، جبکہ ان شعبوں میں 7 ہزار سے زائد ممکنہ روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونے کی توقع ہے۔ ایس آئی ایف سی پاکستان کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری بڑھانے اور صنعتی منصوبوں کو عملی شکل دینے کیلئے مسلسل سہولت کاری فراہم کر رہی ہے اسی سلسلے میں زیر التوا درخواستوں پر پیش رفت اور کاروباری منصوبوں کی منظوری کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں نئی سرمایہ کاری اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ سے ملک میں معاشی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملنے کی توقع ہے، جبکہ مختلف صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی راہ بھی ہموار ہوگی

بقیہ نمبر 7

ظاہر نہ کرنے والے امریکی حکام کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے محکمہ دفاع کو یہ منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت کی تھی۔ امریکی عہدادار کا کہنا تھا کہ گزشتہ ہفتے کیمپ ڈیوڈ میں نائب صدر کی زیر قیادت اعلیٰ حکام نے ان منصوبوں پر غور کیا تھا۔ امریکی اخبار کا یہ بھی کہنا تھا کہ صدر ٹرمپ نے حال ہی میں سفارتی مذاکرات میں پیش رفت کا حوالہ دیا تھا اور صدر ٹرمپ چند ماہ میں ایران اور حوثیوں کے خلاف بڑے فوجی آپریشنز کی 5 تجاویز بھی مسترد کر چکے ہیں۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ نے گزشتہ روز کہا تھا کہ امریکا نومبر میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کرے گا۔ دوسری جانب امریکا نے رواں ماہ ایران کے قریب سمندری حدود میں اپنا تیسرا طیارہ بردار جنگی جہاز بھی تعینات کیا ہے۔ ادھر تہران نے بحری جہازوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں

بقیہ نمبر 8

معاشی استحکام کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں شفافیت، کارکردگی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ترجیح دی جائے گی، پی پی پیز کے ذریعے بنیادی ڈھانچے اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں نجی سرمایہ کاری بڑھانا ہوگی۔ نجکاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ نجی شعبے کو آگے لے جانے کا اہم ذریعہ ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ معاشی ترقی کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان شراکت داری مزید مضبوط بنانا ہوگی۔ معاشی استحکام مشکل فیصلوں کے نتیجے میں حاصل ہوا، اسے مستقل بنانا ہے۔ پاکستان کو دوبارہ عروج وزوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مجموعی خسارہ 12.5 فیصد سے کم ہو کر 2.6 فیصد رہ گیا ہے۔ ایف بی آر کی ٹیکس وصولیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، ایف بی آر کی آمدن میں گزشتہ چند برسوں کے دوران 40 فیصد اضافہ ہوا، ایف بی آر کا ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 8.8 فیصد سے بڑھ کر 10.3 فیصد ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی سروسز کی برآمدات گزشتہ مالی سال 4.6 ارب ڈالر رہیں، آئی ٹی برآمدات میں فری لانسرز نے 1.6 ارب ڈالر کا حصہ ڈالا۔ اشیا کی برآمدات تقریباً 30 ارب ڈالر پر برقرار ہیں۔ اس شعبے میں مزید کام کرنا ہوگا، توانائی، سرکاری اداروں، ٹیکس اور نجکاری کے شعبوں میں اصلاحات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 9

ہی ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ رائز پروگرام، وومن بازارز اور خواتین کی معاشی خودمختاری کے فنڈ کے ذریعے خواتین کے لیے روزگار، کاروبار اور آمدن کے نئے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ خواتین کاروباری شخصیات کے لیے آرٹیفیشل انٹیلیجنس لیب اور کاروباری تربیت کے پروگرام بھی اسی سلسلے کی اہم کڑیاں ہیں، جن کا مقصد خواتین کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ مہارتوں اور کاروباری مواقع تک رسائی فراہم کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دیہی اور دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین کو تعلیم، صحت، روزگار اور مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنا ضروری ہے۔ زراعت، لائیو اسٹاک، آبی وسائل کے تحفظ اور پائیدار ذرائع معاش کے فروغ کے ذریعے دیہی خواتین کی معاشی استعداد میں اضافہ کیا جا سکتا ہے، جس سے نہ صرف ان کی زندگیوں میں بہتری آئے گی بلکہ مقامی معیشت بھی مضبوط ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری سے

حب شہر کے بیشتر علاقوں میں دن بھر بجلی کی سپلائی کا سلسلہ بند رہا

بجلی کی فراہمی معطل ہونے سے گھریلو صارفین، کاروباری حضرات اور دیگر معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہو کر رہ گئے

مدینہ کالونی، برفت اسٹریٹ، اسد چوک، موندرہ کالونی اور عزیز آباد سمیت دیگر علاقوں میں طویل بجلی کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

حب (نمائندہ بولان) حب شہر کے بیشتر علاقوں میں دن بھر بجلی کی سپلائی کا سلسلہ بند رہا، بجلی کی فراہمی معطل ہونے سے گھریلو صارفین، کاروباری حضرات اور دیگر معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہو کر رہ گئے، K الیکٹرک انتظامیہ رات گئے تک بجلی کی سپلائی بحال کرنے میں بری طرح ناکام رہی۔ تفصیلات کے مطابق زہری اسٹریٹ، مدینہ کالونی، برفت اسٹریٹ، اسد چوک، موندرہ کالونی اور عزیز آباد سمیت دیگر علاقوں میں طویل بجلی کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ شدید گرمی میں رات بجلی کے بغیر گزارنے پر مجبور ہو گئے، بجلی کی بندش کے حوالے سے K الیکٹرک انتظامیہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)



حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کو گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کے دورے کے موقع پر کالج انتظامیہ مسائل سے آگاہ کر رہی ہے

تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، جمعہ داد مندوخیل

ڈپٹی کمشنر حب کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج حب اور سول ہسپتال کا دورہ

کالج کے مختلف شعبوں، تدریسی سرگرمیوں اور کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا

حب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر حب نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج حب اور سول ہسپتال کا دورہ کیا ڈی سی نے ڈی سی کمپلیکس کے جاری ترقیاتی کام کا بھی معائنہ کیا، ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج حب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کے مختلف شعبوں، تدریسی سرگرمیوں اور کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر حب نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور کالج میں جاری تدریسی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا اس موقع پر پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7پر)

انٹربینک میں ڈالر 3 پیسے سستا، 276 روپے 92 پیسے پر بند

کراچی (این این آئی) انٹربینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق جمعرات کو کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قیمت 3 پیسے کمی کے بعد 276 روپے 92 پیسے رہی، جبکہ کاروبار کے آغاز (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

پنجاب کے سرکاری سکولوں کے اساتذہ کے ای ٹرانسفر راؤنڈ کا شیڈول جاری

ترقی پانے والے، تعیناتی کے منتظر، آؤٹ سورس سکولوں میں تعینات اساتذہ تبادلوں کیلئے درخواستیں دے سکیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری سکولوں کے اساتذہ کے ای ٹرانسفر راؤنڈ کا شیڈول جاری کر دیا گیا، ترقی پانے والے، تعیناتی کے منتظر اور آؤٹ سورس سکولوں میں تعینات اساتذہ تبادلوں کے لیے درخواستیں دے سکیں گے۔ اساتذہ کے تبادلوں کے لیے آن لائن درخواستوں کی (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

ثنا اللہ مستی خیل اور داوڑ کنڈی کے لاجز سب جیل قرار

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹریٹ قومی اسمبلی کے مطابق پارلیمنٹ لاجز میں ثنا اللہ مستی خیل اور داوڑ کنڈی کے لاجز سب جیل قرار دے دیے گئے۔ اسپیکر قومی اسمبلی کے (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

خواتین کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد قابلِ تحسین اقدام ہے

رشیدہ زہری

کھلی کچہری میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی خواتین، اساتذہ، طالبات، سماجی کارکنوں اور دیگر نمائندوں کی شرکت خوش آئند ہے،

تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں خواتین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ایسے اقدامات نہایت اہم ہیں

خضدار: (نمائندہ بولان) اے ڈی سی نیشنل پروگرام رشیدہ زہری نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ خضدار کی جانب سے خواتین کے لیے پہلی مرتبہ خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد ایک مثبت اور قابلِ تحسین اقدام ہے، جس کے ذریعے خواتین کو اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز براہِ راست حکام تک (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

جامعہ کراچی کی برانڈ شناخت یکساں بنانے کے لیے کمیٹی قائم

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی کی ہدایت پر جامعہ کی ادارہ جاتی شناخت کو (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7پر)

زرمبادلہ ذخائر میں ایک ہفتے کے دوران 1 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ

ملک کے مجموعی ذخائر بڑھ کر 26 ارب 86 کروڑ 33 لاکھ ڈالر ہو گئے

،اسٹیٹ بینک کے ذخائر 21 ارب 46 کروڑ 95 لاکھ ڈالر کی سطح پر پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر میں ایک ہفتے کے دوران ایک کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد مرکزی بینک کے ذخائر بڑھ کر 21 ارب 46 کروڑ 95 لاکھ ڈالر ہو گئے۔ اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق کمرشل بینکوں کے زرمبادلہ ذخائر 5 ارب 39 کروڑ 38 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کے (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

مظفر گڑھ، بیوی نے مبینہ طور پر شوہر کو زہریلا مشروب پلا دیا، شوہر ہلاک

مظفر گڑھ (این این آئی) مظفر گڑھ میں پولیس نے شوہر کے قتل کے الزام میں بیوی کو حراست میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق مظفر گڑھ کی تحصیل علی پور کے علاقے میں ایک شخص کو قتل کیا گیا جس پر مقتول کو اہلیہ کو شک کی بنیاد پر (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی (DCC) کا اجلاس

متعلقہ محکموں کے افسران، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے نمائندگان نے شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی (DCC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں کے افسران، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں امن و امان، سرکار (بقیہ 47 صفحہ 7پر)



تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام احتجاجی جلوس کی قیادت نواب ایاز جوگیزئی، عبدالرحیم زیارتوال، عبدالرؤف اور ڈاکٹر حامد اچکزئی کر رہے ہیں

اساتذہ نے اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے بہرام پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم کر کے شدید نعرے بازی کی

احتجاجی کیمپ میں بڑی تعداد میں اساتذہ نے شرکت کی جبکہ پیپلز پارٹی اور شہری ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے بھی اساتذہ سے اظہار یکجہتی کے لیے کیمپ کا دورہ کیا

بہرام (رپورٹ: محمد صادق کھوسو) تعلقہ میروخان کے پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن کے اساتذہ نے اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے بہرام پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم کر کے شدید نعرے بازی کی۔ احتجاجی کیمپ میں بڑی تعداد میں اساتذہ نے شرکت کی جبکہ پیپلز پارٹی اور شہری ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے بھی اساتذہ سے اظہار یکجہتی کے لیے کیمپ کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق تعلقہ میروخان کے پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر طارق احمد ابڑو، جنرل سیکریٹری حسن رحیم بروہی اور آفس سیکریٹری خالد علی بھٹی کی قیادت میں اساتذہ نے اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے احتجاج کیا۔ اس (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

دیر کالونی سکول حادثہ، مولانا عطا الحق درویش اور اسد قیصر کا اظہارِ افسوس

صوابی (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ضلع صوابی کے سابق امیر اور خیبر پختونخوا کے سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عطا الحق د(بقیہ 65 صفحہ 7پر)

ایف اے او کے زیر اہتمام ویکسی نیشن کیمپ کا انعقاد

ویکسی نیشن مہم میں ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر عبدالصمد رونجھو، امیر فیصل اور اللہ بچایا نے حصہ لیا

بیلا (نمائندہ بولان) ایف اے او کے زیر اہتمام ویکسی نیشن کیمپ کا انعقاد، کنڈالہ میں 1200 بھیڑ بکریوں کی ویکسینیشن تفصیل کے مطابق اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک و زراعت) ایف اے او (کے زیر اہتمام ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک لسبیلہ ڈاکٹر اللہ بچایا لاسی کی زیر نگرانی میں ماس (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

صوابی بازار میں تجاوزات کے خلاف آپریشن، خلاف ورزی کرنے والے گرفتار

صوابی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر صوابی نصر اللہ خان کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر صوابی عدنان ممتاز خٹک کی (بقیہ 64 صفحہ 7پر)

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے

ڈی سی نصیر آباد

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کا چھٹی کے روز عوامی فلاح و بہبود کے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ تعمیراتی کاموں اور معیار کا جائزہ لیا

عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کا چھٹی کے روز عوامی فلاح و بہبود کے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ تعمیراتی کاموں اور معیار کا جائزہ لیا واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے ایس ڈی او بلڈنگ عابد علی پہنور، اور ایس ڈی او روڈز ذوالفقار علی لہڑی کے ہمراہ سرکاری امور کی انجام دہی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے واپڈا کالونی میں زیرِ تعمیر باؤنڈری وال (چار دیواری) اور حفاظتی دیوار ٹراما سینٹر کی بحالی و مرمت گورنمنٹ بوائز اسپیشل اسکول کی مرمت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شہید سہیل اسلم کی مرمتی سرگرمیوں اور انفارمیشن ٹیکنالوجی حب (آئی ٹی ہب) کے قیام سے متعلق جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر (بقیہ 56 صفحہ 7پر)



حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال دورے کے موقع پر وارڈز میں دی جانے والی سہولیات کا جائزہ رہے ہیں

ملک و قوم کی سیکیورٹی پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، شازیہ مری

کاش آپ بتا سکتے کہ صوبائی حکومت نے کس طرح دہشتگردوں کا مقابلہ کیا، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن پارلیمنٹ شازیہ مری نے کہا ہے کہ ملک و قوم کی سیکیورٹی پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)

ملک میں رواں سال مون سون کا سیزن گرم ترین ریکارڈ

7 سال بعد ملک کو ایسی صورت حال کا سامنا ہے، بارشوں میں کمی جبکہ کہیں غیر متوقع بارشیں ہوئیں

لاہور (این این آئی) رواں سال مون سون سیزن 7 سال بعد دوسری مرتبہ پاکستان کی تاریخ کا گرم ترین سیزن ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق مون سون 2026ء لگ بھگ 7 سال بعد پاکستان کی تاریخ کا گرم ترین سیزن قرار پایا، مون سون سیزن کے (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

سیمنٹ کی صنعت میں بہتری، مجموعی ترسیلات میں 3.9 فیصد اضافہ

پہلی سہ ماہی میں مقامی ترسیلات ایک کروڑ 8 لاکھ 50 ہزار ٹن ہو گئیں

برآمدات 11.4 فیصد کم، فی بوری اوسط قیمت 1549 روپے تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) ملک میں سیمنٹ کی صنعت کی کارکردگی میں بہتری دیکھی گئی ہے اور مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران مجموعی ترسیلات میں سالانہ بنیادوں پر 3.9 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق ستمبر میں سیمنٹ کی مجموعی ترسیلات 6 فیصد اضافے سے 46 لاکھ 20 ہزار ٹن ہو گئیں، جبکہ مقامی فروخت میں 7.4 فیصد اضافہ ہوا۔ پہلی سہ ماہی کے دوران مقامی ترسیلات 7.8 فیصد (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

شاہراہوں کے تحفظ کیلئے ہر محاذ پر جدوجہد جاری رکھیں گے

مولانا ہدایت الرحمٰن

۔معاشرے میں مثبت تبدیلی کے لیے کردار سازی، اخلاص، ذمہ داری اور عملی جدوجہد بنیادی اہمیت رکھتے ہیں

جماعت اسلامی قوم کو بدامنی بدعنوانی سمیت مشکلات مسائل و پریشانیوں سے نجات حقوق وسائل روزگار کی فراہمی بارڈرز و سڑکوں کے تحفظ و کھولنے کیلئے ہر محاذ پر جدوجہد کر رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی قوم کو بدامنی بدعنوانی سمیت مشکلات مسائل و پریشانیوں سے نجات حقوق وسائل روزگار کی فراہمی بارڈرز و سڑکوں کے تحفظ و کھولنے کیلئے ہر محاذ پر جدوجہد کر رہی ہے عوام کی امیدیں جماعت اسلامی سے وابستہ ہیں۔ جماعت اسلامی کی جدوجہد کا مقصد اللہ کی رضا و خوشنودی، نفاذ اسلام اسلامی نظام کا نفاذ ہے۔ نوجوانوں عوام و علمائے کرام کا جماعت اسلامی کی طرف راغب ہونا خوش آئند ہے۔ ذمہ داران ضلعی و مقامی سطح پر بھی مسائل کو اجاگر اور حل کی کوشش کی جائے۔ ان خیالات (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

سکھر: پولیس پارٹی پر حملے کا ایس ایس پی احمد چوہدری نے نوٹس لے لیا

3 ملزمان اسلحے سمیت گرفتار، 16 سے زائد افراد کے خلاف مقدمہ درج

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) سکھر کے تھانہ جھانگڑو کی حدود میں روپوش ملزمان کی گرفتاری کے لیے جانے والی پولیس پارٹی پر حملے کے واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری نے نوٹس لیتے ہوئے کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ پولیس کے مطابق واقعے میں ملوث تین ملزمان کو اسلحے سمیت گرفتار کر لیا گیا ہے، جبکہ پولیس پارٹی پر حملے، سرکاری امو(بقیہ 43 صفحہ 7پر)

سرمایہ کاروں کو ہراسانی سے تحفظ دینے کیلئے نیب کی کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) نیب نے سرمایہ کاروں کو ہراسانی سے تحفظ دینے کے لیے کمیٹی قائم کر دی اس حوالے سے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7پر)



لاہور، صنعتکار اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کر رہے ہیں

گڈانی پولیس کی کاروائی، تھانہ بیگو والا سیالکوٹ کا مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

پولیس کے مطابق ملزم پولیس تھانہ بیگولہ والا سیالکوٹ کا مطلوب تھا۔

حب (نمائندہ بولان) گڈانی پولیس کی کاروائی، تھانہ بیگو والا سیالکوٹ کا مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار، ایس ایچ او پولیس تھانہ گڈانی میٹھا خان کی پولیس ٹیم کے ہمراہ ای پولیس پوسٹ کے ذریعے کاروائی کرتے ہوئے ملزم مظہر فرید ولد طالب حسین کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق ملزم پولیس تھانہ بیگولہ والا سیالکوٹ کا مطلوب تھا۔

ظفر اقبال خان سے ان کی اہلیہ کے انتقال پر مختلف سیاسی و سماجی شخصیات قبائلی عمائدین کی تعزیت و فاتحہ خوانی

صحافی خضر طارق کی چچی کی وفات پر مختلف سیاسی، سماجی، سرکاری، مذہبی اور صحافتی شخصیات نے تعزیت کی

حب (نمائندہ بولان) ظفر اقبال خان سے ان کی اہلیہ کے انتقال پر مختلف سیاسی و سماجی شخصیات قبائلی عمائدین کی تعزیت و فاتحہ خوانی جمعرات کے روز موضع بندوی مرحوم شیر گل گوٹھ میں ریجنل ڈائریکٹر محتسب حب ریجن ظفر اقبال خان کی اہلیہ، ایڈووکیٹ جواد ظفر کی والدہ، صدر لسبیلہ بار ایسوسی ایشن ارشد محمود ایڈووکیٹ، شاہد محمود اور ایکسین واسا کوئٹہ عارف خان کی بھابی جبکہ صحافی خضر طارق کی چچی کی وفات پر مختلف سیاسی، سماجی، سرکاری، مذہبی اور صحافتی شخصیات نے تعزیت کی، تعزیت کرنے والوں میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) لسبیلہ آفتاب احمد لاسی، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ، ڈی ایچ او لسبیلہ (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

تمبو، نامعلوم مسلح افراد نے کچے مکانات مسمار کر دیئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو روپا شاخ کے علاقے میں مسلح افراد کا گاؤں پر فائرنگ اور کچے مکانات کو ٹریکٹر کے ذریعے مسمار کر دیے گئے

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تیزی، 100 انڈیکس 768 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں جمعرات کو کاروبار کا مسلسل دوسرے روز مثبت رجحان برقرار رہا اور 100 انڈیکس 768 پوائنٹس اضافے کے بعد ایک لاکھ 66 ہزار 186 پوائنٹس پر بند ہوا۔ کاروبار کے آغاز پر مارکیٹ میں تیزی دیکھی

کراچی میں دیوار اور عمارت سے گرنے کے واقعات، بچے سمیت 2 افراد جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر میں دیوار گرنے اور عمارت سے گرنے کے دو مختلف واقعات میں 6 سالہ بچے سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد دونوں لاشیں ورثا کے حوالے کر دیں۔ پولیس کے مطابق سرجانی ٹاؤن کے علاقے لیاری 36 میں خلفائے راشدین مسجد کے قریب مکان کی دیوار گرنے سے گھر میں کھیلنے والا 6 سالہ بچہ ملبے تلے دب گیا۔ بچے کو سر پر گہری چوٹیں آئیں، جس کے باعث وہ جاں بحق ہو گیا

نصیر آباد میں تعلیم کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ڈی ای او

تعلیمی اصلاحات کا مقصد ایسا سازگار ماحول فراہم کرنا ہے جہاں طلبہ کو تعلیم کے یکساں مواقع میسر ہوں، اساتذہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں بروئے کار لائیں

ضلع نصیر آباد میں سرکاری اسکولوں کی کارکردگی بہتر بنانے، اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات ناگزیر ہیں

چھتر (نامہ نگار) ضلع نصیر آباد میں سرکاری اسکولوں کی کارکردگی بہتر بنانے، اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات ناگزیر ہیں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیر آباد حفیظ اللہ کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے، تدریسی معیار بلند کرنے اور غیر حاضر اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی کے لیے اسکولوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے گی تفصیلات کے مطابق تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، جبکہ سرکاری اسکولوں میں زیرِ تعلیم بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ایک اہم قومی ذمہ داری ہے(بقیہ 53 صفحہ 7پر)

ملکی و عالمی بازار میں سونے کی قیمت برقرار

کراچی (این این آئی) ملک میں سونے کی قیمت میں جمعرات کو کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اور فی تولہ سونا گزشتہ روز کی قیمت پر برقرار رہا۔

دیہی خواتین زرعی معیشت اور غذائی تحفظ میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے عالمی یومِ دیہی خواتین کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے



استہ محمد، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور میں خاتون سے زیادتی کا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) سبزہ زار پولیس نے خاتون سے زیادتی کے (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

لاہور ڈویژن اور قصور ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کے نئے عہدیداران کا انتخاب

لاہور ڈویژن تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا اجلاس مقامی کلب کے ہال میں منعقد ہوا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور ڈویژن تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا اجلاس مقامی کلب کے ہال میں منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ لاہور، قصور، ننکانہ صاحب، اور شیخوپورہ کے تائیکوانڈو نمائندوں، کوچز، کلب انسٹرکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں لاہور ڈویژن اور قصور ڈسٹرکٹ کی نئی باڈی کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ نتائج کے مطابق برائے لاہور ڈویژن صدر وسیم شہزاد، سینئر نائب صدر را علی افسر ایوبی، نائب صدور رانا اعجاز شہزاد خان، شوکت علی گوندل، جنرل سیکرٹری ندیم علی جنجوعہ، ایسوسی ایٹ سیکرٹر(بقیہ نمبر 60 صفحہ 7پر)



نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل قیدیوں کے مسائل سن رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات، 2026 کا مون سون گرم ترین قرار

سندھ میں معمول سے 51 فیصد کم بارشیں، تربت میں درجہ حرارت 48.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں رواں سال مون سون کا موسم گزشتہ سات سال کے دوران دوسری مرتبہ گرم ترین ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول سے کم بارشیں ہوئیں اور بعض مقامات پر غیر معمولی بارشیں ریکارڈ کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے شہر تربت میں جولائی کے دوران درجہ حرارت 48.5 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

اقتدار ہمارا ہدف نہیں اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں

جمعیت نظریاتی

غیر آئینی اقدامات نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں اور مسائل سے دوچار کیا۔ حکمران جماعت نے بار بار غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل کو سیاست میں مداخلت کے لئے راستہ فراہم کیا ہے

ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کا واحد راستہ آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کی خودمختاری ہے، جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کا واحد راستہ آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کی خودمختاری ہے۔ ملک کی موجودہ سیاسی کشمکش، پارلیمانی اقدار کی پامالی اور عدلیہ یا دیگر ریاستی امور میں (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)



حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی (DCC) کا اجلاس ہو رہا ہے اجلاس میں محکموں کے افسران شریک ہیں

مہیم خان لچکی کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر آفس حب میں لوکل/ڈومیسائل کمیٹی کا اجلاس

اجلاس کے دوران لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے موصول ہونے والی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

حب (نمائندہ بولان) اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لچکی کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر آفس حب میں لوکل/ڈومیسائل کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نائب تحصیلدار (یوٹی) فدا حسین روبجھو، سمیت لوکل/ڈومیسائل کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران لوکل و (بقیہ 37 صفحہ 7پر)



حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل ڈی سی کمپلیکس کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں

سپریم کورٹ کی عدالتی و ادارہ جاتی اصلاحات پر جامع رپورٹ جاری

نومبر 2024 سے ستمبر 2026 تک کی عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات کا احاطہ کیا گیا

سپریم کورٹ کی رپورٹ میں ڈیجیٹل تبدیلی، ادارہ جاتی احتساب اور انصاف تک عوامی رسائی بہتر بنانے کے لئے اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات پر جامع رپورٹ جرنی تھرو ریفارم اینڈ انوویشن 2026 جاری کر دی۔ رپورٹ میں نومبر 2024 سے ستمبر 2026 تک کی عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات کا احاطہ اور مقدمات کے مٹ(بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)

صحت کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں سندھ سب سے آگے ہے، ریاض شاہ شیرازی

روز 500 سے زائد مریض لائے جاتے ہیں، پچاس مریضوں کی سرجری کم وسائل میں بہترین کارکردگی ہے

ایشیا و پاکستان کے پہلے ٹراما سینٹر کا اعزاز حاصل، تمام سرجیکل شعبہ جات جدید سہولیات سے آراستہ، ہفتہ آگاہی تقریبات سے خطاب

کراچی (نمائندہ بولان) شہید محترمہ بینظیر بھٹو انسٹی ٹیوٹ آف ٹراما (SMBBIT) کراچی میں ٹراما آگاہی ہفتہ 2026 کے سلسلے میں پہلے دن تقریبات کا آغاز ہو گیا۔ پہلے دن کے مہمانان خصوصی اسماعیل راہو صوبائی وزیر برائے جامعات و بورڈز اور ریاض شاہ شیرازی صوبائی وزیر اوقاف و زکوٰۃ نے SMBBIT کے ڈائریکٹر صابر میمن کے ہمراہ پرچم کشائی کی۔ مہمان خصوصی نے اپنے خطا(بقیہ 51 صفحہ 7پر)

ماڈل ہائی اسکول کھنڈر بن گیا، 1100 طلبا کی جانیں خطرے میں

ٹھیکیدار کا کام ادھورا مدت تکمیل گزرنے کے باوجود کام نامکمل، محکمہ تعلیم لسبیلہ خاموش تماشائی، اعلیٰ حکام سے فوری تحقیقات کا مطالبہ

اوتھل (نمائندہ خصوصی) ماڈل ہائی اسکول کھنڈر بن گیا، 1100 طلبا کی جانیں خطرے میں ٹھیکیدار کا کام ادھورا مدت تکمیل گزرنے کے باوجود کام نامکمل، محکمہ تعلیم لسبیلہ خاموش تماشائی، اعلیٰ حکام سے فوری تحقیقات کا مطالبہ اوتھل: صوبائی دارالحکومت سے چند سو کلومیٹر دور اوتھل کا سب سے (بقیہ 52 صفحہ 7پر)



جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عالمی بینک کے پاکستان کے دو قرض پروگراموں پر تحفظات، عمل درآمد کو نمایاں خطرات لاحق

67 کروڑ ڈالر سے زائد کے پروگراموں میں سیاسی و انتظامی مسائل، معاشی غیر یقینی اور ادارہ جاتی کمزوریاں رکاوٹ قرار

کراچی (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان میں ٹیکس اصلاحات اور ڈیجیٹل خدمات کے فروغ سے متعلق قرض پروگراموں پر عمل درآمد کو سیاسی و انتظامی مسائل، معاشی غیر یقینی اور ادارہ جاتی کمزوریوں کے باعث خطرات سے دوچار قرار دیا ہے۔ بینک کی رپورٹ کے مطابق دونوں پروگراموں کی مجموعی مالیت 77 کروڑ ڈالر ہے، جبکہ ان کی پیش رفت کو درمیانے درجے تک تسلی بخش قرار دیا گیا ہے۔ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق پروگراموں کا مقصد معاشی استحکام کو فروغ دینا، عوامی خدمات بہتر بنانا اور ٹیکس وصولیوں کا تناسب مجموعی قومی پیداوار کے 15 فیصد تک پہنچانا ہے۔ پاکستان پبلک ریسورسز فار انکلو(بقیہ 58 صفحہ 7پر)

کوچ کی ٹکر سے راہگیر جاں بحق ڈرائیور گرفتار نعش سول اسپتال بیلہ منتقل

بیلہ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثا کے حوالے کر دی

بیلا (نمائندہ بولان) کوچ کی ٹکر سے راہگیر جاں بحق ڈرائیور گرفتار نعش سول اسپتال بیلہ منتقل تفصیل کے مطابق جمعرات کی شام مین آر سی ڈی شاہراہ ٹیارہ شہزاد پمپ کے مقام پر جھاسے حب چوکی جانے والی ال رحمان کوچ کی ٹکر سے بیلا کا رہائشی عبدالماجد عرف لڈو سکنہ محلہ میتگ (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا کے محکمہ معدنیات میں 16 ارب روپے سے زائد کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

نادہندہ ٹھیکیداروں سے 4 ارب 31 کروڑ روپے کے واجبات بھی وصول نہ ہو سکے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) آڈیٹر جنرل پاکستان کی آڈٹ رپورٹ میں خیبر پختونخوا کے محکمہ معدنیات میں 16 ارب روپے سے زائد کی بے ضابطگیوں کا انکشاف کیا گیا۔ رپورٹ (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

تاجر برادری کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرینگے

قیوم آغا

صدر مرکزی تنظیم تاجران سید عبدالقیوم آغا کی وفد کے ہمراہ ترجمان کاشف حیدری سے ملاقات، تنظیمی امور اور آئندہ لائحہ عمل پر تبادلہ خیال

تاجر برادری کے جائز حقوق اور مطالبات کے لیے ہر سطح پر مؤثر آواز بلند کرتے رہیں گے، سید عبدالقیوم آغا، کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا نے وفد کے ہمراہ ہزارہ ٹاؤن کا دورہ کیا اور مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں تنظیمی امور، صوبے بھر کی تاجر برادری کو درپیش مسائل، کاروباری سرگر(بقیہ 61 صفحہ 7پر)



بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ عالمی یوم دیہی خواتین کی مناسبت سے تقریب میں لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں